www.mashriqquetta.com.pk

ABC CERTIFIED
باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت
کوئٹہ اور حب سے شائع ہونیوالا واحد قومی روزنامہ
Daily MASHRIQ QUETTA
اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق و مغرب (قرآن حکیم)
روزنامہ مشرق کوئٹہ
چیف ایگزیکٹو: سید ممتاز احمد
جلد 54 | پیر 11 جمادی الاول 1447ھ 03 نومبر 2025ء صفحات 08 | شمارہ 119
رجسٹرڈ BC-m-13 | Email. mashriqqta2008@gmail.com | PTCL081-2827345 081-2827344 | قیمت 35 روپے

انتظامی حدود کا ازسر نو تعین کیا جا رہا ہے، پالیسیز کے انضمام سے صوبے میں امن و استحکام آئیگا، وزیراعلیٰ

صوبائی حکومت اپنی تمام پالیسیوں میں وسائل کے مؤثر اور منصفانہ استعمال کو یقینی بنارہی ہے تاکہ صوبے کے دور دراز علاقوں کے عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کی جاسکیں

سنجاوی میں چار نئے پولیس اسٹیشنز قائم کیئے جائیں گے، سیٹلمنٹ کا مسئلہ حل کرینگے، جب نئے ڈویژن اور اضلاع کے قیام کا فیصلہ ہوگا تو سنجاوی کو ترجیحی بنیادوں پر شامل کیا جائے گا

پسماندہ علاقوں میں لڑکیوں کے تعلیمی اداروں کو مضبوط بنانا حکومت کی بنیادی پالیسی کا حصہ، اس مقصد کے لیے تعلیمی انفراسٹرکچر، عملے کی فراہمی اور سہولیات میں خاطر خواہ اضافہ کیا جارہا ہے

گورنمنٹ پولی ٹیکنک کالج سنجاوی کے قیام کیلئے مزید 90 ملین روپے فراہم کیے جائیں گے، میر سرفراز بگٹی کا سنجاوی میں عوامی اجتماع سے خطاب، مختلف ترقیاتی منصوبوں کا معائنہ کیا

سنجاوی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے کہا ہے کہ صوبائی حکومت اپنی تمام پالیسیوں میں وسائل کے مؤثر اور منصفانہ استعمال کو یقینی بنارہی ہے، تاکہ صوبے کے دور دراز علاقوں کے عوام کو بنیادی سہولیات ان کی دہلیز پر فراہم کی جاسکیں انہوں نے کہا کہ اگر ترقیاتی فنڈز کو درست سمت میں استعمال کیا جائے تو عوامی فلاح و بہبود کے منصوبے نہ صرف مؤثر ہوں گے بلکہ دیرپا بھی ثابت ہوں گے وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اتوار......... بقیہ 1 صفحہ نمبر 7 پر

سنجاوی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اتوار کو ایک روزہ دورے پر سنجاوی پہنچے جہاں انہوں نے علاقے میں جاری ترقیاتی منصوبوں، عوامی سہولیات اور تعلیمی اداروں کا تفصیلی جائزہ لیا وزیراعلیٰ کے ہمراہ صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ، سردار کوہیار ڈوکی، پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی، میر اصغر رند، صوبائی سیکرٹری لعل جان جعفر، سیکرٹری داود خلجی اور ڈپٹی کمشنر زیارت محمد ریاض خان داوڑ بھی موجود تھے وزیراعلیٰ میر......... بقیہ 2 صفحہ نمبر 7 پر

سلمان اکرم راجہ کی شاہ محمود قریشی سے ہسپتال میں ملاقات

سیکرٹری جنرل پی ٹی آئی نے عیادت اور سیاسی صورتحال پر تبادلہ خیال کیا

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے مرکزی جنرل سیکرٹری سلمان اکرم راجہ نے شاہ محمود قریشی کی عیادت کی۔ پی ٹی آئی کے مرکزی جنرل سیکرٹری سلمان اکرم راجہ گزشتہ روز پی کے ایل آئی ہسپتال میں شاہ محمود قریشی کی عیادت کے لیے پہنچے۔ ان کے ہمراہ شوکت بسرا اور......... بقیہ 5 صفحہ نمبر 7 پر

آزاد، باخبر اور ذمہ دار صحافت جمہوری معاشرے کی بنیاد ہے، شہباز شریف

حکومت صحافیوں کے خلاف جرائم کے معاملات میں مؤثر تفتیش، انصاف کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کرے گی

آزادیٔ صحافت کے تحفظ اور صحافیوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنے کیلئے پُرعزم ہیں، وزیراعظم کا عالمی دن کے موقع پر پیغام

وزیراعظم کی انڈیپنڈنٹ گروپ کی برتری پر مبارک باد، وکلا برادری نے سیاسی وابستگیوں سے بالاتر ہو کر اصولی مؤقف اپنایا

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ حکومت صحافیوں کے خلاف جرائم کے معاملات میں مؤثر تفتیش، انصاف اور قانونی کارروائی کو یقینی بنانے کے لیے اقدامات کرے گی جب کہ ہم آزادیٔ صحافت کے تحفظ اور صحافیوں کو محفوظ ماحول فراہم کرنے کیلئے پُرعزم ہیں۔ وزیراعظم آفس سے صحافیوں کے خلاف جرائم کے خاتمے کے عالمی دن کے موقع پر جاری بیان میں شہباز شریف کا کہنا تھا کہ آج کا دن ہمیں اس حقیقت کی یاد دہانی کراتا ہے کہ آزاد، باخبر اور ذمہ دار صحافت کسی بھی جمہوری معاشرے کی بنیاد ہے۔ انہوں نے......... بقیہ 6 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: کاسی، بحریہ ٹاؤن الاٹیز کمیٹی کے متاثرین پریس کلب کے سامنے مظاہرہ کررہے ہیں

سنجاوی: وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی صوبائی وزیر نور محمد دمڑ کی رہائش گاہ پر عوامی اجتماع سے خطاب کررہے ہیں

جوہری تنصیبات کو مزید طاقت کیساتھ دوبارہ تعمیر کرینگے، ایران کا اعلان

عمارتوں اور فیکٹریوں کو تباہ کرنے سے ہمیں کوئی مسئلہ نہیں ہوگا، ہم انہیں دوبارہ تعمیر کریں گے، مسعود پزشکیان

ایران کا جوہری پروگرام مکمل طور پر غیر فوجی مقاصد کے لیے ہے، ہمارا ملک ایٹمی ہتھیار بنانے کا ارادہ نہیں رکھتا

جوہری پروگرام عوام کے مسائل حل کرنے اور بیماریوں کے علاج اور عوام کی صحت کے لیے ہے، ایرانی صدر

تہران (م ڈ) ایران کے صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ایران اپنی جوہری تنصیبات کو مزید طاقت کے......... بقیہ 4 صفحہ نمبر 7 پر

فتنہ الخوارج و ہندوستان افغان سرزمین پاکستان میں دہشتگردی کیلئے استعمال کر رہے ہیں طالبان رجیم ٹی ٹی پی کی دراندازی روکے، عطا تارڑ

جھوٹے بیانات سے حقائق کو نہیں بدلا جاسکتا، کابل حکومت دہشتگردوں کی پشت پناہی کر رہی ہے، خواجہ آصف

خواتین، بچوں اور اقلیتوں پر جبر افغان طالبان کا اصل چہرہ ہے، وزیر دفاع، افغان حکومت کو عملی اقدامات کرنے ہونگے، اب افغان طالبان کے پاس بہانے بنانے کی کوئی گنجائش نہیں، وزیراطلاعات

اسلام آباد (شاکر رحمان) پاکستان نے افغان طالبان کا پروپیگنڈہ مسترد کردیا جب کہ وزیر دفاع خواجہ آصف نے افغان ترجمان کے بیانات کو گمراہ کن قرار دیتے ہوئے کہا کہ خیبرپختونخوا کے عوام بھارتی پراکسیز سے واقف......... بقیہ 3 صفحہ نمبر 7 پر

انتھک کاوشوں سے معیار تعلیم کی بہتری میں کامیاب ہوئے، جعفر مندوخیل

مثبت نتائج برآمد ہونا شروع ہونے لگے ہیں، صوبے کی بعض جامعات کو بحرانوں سے کامیابی کیساتھ نکال دیا

اساتذہ اب وقت پر اپنی تنخواہ وصول کر رہے ہیں، کارکردگی کی بنیاد پر نوجوانوں میں اعتماد پیدا کرینگے، بیان

کراچی / کوئٹہ (آن لائن) گورنر بلوچستان جعفر خان مندوخیل نے کہا کہ کافی چیلنجوں سے گزرنے کے بعد ہم بلوچستان کی تمام پبلک سیکٹر یونیورسٹیوں میں معیاری تعلیمی ماحول کو پروان چڑھانے میں کامیاب ہو چکے ہیں۔ آج الحمدللہ ہماری بھرپور توجہ اور انتھک کاوشوں کے مثبت نتائج برآمد ہونا شروع ہونے لگے ہیں ہم نے استحکام اور تسلسل کو یقینی بناتے ہوئے بعض یونیورسٹیوں کو بحرانی حالات سے کامیابی کے ساتھ نکالنے میں کامیابی حاصل کی۔ یونیورسٹی کے اساتذہ اب وقت پر اپنی تنخواہ وصول کرتے ہیں۔ تمام یونیورسٹی کے سینڈیکیٹ......... بقیہ 17 صفحہ نمبر 7 پر

آپریشن سندور کی ناکامی، مودی حکومت کو شدید تنقید کا سامنا

اپوزیشن رہنماؤں نے آڑے ہاتھوں لے لیا، راہول گاندھی نے بزدل کہہ دیا

مودی میں ہمت ہے تو بتائیں کہ ٹرمپ کے بیانات جھوٹ پر مبنی ہیں، کانگریس

نئی دہلی (م ڈ) آپریشن سندور کی ناکامی پر مودی کی خاموشی کو اپوزیشن نے آڑے ہاتھوں لے لیا۔ بھارت کے آپریشن سندور میں ناکامی پر اپوزیشن رہنماؤں......... بقیہ 18 صفحہ نمبر 7 پر

قلات: سیکورٹی فورسز نے 10 کلو وزنی بم ناکارہ بنادیا

نامعلوم تخریب کاروں کی جانب سے بم جوہان میں پل کے نیچے نصب کیا گیا تھا

قلات (این این آئی) قلات میں سیکورٹی فورسز نے تخریب کاری کی کوشش ناکام بناتے ہوئے 10 کلو وزنی بم ناکارہ بنادیا۔ لیویز ذرائع کے مطابق اتوار کو قلات کی سب تحصیل جوہان میں نامعلوم افراد نے تخریب کاری کی غرض سے پل کے نیچے بم......... بقیہ 19 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان میں نوعمر قیدیوں کیلئے علیحدہ جیل بنانے کا فیصلہ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان حکومت نے نوعمر قیدیوں کیلئے علیحدہ جیل بنانے کا فیصلہ کیا ہے۔ محکمہ جیل کے مطابق کوئٹہ میں نوعمر قیدیوں کیلئے علیحدہ جیل بنائی جائے گی، 75 کروڑ روپے کی لاگت سے جیل کی تعمیر......... بقیہ 22 صفحہ نمبر 7 پر

ٹرمپ کا نائیجیریا میں فوجی کارروائی کیلئے تیاری کا حکم

فوری طور پر نائیجیریا کو دی جانے والی تمام امداد اور تعاون بند کیا جائے

واشنگٹن (م ڈ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ انہوں نے پینٹاگون کو نائیجیریا میں ممکنہ فوجی کارروائی کی تیاری کرنے کا حکم دیا ہے، وہ بار بار اس ملک پر یہ الزام لگاتے رہے ہیں کہ وہ مسیحیوں کے خلاف تشدد روکنے کے لیے کافی اقدامات نہیں کر رہا، تاہم......... بقیہ 20 صفحہ نمبر 7 پر

پی پی، ن لیگ اور پی ٹی آئی کے خاتمے سے پاکستان ٹھیک ہوگا، سراج الحق

لاہور (بیورو رپورٹ) سابق امیر جماعت اسلامی پاکستان سراج الحق نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی، ن لیگ اور پی ٹی آئی کا خاتمہ ہو تو پاکستان ٹھیک ہوسکتا ہے، اس وقت تینوں جماعتیں اقتدار میں ہیں مگر قوم کو کرپشن اور......... بقیہ 23 صفحہ نمبر 7 پر

پشاور، سی ٹی ڈی تھانے میں دھماکہ میں ایک اہلکار شہید، دو زخمی

تھانے میں موجود بارودی مواد میں شارٹ سرکٹ سے دھماکا ہوا، سی سی پی او

پشاور (بیورو رپورٹ) صوبائی دارالحکومت پشاور میں یونیورسٹی روڈ پر سی ٹی ڈی تھانے میں دھماکے کے نتیجے میں ایک اہلکار شہید اور دو زخمی ہوگئے۔ پشاور کے محکمہ انسداد دہشتگردی (سی ٹی ڈی) کے تھانے میں شارٹ سرکٹ کے باعث دھماکا ہوا ہے اس حوالے سے ایس......... بقیہ 21 صفحہ نمبر 7 پر

مہذب معاشرے میں صحافیوں کیخلاف تشدد، دھمکی کی گنجائش نہیں، وزیراعلیٰ

صحافی حقائق اجاگر کرنے، عوامی شعور بیدار کرنے میں اہم کردار ادا کرتے ہیں

صحافت کی آزادی کو ہمیشہ احترام کیساتھ برقرار رکھنا ہماری اجتماعی ذمہ داری ہے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے صحافیوں کے خلاف جرائم کے خاتمے کے عالمی دن کے موقع پر اپنے پیغام میں کہا ہے کہ آزاد، ذمہ دار اور محفوظ صحافت جمہوری معاشرے کی بنیاد ہے انہوں نے کہا کہ صحافی حقائق اجاگر کرنے، عوامی شعور بیدار کرنے اور معاشرے کی رہنمائی میں اہم کردار ادا کرتے ہیں، اس لیے ان کے تحفظ کو یقینی بنانا......... بقیہ 7 صفحہ نمبر 7 پر

خواجہ آصف بلوچستان میں مبینہ میزائل تجربے سے متعلق سوال گول کر گئے

کہ اب یہ سب سوال مت پوچھیں، ایسی باتیں خلوت میں پوچھیں، ٹی وی پروگرام میں گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) وزیر دفاع خواجہ آصف نے اس سوال کا براہ راست جواب دینے سے گریز کیا کہ آیا پاکستان نے ہائپر سانک بیلسٹک میزائل کا تجربہ کیا ہے یا......... بقیہ 8 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ سمیت ملک بھر میں چینی 210 روپے فی کلو تک پہنچ گئی، سبزیاں بھی مہنگی

گزشتہ ایک ہفتے کے دوران کوئٹہ میں چینی کی فی کلو قیمت میں 23 روپے تک کا اضافہ ہوا، پیاز بھی 50 روپے کلو مہنگا

سرکاری دستاویز میں ایک ہفتے میں چینی کی اوسط فی کلو قیمت میں 12 پیسے کی کمی ہوئی فی کلو قیمت 188 روپے 81 پیسے تھی

کوئٹہ، اسلام آباد (سٹی رپورٹر، بیورو رپورٹ) ملک کے مختلف شہروں میں چینی کی قیمت 210 روپے تک پہنچ گئی، ایک ہفتے کے دوران چینی کے نرخ 23 روپے بڑھ گئے۔ سرکاری دستاویز میں گزشتہ ایک ہفتے میں چینی کی اوسط فی کلو قیمت میں 12 پیسے کی کمی ہوئی تھی اور گذشتہ ہفتے تک ملک میں چینی کی اوسط فی کلو......... بقیہ 9 صفحہ نمبر 7 پر

سول آرمڈ فورسز شہداء پیکیج پر تاحال عمل درآمد نہ ہوسکا

وزارت داخلہ کی جانب سے نوٹیفکیشن جاری نہیں کیا جاسکا

نظرثانی شدہ پیکیج میں معاوضہ 3 3 2 فیصد بڑھایا گیا تھا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سول آرمڈ فورسز کے شہدا کے نئے معاوضہ پیکیج پر عمل درآمد نہیں ہوسکا، وزارت داخلہ کی جانب سے تاحال نوٹیفکیشن جاری نہیں کیا جاسکا......... بقیہ 10 صفحہ نمبر 7 پر

شمالی وزیرستان میں آپریشن، 2 خوارج ہلاک، پولیس قافلے پر آئی ای ڈی حملہ، ایس ایچ او سمیت 3 زخمی

خوارج کیخلاف کارروائی خفیہ معلومات کی بنیاد پر عمل میں لائی گئی، 4 سے 5 دہشتگردوں کے زخمی ہونے کی بھی اطلاع ہے

زخمی ایس ایچ او اور عمران الدین و دیگر فوری ہسپتال منتقل، پولیس امن کمیٹی کے اجلاس سے واپس آ رہی تھی، ایس ایس پی

وزیرستان (نیوز ڈیسک + آن لائن) شمالی وزیرستان میں پاکستان، افغانستان سرحد کے قریب سیکورٹی فورسز نے اہم کارروائی کرتے ہوئے 2 خوارج کو ہلاک......... بقیہ 13 صفحہ نمبر 7 پر

جنوبی افریقا کو شکست، بھارت نے آئی سی سی ویمن ورلڈ کپ جیت لیا

بھارت نے 7 وکٹ پر 298 رنز بنائے، جنوبی افریقا کی ٹیم 246 رنز بنا کر آؤٹ ہوگئی

ممبئی (م ڈ) ممبئی میں کھیلے گئے فائنل میں بارش کے سبب میچ تاخیر سے شروع ہوا مگر اوورز میں کٹوتی نہیں ہوئی، جنوبی افریقا نے ٹاس جیت کر پہلے بھارت کو بیٹنگ دی جس نے مقررہ 50 اوورز میں سات وکٹ پر 298 رنز اسکور کیے۔ شفالی ورما نے 87، دیپتی......... بقیہ 11 صفحہ نمبر 7 پر

گرلز پرائمری سکول شہید لطف علی کھوسہ کے نام سے منسوب کردیا گیا

بھاگ ناڑی میں دہشت گردوں کے خلاف بہادری سے لڑتے ہوئے شہید ہوئے

کوئٹہ (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی ہدایات کی روشنی میں محکمہ تعلیم حکومت بلوچستان نے صحبت پور کے نواحی علاقے یاسین آباد کے گرلز پرائمری اسکول کو شہید ایس ایچ او بھاگ ناڑی لطف علی کھوسہ کے نام سے منسوب کرنے کا نوٹیفکیشن جاری......... بقیہ 12 صفحہ نمبر 7 پر

مصر میں فرعونی تاریخ کا سب سے بڑا میوزیم کھل گیا

تقریب میں دنیا بھر کے صدور، وزرائے اعظم اور شاہی افراد نے شرکت کی

قاہرہ (م ڈ) مصر کے دارالحکومت قاہرہ میں اہرام مصر کے قریب دنیا کے سب سے بڑے قدیم نوادرات کے عجائب گھر "گرینڈ ایجپشن میوزیم (GEM)" کا باقاعدہ افتتاح کردیا گیا۔ افتتاحی تقریب میں دنیا بھر کے صدور، وزرائے اعظم اور شاہی خاندانوں کے افراد نے شرکت کی۔ یہ منصوبہ 20 سال......... بقیہ 16 صفحہ نمبر 7 پر

ہسپتال کے اخراجات ادا کرنے کیلئے نومولود کو فروخت کردیا گیا

کراچی (بیورو رپورٹ) کراچی میں ہسپتال کے اخراجات ادا کرنے کیلئے نومولود کو فروخت کردیا گیا۔ کراچی میں ہسپتال کے اخراجات ادا کرنے کے لیے نوزائیدہ بچے کو فروخت کرنے کا واقعہ پیش آیا ہے۔ پولیس......... بقیہ 15 صفحہ نمبر 7 پر

اسحاق ڈار غزہ سفارتی امن اجلاس میں شرکت کیلئے (آج) ترکیہ روانہ ہونگے

اجلاس میں پاکستان، ترکیہ، سعودی عرب، قطر، مصر، اردن کے وزرائے خارجہ شرکت کرینگے

اسلام آباد (زاہد احمد خان) نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ اسحاق ڈار (آج) پیر کے روز ترکیہ کے دورے پر روانہ ہوں گے، اسحاق ڈار یہ دورہ ترکیہ کے وزیر خارجہ حکان فدان کی دعوت پر کر رہے ہیں۔ سفارتی ذرائع کے مطابق اسحاق ڈار دورہ ترکیہ میں غزہ......... بقیہ 14 صفحہ نمبر 7 پر

بلوچستان بار کے انتخابات مکمل، پروفیشنل پینل نے میدان مار لیا

کوئٹہ زون سے پروفیشنل پینل کے افضل حریفال، نادر چھلگری، نجیب کاکڑ، انڈیپنڈنٹ کے میر عطاء اللہ کونسل کے ممبر منتخب

6 سیٹیں پروفیشنل پینل کے نام، انڈیپینڈنٹ پینل کی 2 سیٹوں پر کامیابی، میر عطاء اللہ لانگو کے 529 ووٹ کیساتھ پہلے نمبر پر رہے

سنجاوی: صوبائی وزیر نور محمد دمڑ عوامی اجتماع سے خطاب کررہے ہیں

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان بار کونسل کے انتخابات مکمل، پروفیشنل پینل نے بھاری اکثریت سے میدان مار لیا اور بلوچستان کے 8 نشستوں میں سے چھ اپنے نام کرلیے مدمقابل انڈیپنڈنٹ پینل کو دو نشستیں ملیں کوئٹہ زون کی چار میں سے تین پروفیشنل پینل نے جبکہ ایک انڈیپنڈنٹ پینل نے حاصل کی اندرون......... بقیہ 30 صفحہ نمبر 7 پر

بنوں: طالبان کمانڈر کا باپ اور بھتیجا امن کمیٹی کی تحویل میں

کارروائی پولیس اہلکار کے اغوا کے بعد قبائلی روایات کے مطابق کی گئی

مغوی اہلکار کو کچھ ہوا تو طالبات کو بھی ایسا جواب ملے گا، سربراہ کمیٹی

بنوں (بیورو رپورٹ) بنوں میں پولیس اہلکار کے اغوا کے واقعے کے بعد مقامی امن کمیٹی طالبان کمانڈر کے والد اور بھتیجے کو اپنی تحویل میں لے لیا اور اب مقامی عمائدین عسکریت پسندوں کے ساتھ مذاکرات کر رہے ہیں تاکہ پولیس اہلکار کو بازیاب کرایا جاسکے۔ یہ واقعہ خیبرپختونخوا کے ضلع بنوں میں تھانہ ہوید کی حدود میں پیش آیا ہے۔ بنوں کے......... بقیہ 24 صفحہ نمبر 7 پر

خیبر، جرگہ مذاکرات، دہشتگردوں نے مغوی پولیس اہلکار رہا کردیا

خیبر (نیوز ڈیسک) خیبر پختونخوا کے ضلع خیبر میں مذاکرات کے بعد دہشتگردوں نے مغوی پولیس اہلکار کو رہا کردیا۔ خیبر پولیس نے بتایا کہ دہشتگردوں نے پولیس اہلکار عبدالوحد کو ایک ماہ قبل اکبری پوسٹ سے اغوا......... بقیہ 31 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کی سوشل میڈیا ایکٹوسٹ خولہ چوہدری کو جیل بھیج دیا گیا

سائبر کرائم ایجنسی نے 2 اینٹی اسٹیٹ سوشل میڈیا پوسٹوں پر گرفتار کیا تھا

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف (پی ٹی آئی) کی سوشل میڈیا ایکٹوسٹ خولہ چوہدری کو عدالت میں پیش کردیا گیا۔ راولپنڈی ڈسٹرکٹ کورٹ نے خولہ چوہدری کو جوڈیشل ریمانڈ پر جیل بھیجنے کا حکم دے دیا۔ سائبر کرائم ایجنسی نے 2 اینٹی......... بقیہ 26 صفحہ نمبر 7 پر

مسلم لیگ ڈھاکہ میں بنی ہمارا پاکستان پر سب سے زیادہ کلیم ہے، ڈاکٹر انیس الزمان

60 کی دہائی میں پاکستان بڑی ترقی کر رہا تھا، کئی ممالک سے آگے تھے، کوریا معاشی اعتبار سے بہت پیچھے تھا

فری ویزا تو ممکن نہیں مگر ہم کاروبار کو آسان بنانے اور فری ٹریڈ پر کام کر رہے ہیں، تقریب سے خطاب

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) بنگلا دیش کے چیف ایڈوائزر محمد یونس کے معاون خصوصی برائے خزانہ ڈاکٹر انیس الزمان نے تقریب سے خطاب میں کہا ہے کہ 60 کی دہائی میں پاکستان جن ممالک سے آگے تھا آج وہ ہم سے آگے نکل گئے۔ قائداعظم ہاؤس میوزیم کراچی میں پاکستان اور بنگلادیش کے تعلقات کی بہتری سے متعلق تقریب "دو ممالک ایک قوم" کے نام سے منعقد ہوئی۔ تقریب میں دفاعی تجزیہ کار اکرام سہگل، سابق گورنر سندھ ریٹائرڈ لیفٹیننٹ جنرل معین الدین حیدر اور بنگلادیش کے......... بقیہ 25 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: جماعت اسلامی کے صوبائی امیر مولانا ہدایت الرحمن، مولانا عبدالکبیر شاکر و دیگر پریس کانفرنس کررہے ہیں

برطانیہ: ٹرین میں چاقو کے حملے میں 10 افراد زخمی

9 افراد کی حالت تشویشناک، 2 مشتبہ افراد گرفتار کرلیا گیا

ایک شخص چیخ رہا تھا، ان کے پاس چاقو ہے، بھاگو، ویڈیو وائرل

لندن (م ڈ) برطانیہ کے علاقے کیمبرج شائر میں ایک تیز دھار آلے سے حملے کے نتیجے میں ٹرین میں سوار 10 افراد زخمی ہوگئے، جن میں سے 9 کی حالت تشویشناک......... بقیہ 32 صفحہ نمبر 7 پر

شاہد خاقان عباسی دل کی تکلیف کے باعث ہسپتال منتقل

مری (بیورو رپورٹ) سابق وزیراعظم شاہد خاقان عباسی کو دل کی تکلیف کے باعث اسپتال منتقل کردیا گیا۔ مری سے ہسپتال ذرائع کے مطابق طبی معائنے کے بعد شاہد خاقان عباسی کو 2 اسٹنٹ ڈالے گئے۔......... بقیہ 33 صفحہ نمبر 7 پر

شاہ محمود اور یاسمین راشد کیخلاف حکومتی فسطائیت ختم نہیں ہورہی، بیرسٹر سیف

پی ٹی آئی کے تمام سیاسی قیدیوں کی قربانیاں ضرور رنگ لائیں گی، مشیر اطلاعات

پشاور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما بیرسٹر محمد علی سیف نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کے تمام سیاسی قیدیوں کی قربانیاں ایک دن ضرور رنگ لائیں گی۔ ایک......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

طبقاتی نظام کے باعث لوگوں کے مسائل میں اضافہ ہو رہا ہے، مولانا ہدایت الرحمن

حکمران و طاقتوروں کی لوٹ مار کے باعث ملک تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا، لوگ کسمپرسی کی زندگی گزارنے پر مجبور ہیں، رکن صوبائی اسمبلی

بلوچستان کے لوگ محب وطن، چند خاندانوں نے قبضہ جما رکھا ہے ملک میں انصاف اور قانون کی بالادستی چاہتے ہیں، امیر جماعت اسلامی

21 سے 23 نومبر مینار پاکستان پر اجتماع ہوگا جس کا مقصد ملک میں کوئی طاقتور نہیں، انصاف برابری کی بنیاد پر ہوگا، پریس کانفرنس سے خطاب

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) جماعت اسلامی بلوچستان کے امیر رکن اسمبلی مولانا ہدایت الرحمان نے کہا ہے کہ ملک میں طبقاتی نظام کے باعث لوگوں کے مسائل میں اضافہ ہورہا ہے حکمران اور طاقتوروں کی لوٹ مار کے باعث ملک تباہی کے دہانے پر پہنچ چکا ہے لوگ کسمپرسی......... بقیہ 29 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کی موجودہ قیادت بانی کو جانتی تک نہیں، فواد چودھری

پاکستان کی موجودہ صورتحال میں پلس مائنس کی کوئی بات ہی نہیں

حکومت سابق قیادت کو عمران خان سے ملنے کی اجازت دے، گفتگو

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سابق وفاقی وزیر اطلاعات فواد چوہدری نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کی موجودہ قیادت بانی عمران خان کو جانتی تک نہیں۔ سابق......... بقیہ 27 صفحہ نمبر 7 پر

یوکرین کا روس کی اہم آئل پورٹ پر ڈرون حملہ، غیرملکی جہازوں کا نقصان

حملے میں کوئی جانی نقصان نہیں ہوا، جہاز کا عملہ سمیت وہاں کام کرنے والے دیگر افراد محفوظ

ماسکو (م ڈ) یوکرین نے روس کی بحیرہ اسود میں مرکزی بندرگاہ تاپسے پر ڈرون حملہ کیا، جس کے نتیجے میں آئل ٹرمینل اور دو غیرملکی جہازوں کو نقصان پہنچا۔ غیرملکی خبر......... بقیہ 28 صفحہ نمبر 7 پر

محکوم اقوام کو برابری کی بنیاد پر حقوق نہ دینا لمحہ فکریہ ہے، اے کیو ایم

پشتون افغان قوم نے انگریز سامراج کے خلاف برصغیر کی آزادی اور پاکستان کے قیام میں گراں قدر قربانیاں دی ہیں

افغانیت ہر پشتون کی بنیادی پہچان ہے، ہمیں اپنی شناخت پر فخر ہے، اکابرین کی تاریخ قربانیوں سے روشن ہے، احمد خان

کوئٹہ (یو این اے) افغان قومی موومنٹ کے چیئرمین احمد خان نے مختلف وفود سے گفتگو کرتے ہوئے کہا ہے کہ افغانیت ہر پشتون کی بنیادی پہچان ہے۔ ملی اتل غازی عبداللہ خان نے انگریزوں کا پیچھا کرتے ہوئے افغانستان کو انگریزوں سے آزاد کرایا تھا۔ انہوں نے کہا کہ ملک میں صدیوں سے رہنے والی محکوم اقوام کو برابری کی بنیاد پر حقوق اور شناخت نہ دینا لمحہ فکریہ ہے، بعض ناعاقبت اندیش عناصر ہر پگڑی و داڑھی والے کو شک کی نگاہ سے دیکھ کر بے جا تنگ کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ پشتون افغان قوم نے انگریز سامراج کے خلاف برصغیر کی آزادی اور پاکستان کے قیام میں گراں قدر قربانیاں دی ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ ہمارے اکابرین نے انگریز فرنگی کو برصغیر سے مار بھگایا اور بعد ازاں پاکستان کے قیام میں بھی نمایاں کردار ادا کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے بزرگ غازی عبداللہ خان شہید نے 1841 میں پہلی افغان انگلو وار میں ضلع قلعہ عبداللہ سے افغانستان تک انگریزوں کے خلاف جہادی جدوجہد کرتے ہوئے کابل کو انگریزوں سے آزاد کرایا اور وہیں جام شہادت نوش کیا۔ ان کا مزار آج بھی کابل شہر میں موجود ہے جس پر افغان حکومت نے افغان قومی موومنٹ کی درخواست پر نیا مزار تعمیر کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ دنیا کے ہر حصے میں بسنے والے پشتون بنیادی طور پر افغان ہیں اور ہمیں اپنی افغان شناخت پر فخر ہے کیونکہ ہمارے اکابرین کی تاریخ بہادری، فتوحات اور قربانیوں سے روشن ہے۔

سنجاوی، وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی گورنمنٹ پولی ٹیکنیکل کالج کا معائنہ کر رہے ہیں

دائرہ علم و ادب اور اکادمی ادبیات کے اشتراک سے کثیر اللسانی مشاعرے کا انعقاد

صدارت دائرہ علم و ادب کے پروفیسر رشید حسرت جبکہ مہمان خصوصی پروفیسر طاہرہ احساس جتک تھیں

شعرا نے بلوچستان کی تمام زبانوں میں اپنا کلام پیش کیا، ناظم (اعزازی) عبدالقیوم بیدار نے شعرا اور سامعین کا شکریہ ادا کیا

کوئٹہ (پ ر) دائرہ علم و ادب بلوچستان اور اکادمی ادبیات کوئٹہ کے زیر اہتمام اکادمی کے دفتر میں ایک کثیر اللسانی مشاعرے کا انعقاد کیا گیا جس کی صدارت بلوچستان کے معروف سینئر شاعر دائرہ علم و ادب بلوچستان کے سینئر نائب صدر پروفیسر رشید حسرت نے کی مہمان خصوصی محترمہ پروفیسر طاہرہ احساس جتک، جبکہ مہمان اعزازی بزم صائم اور صائم اردو اکیڈمی کی صدر محترمہ تسنیم صنم تھیں۔ مشاعرے میں نظامت کے فرائض دائرہ علم و ادب بلوچستان کے نائب صدر جناب عظیم انجم ہاشمی نے بطریق احسن ادا کیے۔ مشاعرے میں اردو، بلوچی، براہوی، فارسی اور پشتو زبان میں شعرا نے اپنا کلام پیش کیا اور خوب داد سمیٹی۔ اکادمی ادبیات کے ناظم (اعزازی) عبدالقیوم بیدار نے شعرا اور سامعین کا شکریہ ادا کیا۔ مشاعرے کے اختتام پر براہوی زبان کے معروف شاعر، ادیب اور محقق اسحاق سوز سمالانی اور معروف شاعر حنیف کاشف کی رحلت پر فاتحہ خوانی کی گئی۔ مشاعرے میں رشید حسرت، پروفیسر طاہرہ احساس جتک، محترمہ تسنیم صنم، عظیم انجم ہاشمی، کامران قمر، فیض سومرو، حیدر علی آتش، نور خان نواب، عجب خان سائل، فہمیدہ گل، عزیز راسکوئی، ڈاکٹر یاسر گمان، ماموں قمر آفتاب، عبدالصمد جوہر، غلام علی جون، گل زمان گل، عزیز حاکم، اکبر ساسولی نے کلام پیش کیا۔

جائیکا پاکستان کی سماجی و اقتصادی ترقی میں معاونت کر رہا ہے، ندیم شاہ

انفراسٹرکچر کی تعمیر کے حوالے جائیکا کے پاکستان میں جاری پراجیکٹس پر تبادلہ خیال کیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) پاکستانی حکومت کے مشیر سرمایہ کاری بورڈ اور پاکستان جاپان بزنس فورم کے وائس چیئرمین سید فیروز شاہ اور جاپان کے اعزازی قونصل جنرل سید ندیم عالم شاہ نے جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا) پاکستان کے سربراہ میاتا سے ملاقات کی۔ میاتا نے پاکستانی قومی لباس قمیض شلوار اور ویسکوٹ پہن کر پاکستانی عوام سے اپنی محبت کا اظہار کیا۔ انتہائی خوشگوار ماحول میں ہونے والی ملاقات میں سید فیروز شاہ نے جائیکا سربراہ کو پاکستان جاپان بزنس فورم کی خدمات سے بھی آگاہ کیا اور پاکستان میں ترقیاتی منصوبوں میں جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا) کے تعاون کو بھی اجاگر کیا گیا۔ پاکستان اور جاپان کے درمیان تجارت اور سرمایہ کاری میں بہتری کے حوالے سے ہونے والی پیش رفت پر بھی گفتگو کی۔ علاوہ ازیں انفراسٹرکچر کی تعمیر کے حوالے جائیکا کے پاکستان میں جاری پراجیکٹس، مستقبل میں شروع ہونے والے پراجیکٹ، تجارت، سرمایہ کاری، معیشت، انفارمیشن ٹیکنالوجی، ثقافت، عوامی روابط اور توانائی کے شعبوں میں وسعت دینے سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ مشیر سرمایہ کاری بورڈ سید فیروز شاہ نے گورنمنٹ آف جاپان کی جانب سے جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی (جائیکا) کے زیر اہتمام پاکستان کے مختلف علاقوں میں ترقیاتی منصوبوں کی بروقت تکمیل میں بھرپور معاونت فراہم کرنے کیساتھ ساتھ معاشی استحکام اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی سمیت مختلف شعبوں میں پاکستان کو گرانقدر مالی معاونت فراہم کرنے پر خصوصی شکریہ ادا کیا۔ جائیکا پاکستان کے سربراہ میاتا کا کہنا تھا کہ پاکستان جنوبی ایشیائی خطے کا ایک اہم ترین ملک ہے جس کے ساتھ جاپان کے قریبی دوستانہ تعلقات ہیں اور جاپان انٹرنیشنل کوآپریشن ایجنسی اپنے اقدامات کے ذریعے جاپان اور پاکستان کے مابین دوستی کے رشتے کو مزید مضبوط بنانا چاہتی ہے

بدامنی اور لاقانونیت کیخلاف امن جرگے کا انعقاد 7 نومبر کو ہوگا

جرگہ کے انعقاد سے دورس نتائج برآمد ہونگے، اہلیان کلی چلتن ریسانی

کوئٹہ (آن لائن) کلی چلتن ریسانی ہزار گنجی کے آل پارٹیز کے رہنماؤں نے کہا کہ 7 نومبر بروز جمعہ بوقت تین بجے کلی چلتن ریسانی ہزار گنجی بازار جامع مسجد فاروقیہ کے سامنے بدامنی اور لاقانونیت کیخلاف عظیم الشان امن جرگہ ہوگا امن جرگہ کے انعقاد سے دورس نتائج برآمد ہونگے اہلیان کلی چلتن ریسانی ہزار گنجی کلی خزاں سے بھرپور شرکت کی اپیل کی جاتی ہیں ان خیالات کا اظہار آل پارٹیز کا اہم اجلاس بلوچستان عوامی پارٹی کے علاقائی میں زیر صدارت چیئرمین حاجی محمد دوتانی منعقد ہوا اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کی سعادت مولانا محمد صادق نے حاصل کی اجلاس میں 7 نومبر کو ہونے والے امن جرگہ کی کامیابی پر غور خوض کیا گیا امن جرگہ کے کامیابی کیلئے کمیٹیاں تشکیل دی گئی اجلاس میں متفقہ طور پر فیصلہ کیا گیا 7 نومبر کو ہونے والے امن جرگہ کی کامیابی کے لیے کسی قسم قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا اجلاس سے جمعیت علما اسلام نجم المدارس یونٹ کلی چلتن ریسانی ہزار گنجی کے امیر مولانا محمد طاہر توحیدی بلوچستان عوامی پارٹی کے علاقائی چیئرمین حاجی محمد دوتانی مولانا محمد صادق مولانا عبدالمنان سعادت عوامی نیشنل پارٹی کے ماسٹر کلیم اللہ بلوچستان نیشنل پارٹی کے حمید بلوچ پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے حافظ نجیب اللہ الکوزئی پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے حاجی ملک بلوچستان عوامی پارٹی کے علاقائی صدر حضرت نور جنرل سیکرٹری دوست محمد جمعیت علما اسلام کے ترجمان مولانا حافظ امین اللہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ 7 نومبر کو ہونے والے امن جرگہ امن وامان کو تباہ کرنے والے دشمنوں کے خلاف ریفرنڈم ثابت ہوگا انہوں نے کہا آل پارٹیز عوام کے جان و مال کے تحفظ پر کوئی سمجھوتہ نہیں کریں گے ریاست عوام کو تحفظ فراہم کریں عوام کے جان و مال سے کھیلنے والے امن کے دشمن انہوں نے کہا کہ 7 نومبر کو کلی چلتن ریسانی ہزار گنجی کلی خزاں کے غیور عوام بعد از نماز جمعہ امن جرگہ میں بھرپور شرکت کرکے بدامنی پھیلانے والوں خلاف نفرت کا اظہار کریں انہوں نے مزید کہا کہ 7 نومبر بروز جمعہ بوقت تین بجے کلی چلتن ریسانی ہزار گنجی جامع مسجد فاروقیہ کے سامنے عظیم الشان آل پارٹیز کے زیر اہتمام امن جرگہ ہوگا اجلاس میں قبائلی مشران مساجد کے خطبا اور مدارس کے مہتممین اور تاجر برادری سے ملاقاتوں کے لیے دو کمیٹیاں تشکیل دی گئی۔

کوئٹہ، بریشور ڈویلپمنٹ فورم کے تنظیمی جنرل باڈی اجلاس کی صدارت چیئرمین امین اللہ کاکڑ کر رہے ہیں اجلاس میں جنرل سیکرٹری حضرت علی اسرار بھی موجود ہیں

صوبے کے بیشتر اضلاع میں اتوار کو موسم خشک رہا

کوئٹہ (پ ر) علاقائی موسمیاتی مرکز بلوچستان کے مطابق صوبے کے بیشتر اضلاع میں اتوار کو موسم خشک رہے گا، جبکہ شمالی اضلاع میں رات کے وقت موسم سرد رہے گا۔ پیر کے روز بھی صوبے کے بیشتر اضلاع میں موسم خشک رہنے کا امکان ہے، تاہم شمالی اضلاع میں صبح اور رات کے دوران موسم سرد رہے گا۔ گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران صوبے کے کسی بھی مقام پر بارش ریکارڈ نہیں کی گئی۔ سب سے زیادہ درجہ حرارت تربت اور لسبیلہ میں 38 ڈگری سینٹی گریڈ ریکارڈ کیا گیا۔

سنٹرز میں فیملی پلاننگ کی سہولیات دی جارہی ہیں، ڈاکٹر امبرین مینگل

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) محکمہ پاپولیشن ویلفیئر اور یو این ایف پی اے کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ صوبے میں محکمہ سوشل ویلفیئر کے قائم 450 سینٹرز میں خواتین کو فیملی پلاننگ کے بارے میں معلومات کی فراہمی، ادویات اور دیگر سامان فراہم کیا جا رہا ہے فنڈز کی عدم دستیابی کے باعث بعض مسائل درپیش تھے اب فنڈز کی فراہمی سے ان مسائل پر قابو پانے میں مدد ملے گی۔ یہ بات سابق ڈی جی محکمہ سوشل ویلفیئر غلام مصطفیٰ، سوشل ویلفیئر کی ڈائریکٹر ٹیکنیکل ڈاکٹر امبرین مینگل، ایف پی اے پی کے مشتاق مینگل، ڈائریکٹر فوکس پاپولیشن ویلفیئر جمعہ خان کاکڑ، پاپولیشن ویلفیئر کے ڈائریکٹر پی ایم سی ٹی (پی ڈبلیو ڈی) عبدالستار شاہوانی، یو این ایف پی اے کی ڈاکٹر شائلہ، ایم این سی ایچ کی ڈاکٹر ثمینہ گیلانی، عبداللطیف محمد حسنی، داود بلوچ، ہما شیخ، محمد ایوب، ڈاکٹر مختار زہری، جیسم جمعہ، جہانزیب، عبداللہ شیرانی نے پیر کو محکمہ پاپولیشن ویلفیئر اور یو این ایف پی اے کے زیر اہتمام ایف پی 2030 کے مشاورتی گروپ کے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔ مقررین نے کہا کہ محکمہ سوشل ویلفیئر دیگر اسٹیک ہولڈرز کے ساتھ مل کر صوبے میں فیملی پلاننگ کے منصوبوں پر عملدرآمد کر رہا ہے اس حوالے سے صوبے میں قائم 450 سینٹرز میں خواتین کو فیملی پلاننگ کے بارے میں مفید معلومات فراہم کی جا رہی ہیں۔

عارف رند کی اہلیہ کے ہمراہ گرفتاری قابل مذمت ہے، لائرز فورم

ایسا تاثر دیا جارہا ہے جیسے آئین نہیں بلکہ جنگل کا قانون نافذ ہے، بیان

کوئٹہ (یو این اے) انصاف لائرز فورم بلوچستان نے پی ٹی آئی کے سابق ٹکٹ ہولڈر عارف رند اور ان کی اہلیہ کی ائیرپورٹ سے گرفتاری کی شدید ترین الفاظ میں مذمت کرتے ہوئے کہا ہے کہ یہ عمل ریاستی اداروں کی جانب سے قانون اور انسانی حقوق کی صریح خلاف ورزی ہے۔ فورم کی جانب سے جاری بیان میں کہا گیا کہ ملک میں ایسا تاثر دیا جا رہا ہے جیسے آئین نہیں بلکہ جنگل کا قانون نافذ ہے، سیاسی انتقام پر مبنی اس طرز عمل نے انصاف، شفافیت اور قانون کی حکمرانی کے تمام دعوے بے نقاب کر دیے ہیں۔ بیان میں مزید کہا گیا کہ بانی چیئرمین عمران خان کے سپاہی اس جنگل کے قانون کے خلاف ہمیشہ ڈٹ کر کھڑے رہیں گے کیونکہ یہ جدوجہد کسی فرد کی نہیں بلکہ قانون، انصاف اور آئین کی سربلندی کی ہے۔ انصاف لائرز فورم بلوچستان نے مطالبہ کیا کہ عارف رند اور ان کی اہلیہ کو فوری طور پر رہا کیا جائے اور سیاسی مخالفین کے ساتھ امتیازی سلوک بند کیا جائے۔ بیان کے مطابق آئین و قانون سے بالاتر کوئی نہیں، اور اس کی پامالی کسی صورت برداشت نہیں کی جائے گی۔

عدالت عالیہ نے تاجروں کے موقف کو درست ثابت کر دیا ہے، حمید اللہ خان بڑیچ

تاجر اپنے کاروباری معاملات کو قانونی طریقے سے جاری رکھیں، ماشہ خور فروٹ اینڈ ویجیٹیبل الائنس

کوئٹہ (آن لائن) ماشہ خور فروٹ اینڈ ویجیٹیبل تاجروں کو کامیابی کی مبارکباد چیئرمین حاجی میر شیر احمد کرد اور مارکیٹ کمیٹی کے انسپکٹر میر منیر احمد مینگل سے ملاقات ہوئی، جس کے دوران آرڈر کی کاپی جمع کرائی گئی۔ اس موقع پر اللہ تعالیٰ کے فضل و کرم سے کامیابی پر مٹھائی بھی تقسیم کی گئی۔ معزز عدالت ہائی کورٹ آف بلوچستان نے حقائق کی بنیاد پر ناجائز نیشنل کمیشن ایجنٹ گروپ کی جانب سے دائر توہین عدالت کیس نمبر 11/2024 کو خارج کر دیا۔ اتحاد ماشہ خور فروٹ اینڈ ویجیٹیبل تاجر ایسوسی ایشن ہزار گنجی، کوئٹہ کے رہنماؤں نے اس فیصلے کو انصاف کی جیت قرار دیا ہے۔ ان کا کہنا ہے کہ عدالت کے فیصلے نے تاجروں کے موقف کو درست ثابت کر دیا ہے، اور تمام تاجر اپنے کاروباری معاملات کو قانونی طریقے سے جاری رکھیں۔ تنظیم کے سرپرست اعلیٰ حاجی حمید اللہ خان بڑیچ، صدر عصمت اللہ اچکزئی، جنرل سیکرٹری دوست محمد خان بڑیچ، ڈپٹی جنرل سیکرٹری محب اللہ عبدالواحد خان بڑیچ حاجی عبدالستار بڑیچ گل احمد خان قبائلی مشر حاجی محمد خان اچکزئی و دیگر موجود تھے۔

نوائی علاقوں میں بھی ترقیاتی کام کرائے جائیں، علاقہ مکین

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) کوئٹہ کے شہر کے نواحی علاقے کنارہ کش، وی آئی پی علاقوں میں بڑے پیمانے پر حکومتی فنڈز خرچ ہو رہی ہے، نواحی علاقوں کے مکین خصوصاً روزگار کی عدم فراہمی کے علاوہ دیگر بنیادی وسائل، بجلی پانی، صحت اور پختہ سڑکوں سے محروم ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان فوری طور پر کوئٹہ کے عوام کو روزگار دلانے کیساتھ ہی بنیادی سہولیات کی فراہمی پر خصوصی توجہ رکھیں بلوچستان کے عوام بے روزگاری کے آگ میں جل رہے ہیں اور ان میں مایوسی پھیل رہی ہے، مشرق سروے ٹیم سے بات چیت کرتے ہوئے وحدت کالونی اور اکاتی روڈ کے متعدد علاقوں کے مکین عمران ذاکر بلوچ، علاؤالدین دیگر نے بتایا ہے کہ کوئٹہ کے علاوہ بلوچستان بھر میں بے روزگاری کی لہر میں انتہائی قیامت خیز اضافہ ہو چکا ہے، حکومتیں آتی ہیں مگر عوام کو روزگار کی فراہمی میں مکمل طور پر ناکام ہو کر اپنی مدت مکمل کر لیتی ہے، جبکہ دوسری جانب وحدت کالونی سمیت جنگل روڈ اور دیگر علاقوں کے مکین کہتے ہیں کہ کس چیز کا مطالبہ کرے روزگار، پانی بجلی پختہ سڑکوں یا دیگر وسائل ٹیکنکل تعلیم وغیرہ کا انہوں نے بتایا کہ ہم صدیوں سے حکمرانوں کے ناقص پالیسیوں میں مصروف عمل ہے غریب غریب تر ہو رہا ہے امیر امیر تر ہو رہا ہے، یہی پالیسی روز اول سے آج 21 ویں صدی میں بھی اپنے عروج پر ہے، انہوں نے بتایا کہ وحدت کالونی میں عرصہ دراز سے صفائی کا انتظام انتہائی خراب ہے، گزشتہ 10 سالوں سے بلدیاتی انتخابات نہ ہونے کے باعث مختلف علاقوں میں سیوریج نظام درہم برہم ہے۔ نالیوں کا پانی سڑکوں پر بہنے گلی آبادی بڑھنے کیساتھ ہی سیوریج کے سائز بڑھانے کی اشد ضرورت ہے، وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف سیکرٹری اور دیگر اعلیٰ حکام سنگین نوعیت کے اس اہم مسئلہ پر فوری نوٹس لیکر کارروائی عمل میں لائی جائے بصورت دیگر عوام احتجاج پر مجبور ہونگے

قبضہ مافیا جدی پشتی زمینوں پر قبضہ کر رہا ہے، شکیل خان

دھونس دھمکیوں اور جھوٹے مقدمات سے مرعوب نہیں ہوں گے، پریس کانفرنس

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) مانسہرہ کے رہائشی شکیل خان نے کہا ہے کہ قبضہ مافیا ہمیں ہماری جدی پشتی زمینوں سے بیدخل کرنے کیلئے مختلف اوچھے ہتھکنڈے استعمال کرکے دستبردار کرانے کی کوشش کر رہے ہیں ہم کسی صورت ایسے دھونس دھمکیوں اور جھوٹے مقدمات سے مرعوب نہیں ہوں گے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے اتوار کو کوئٹہ پریس کلب میں عبدالستار کے ہمراہ پریس کانفرنس کے دوران کیا۔ انہوں نے کہا کہ ہماری زمینیں خیبر پختونخوا کے علاقے مانسہرہ تھانہ احمد خان گاؤں میں واقع ہیں ہائیکورٹ اور کمیشن کی رپورٹ بھی ہمارے حق میں آیا ہے جن کے تمام ثبوت انتقال اور ریونیو ریکارڈ ہمارے نام پر موجود ہیں اس کے باوجود پولیس چوکی کے ایس ایچ او اور اے ایس آئی قبضہ مافیا سالار خان اور جہانگیر کے کہنے پر ہمیں ہراساں کر رہی ہے۔ اس سے قبل انہوں نے قبضہ مافیا نے میرے بھائی پر حملہ کروایا مقدمہ درج کرنے پولیس تھانہ گئے تو مقدمہ درج نہیں کیا اور تمام عدالتی اور ریونیو کے ثبوتوں کے باوجود ہمیں ہماری زمینوں پر کاشت کاری سے روکا جا رہا ہے۔ قبضہ مافیا نے ہماری زمینوں پر اپنی عورتوں کو بٹھا رکھا ہے جب ہم جاتے ہیں تو وہ پتھراؤ کرتے ہیں اگر ہم فصل کاشت کرتے ہیں تو اپنے جانوروں کو فصل میں چھوڑ کر نقصان پہنچاتے ہیں۔ اس حوالے سے پولیس کو بار بار آگاہ کرنے کے باوجود پولیس ہم سے تعاون کرنے کی بجائے عدالتی ثبوتوں کو بالائے طاق رکھ کر مخالفین کی پشت پناہی کرتی آرہی ہے۔ شکیل خان نے کہا کہ میں اپنی اور بیوہ والدہ کی زمینوں پر کسی کو قبضہ کرنے کی اجازت نہیں دوں گا پولیس آفیسران قانون کے نفاذ اور لوگوں کے جان و مال کے تحفظ کی بجائے جرائم پیشہ اور قبضہ مافیا کے ساتھ ملکر جدی پشتی جائیدادوں سے بے دخل کرنے کی ناکام کوشش کر رہی ہے جو کہ قابل مذمت اور پولیس کو بدنام کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ زمینوں پر جب میرے بچانے کاشت کاری کی تو پولیس کے ایس آئی نعیم نے میرے بچا اور بچی کو گرفتار کیا بعد میں بچی کو چھوڑ دیا گیا۔ ہم وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا، آئی جی پولیس اور دیگر اعلیٰ حکام سے مطالبہ کرتے ہیں کہ قبضہ مافیا کی پشت پناہی کرنے والے پولیس آفیسران کے خلاف قانونی کارروائی اور قبضہ مافیا کو گرفتار کرکے ہمیں انصاف دیا جائے بصورت دیگر کوئی ناخوشگوار واقعہ پیش آیا تو اس کی تمام تر ذمہ داری پولیس پر عائد ہوگی۔

ڈائریکٹر کالجز محمد حسین کا گورنمنٹ گرلز انٹر کالج تسپ کا دورہ

پرنسپل مشتاق احمد تھکی اور دیگر نے کالج کے مسائل پر بریفنگ دی،

پنجگور (این این آئی) پنجگور ڈائریکٹر کالجز محمد حسین، انڈر سیکرٹری ایس اینڈ جی اے ڈی بلوچستان بہادر خان ڈپٹی ڈائریکٹر پلاننگ سردار صادق کنرانی سیکشن آفیسر ایڈمن عبدالباری کاکڑ اور دیگر آفیسران کے ہمراہ گورنمنٹ گرلز انٹر کالج تسپ کا دورہ کیا اور کالج کے مسائل کا جائزہ لیا اس دوران کالج کی پرنسپل مشتاق احمد تھکی نے ڈائریکٹر کالجز محمد حسین، انڈر سیکرٹری بہادر خان اور دیگر آفیسران کو کالج کے مسائل پر بریفنگ دی ڈائریکٹر کالجز اور دیگر صوبائی ذمہ داروں نے کالج کے مسائل حل کرنے کی یقین دہانی کرائی اور کہا کہ صوبائی حکومت دور دراز علاقوں میں تعلیمی ترقی کے لیے کوشاں ہے خصوصاً تعلیم نسواں کی اہمیت کو مدنظر رکھ کر خواتین کو بھی تعلیم سے روشناس کرانے کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے تاکہ صوبے کی خواتین بھی علم سے فیضیاب ہو کر معاشرتی ترقی میں کردار ادا کر سکیں انہوں نے کہا کہ گورنمنٹ گرلز انٹر کالج کے بنیادی مسائل کو حل کیا جائے گا۔

صوبائی وزیر صحت بخت محمد کاکڑ زیر تعمیر نیشنل انسٹیٹیوٹ آف کارڈیو ویسکولر ڈیزیز کا جائزہ لے رہے ہیں، اسپیشل سیکرٹری صحت شہک بلوچ اور متعلقہ افسران بھی ہمراہ ہیں

عدم صفائی سے کوئٹہ گندگی کے ڈھیر میں تبدیل ہو چکا ہے، پی ٹی آئی

پہلے میٹروپولیٹن کارپوریشن کی جانب سے گھر گھر سے کچرا اٹھایا جاتا تھا، شہر میں صفائی کا سابق نظام فوری بحال کیا جائے

صفائی عملے کی کارکردگی نہ ہونے کے برابر ہے، بیگرز ویلفیئر ادارے کے لیے مختص جگہ خالی کروائی جائے، رحیم کاکڑ و دیگر

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان تحریک انصاف کے رکن و سابق میئر کوئٹہ رحیم کاکڑ، سردار حسن شاہ، جمیل بوستان ایڈووکیٹ، میر وائس ایڈووکیٹ، احمد شاہ ایڈووکیٹ، عبداللہ ایڈووکیٹ، عمر فاروق ایڈووکیٹ، تو تیر بھٹی، نعمت اللہ، امین آغا، ارشد اچکزئی اور ضیاء الحق نے اپنے مشترکہ بیان میں ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن سے مطالبہ کیا ہے کہ شہر میں صفائی کا سابق نظام فوری بحال کیا جائے۔ انہوں نے کہا کہ ماضی میں میٹروپولیٹن کی جانب سے گھر گھر کچرا اٹھایا جاتا تھا اب پورا شہر گندگی کے ڈھیر میں تبدیل ہو چکا ہے اور صفائی کے عملے کی کارکردگی نہ ہونے کے برابر ہے۔ رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ تمام صفائی عملے کو اپنے اپنے علاقوں میں صفائی یقینی بنانے کا پابند کیا جائے۔ بیان میں کہا گیا کہ ایئرپورٹ روڈ پر کسٹم کے قریب میٹروپولیٹن کی ڈھائی ایکڑ زمین، جو بحیثیت ناظم رحیم کاکڑ نے بیگرز ویلفیئر ادارے کے لیے مختص کی تھی، سوشل ویلفیئر ڈیپارٹمنٹ نے غیر قانونی طور پر پرائیویٹ نارکوٹکس کے حوالے کر دی۔ رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ متعلقہ جگہ فوری طور پر خالی کرا کے اسے بیگرز ویلفیئر کے لیے استعمال میں لایا جائے۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف عوامی مفاد اور شہری سہولیات کے تحفظ کے لیے ہر سطح پر آواز بلند کرتی رہے گی۔

حاجی اسحاق مینگل ایک دیانتدار ذمہ دار افسر ہیں، محمد حسین

سوشل میڈیا پر جھوٹے اور من گھڑت پروپیگنڈے کی مذمت کرتے ہیں، سابق ناظم

کوئٹہ (آن لائن) سابق کونسلر محمد حسین نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ کے چیف آرکیٹیکٹ و چیف انجینئر حاجی اسحاق مینگل کے خلاف سوشل میڈیا پر جھوٹا اور من گھڑت پروپیگنڈا کیا جا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بعض عناصر ادارے اور اس کے دیانتدار افسران کے خلاف بے بنیاد الزامات عائد کرکے عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ محمد حسین نے کہا کہ حاجی اسحاق مینگل ایک ایماندار، فرض شناس اور محنتی افسر ہیں جنہوں نے میٹروپولیٹن کارپوریشن میں شفافیت، میرٹ اور نظم و ضبط کو فروغ دینے کے لیے نمایاں اقدامات کیے۔ ان کے دور میں ترقیاتی منصوبوں کی مانیٹرنگ سخت اور فنڈز کے اجرا میں مکمل شفافیت کو یقینی بنایا گیا، تاکہ عوامی ٹیکس کا ہر پیسہ عوام کی فلاح و بہبود پر خرچ ہو۔ انہوں نے مزید کہا کہ سوشل میڈیا پر گردش کرنے والے منفی اور بے بنیاد الزامات مخصوص لابی کی سازش ہیں جو جلد بے نقاب ہو جائیں گے۔ محمد حسین نے عوام اور میڈیا سے اپیل کی کہ وہ جھوٹی خبروں پر یقین نہ کریں اور ایسے دیانتدار افسران کی حوصلہ افزائی کریں جو عوامی خدمت کے جذبے سے سرشار ہیں۔

گورنر اور وزیراعلیٰ نے رحمت صالح کے بھائی کے انتقال پر تعزیت کی

کوئٹہ (آن لائن) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما و رکن صوبائی اسمبلی میر رحمت صالح بلوچ کے جوان سال بھائی ولید صالح بلوچ کی شہادت پر تعزیت کا سلسلہ جناح ٹاؤن کی مرکزی جامع مسجد کوئٹہ میں جاری ہے گزشتہ روز گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل، وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی، سابق وزیر اعلیٰ سینیٹر میر عبدالقدوس بزنجو، صوبائی وزرا شعیب نوشیروانی، بخت کاکڑ، سردار کوہیار ڈومکی، نیشنل پارٹی کے مرکزی سیکرٹری جنرل میر کبیر محمد شہی، ارکان قومی اسمبلی پھلین بلوچ، میر عثمان بادینی، ارکان بلوچستان اسمبلی خیر جان بلوچ، رکن اسمبلی آغا عمر احمد زئی، علی مدد جتک، ملک نعیم بازئی، پارلیمانی سیکرٹری حاجی ولی محمد نورزئی، لیاقت لہڑی، سابق رکن اسمبلی میر عارف جان محمد حسنی، حبیب محمد حسنی سمیت کاروباری شخصیات، سماجی رہنماؤں، مختلف جماعتوں کے ارکان، صحافیوں، قبائلی معتبرین، اور مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے سینکڑوں افراد نے تعزیت کا اظہار کرتے ہوئے شہید کے درجات کی بلندی اور لواحقین کیلئے صبر جمیل کی دعا کی، تعزیت کا سلسلہ کل بھی جاری رہے گا۔

کوئٹہ، کلی چلتن ریسانی ہزار گنجی آل پارٹیز کے زیر اہتمام اجلاس میں 7 نومبر کو ہونے والے امن جرگے کی تیاریوں کے سلسلے میں آل پارٹیز کے قائدین شریک ہیں

سبی کے معروف تاجر سیٹھ اچھن میاں انتقال کر گئے

سبی (اے این این) سبی کے معروف تاجر سیٹھ اچھن میاں انتقال کر گئے مرحوم کو ہزاروں سوگواروں کی موجودگی میں پیر پٹھی صالم شاہ بخاری کے قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا مرحوم کے ایصال ثواب کے لئے فاتحہ خوانی ان کے گھر صدیق آباد نزد ریلوے کالونی سبی میں جاری ہے مرحوم سیٹھ اچھن میاں سبی گورنمنٹ ڈگری کالج سبی کے محمد اقبال سبی پریس کلب کے ممبر افضال رضا اور جمال انس کے والد اور اختر جان وان والے کے بڑے بھائی تھے۔

11 برس بعد بھی کاسی بحریہ ٹاؤن میں ترقیاتی کام شروع نہیں ہوا، الاٹیز کمیٹی

مالکان اور اسٹاف نے الاٹیز کے پلاٹ دھوکہ دہی سے نو حصار شفٹ کیس ہیں، مظاہرین

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کاسی بحریہ ٹاؤن الاٹیز کمیٹی کے متاثرین نے ندیم ترین، عارف علوی قیصرمری اور انعام بلوچ کی قیادت میں کوئٹہ پریس کلب کے سامنے احتجاجی مظاہرہ کیا۔ مظاہرین نے بینرز اور پلے کارڈ اٹھا رکھے تھے جن پر نعرے درج تھے۔ مقررین نے کہا کہ کاسی اونرز اور ان کے اسٹاف نے الاٹیز کو فاکر اپنی مرضی اور دھوکہ دہی سے نو حصار شفٹ کیس ہیں جو واپس بلیلی شفٹ کئے جائیں۔ 11 سال کا عرصہ گزرنے کے باوجود کاسی بحریہ ٹاؤن میں کوئی ترقیاتی کام کا آغاز نہیں ہوا جو کیو ڈی اے کی ناکامی کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ مقررین نے کہا کہ ہائی کورٹ بلوچستان کے فیصلے کو 10 ماہ گزرنے کے باوجود کوئی کام شروع نہیں کیا گیا۔ ہم پرامن ہے لیکن اپنے حق کیلئے ہر فورم پر آواز بلند کرتے رہیں گے۔ کاسی بحریہ ٹاؤن میں ہائیکورٹ کے فیصلے کی روشنی میں جلد از جلد ترقیاتی کام شروع کئے جائیں۔ مقررین اپنے مطالبات کے حق میں نعرہ بازی کرتے ہوئے پرامن طور پر منتشر ہو گئے۔

سید حاجی بشیر جان آغا انتقال کر گئے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) سید حاجی بشیر جان آغا انتقال کر گئے۔ وہ مرحوم سید الحاج صاحب جان آغا کے بیٹے، مرحوم سید حاجی ولی جان آغا اور سید حاجی محمد جان آغا کے بھائی تھے، وہ مرحوم سید حاجی دلو جان آغا، مرحوم سید حاج شیر جان آغا اور سید منان آغا کے بھتیجے، سید صدو آغا، سید الواسع، سید میر جان آغا، شہید سید غنی جان آغا، سید علی جان آغا اور سید غفور جان آغا کے کزن تھے، سید نجیب اللہ، ڈاکٹر سید نصیب اللہ، سید عبدالرشید، ایڈووکیٹ سید رفیق، سید صبغت اللہ، سید حمید اللہ، سید عمران اور سید کامران کے والد تھے، سید محمد رحیم، سید سلیم آغا، سید ندیم، ڈاکٹر سید قدیم آغا، سید نقیب اللہ، سید زین اللہ کے چاچا تھے۔ ان کی تدفین انکے آبائی گاؤں کلی پائیزی سیدان قلعہ عبداللہ میں ادا کر دی گئی ہے۔ فاتحہ خوانی تین دن کیلئے آبائی گاؤں میں ہوگی، کوئٹہ میں فاتحہ خوانی انکے رہائش گاہ واقع سیٹلائٹ ٹاؤن بلاک 3 کوئٹہ میں ہوگی۔

کوئٹہ، ماشہ خور فروٹ اینڈ ویجیٹیبل تاجروں کو کامیابی کے بعد چیئرمین میر شیر احمد کرد کو صدر عصمت اللہ مٹھائی کھلا کر مبارکباد دے رہے ہیں

نو منتخب عہدیداران پر بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے، یوسف وقار شاہوانی

تنظیمی نظم و ضبط، اور اجتماعی مشاورت کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں نبھائیں، رہنما

کوئٹہ (پ ر) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے سینئر رہنما اور حلقہ سریاب کے ترجمان یوسف وقار شاہوانی نے ضلع کوئٹہ کے تمام نو منتخب عہدیداران، ناظمین، امراء اور کارکنان کو دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا ہے کہ جماعت کی یہ نئی تنظیم دراصل اتحاد، نظم، قربانی اور اخلاص کی تجدید کا مظہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ جمعیت علماء اسلام ایک ایسی نظریاتی تحریک ہے جو ہمیشہ قرآن و سنت کے نظام، قومی خودمختاری، عدل و انصاف اور عوامی حقوق کے لیے سرگرم عمل رہی ہے یوسف وقار شاہوانی نے کہا کہ نو منتخب عہدیداران پر اب یہ بھاری ذمہ داری عائد ہوتی ہے کہ وہ اپنی قیادت پر عوامی اعتماد کو مزید مضبوط بنائیں، نظریاتی استقامت، تنظیمی نظم و ضبط، اور اجتماعی مشاورت کے ساتھ اپنی ذمہ داریاں نبھائیں۔ انہوں نے اس بات پر زور دیا کہ جمعیت کے تمام کارکن اب مزید جوش و جذبے سے تعلیم، امن، اور عوامی خدمت کے میدان میں کردار ادا کریں تاکہ ضلع کوئٹہ میں ایک مثبت، باوقار اور منظم سیاسی فضا قائم ہو۔ انہوں نے ضلعی سطح پر جماعت کے تمام بزرگ رہنماؤں، نوجوان ساتھیوں اور کارکنان کی خدمات کو خراج تحسین پیش کرتے ہوئے کہا کہ یہی وہ افراد ہیں جن کی محنت، ایثار اور اتحاد نے جمعیت کو آج اس مقام تک پہنچایا ہے۔ آخر میں انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ نو منتخب تنظیم کو استقامت، اتحاد اور کامیابی عطا فرمائے تاکہ وہ قائد جمعیت حضرت مولانا فضل الرحمٰن کے وژن کے مطابق محبت، خدمت اور استقامت کا عملی نمونہ بن سکے۔

کوئٹہ، ن لیگ کے مرکزی کونسل کے رکن عبدالقدیر بلوچ، ملک اسد سالانی ضلعی کمیٹی کے صدر میر رحیم بخش بگٹی و دیگر بات چیت کر رہے ہیں

پنچپائی کے عوام کا کوئی پرسان حال نہیں، پیرزادہ قائم شاہ

کلی محمد خیل، کلی چچے زئی سکولز میں اساتذہ نہ ہونے کی وجہ سے سکول بند ہیں

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی پنچپائی علاقائی یونٹ کا اجلاس پیرزادہ قائم شاہ کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس سے ملک محمود، طاہر مشوانی، مصیب مشوانی، حاجی محمد یوسف مشوانی، میر واکس مشوانی اور جلیل مشوانی نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پنچپائی کے عوام کا کوئی پرسان حال نہیں، ہر شعبہ زندگی میں عوام بدترین مشکلات و مسائل سے دوچار ہیں جن کے حل کے لیے کوئی بھی سنجیدہ نہیں۔ بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ، گیس کی عدم فراہمی، سکولوں کی بندش، تعلیم، صحت کے اداروں کی تباہی نے پنچپائی کے عوام کو ذہنی کوفت کا شکار بنا دیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ کلی محمد خیل گرلز سکول، کلی چچے زئی کے سکولوں میں اساتذہ نہ ہونے کے باعث اب تک سکول بند ہیں۔ محکمہ تعلیم ان سکولوں کو اساتذہ کی فراہمی میں سنجیدہ ہی نہیں۔ جس کے باعث سینکڑوں بچوں کا تعلیمی مستقبل خطرے میں ہے۔ انہوں نے کہا کہ واپڈا کی عوام دشمنی کی پارٹی شدید مذمت کرتی ہے، غیر اعلانیہ لوڈ شیڈنگ پنچپائی کے عوام پر مسلط کی گئی ہے 24 گھنٹوں میں صرف تین گھنٹے بجلی کی فراہمی اور وہ بھی کم وولٹیج اور بار بار ٹرپ ہونے کے ساتھ دی جا رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ عوامی مسائل و مشکلات پر پارٹی خاموش نہیں بیٹھے گی اور پرنٹ و الیکٹرانک میڈیا پر اجاگر کرنے کے ساتھ ساتھ آئندہ کے لائحہ عمل میں اس کے لیے جمہوری احتجاج کا راستہ اختیار کیا جائے گا۔ انہوں نے پارٹی کارکنوں پر زور دیتے ہوئے کہا کہ وہ تنظیمی فعالیت کے لیے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں۔ پشتونخوا میپ پنچپائی خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کے شہادت کی 52 ویں برسی کے جلسہ عام میں شرکت کے لیے بھرپور تیاری کریگی۔

کوئٹہ، مانسہرہ کے رہائشی شکیل خان، عبدالستار پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ٹیکنیکل، ایڈمن کیڈر کے ملازمین کو ترقیاں دینا قابل تحسین اقدام ہے، نور شاہ

کوئٹہ (پ ر) بلوچستان ٹیکنیکل اسٹاف ایسوسی ایشن کے صدر نور شاہ، جنرل سیکرٹری علی احمد شاہوانی، سینئر نائب صدر انور جاموٹ اور فنانس سیکرٹری گل محمد نے اپنے مشترکہ بیان میں محکمہ افرادی قوت و تربیت بلوچستان میں ریکارڈ ترقیوں پر سیکرٹری محنت و افرادی قوت نیاز احمد نیچاری، ڈائریکٹر افرادی قوت و تربیت ارشاد احمد، اسسٹنٹ ڈائریکٹر ایڈمن ابراہیم حسنی، غلام محمد نادر و دیگر افسران کا شکریہ ادا کیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ محکمہ میں پہلی مرتبہ بڑے پیمانے پر ٹیکنیکل اور ایڈمن کیڈر کے ملازمین کو میرٹ کی بنیاد پر ترقیاں دینا خوش آئند اور قابل تحسین اقدام ہے۔ اس فیصلے سے نہ صرف ملازمین میں اعتماد بحال ہوا ہے بلکہ محکمہ کی کارکردگی میں بھی بہتری آئے گی۔ رہنماؤں نے مزید کہا کہ ڈائریکٹر افرادی قوت و تربیت ارشاد احمد کی قیادت میں محکمہ میں شفافیت اور میرٹ کے اصولوں کو فروغ دیا گیا ہے۔

مسائل کے حل کیلئے نیشنل پارٹی کو بلدیاتی انتخابات میں منتخب کیا جائے، عالم جان منگل زئی

کوئٹہ (ایریا رپورٹر) نیشنل پارٹی کے رہنما عالم جان منگل زئی نے کہا ہے کہ آنے والے بلدیاتی انتخابات کو معمولی نہ سمجھیں، یہ آپ کے گلی کوچوں، محلوں، پانی، سڑکوں، صفائی، روشن مستقبل کا فیصلہ ہے عالم جان منگل زئی نے کوئٹہ کے تمام سیاسی قبائلی معززین، باشعور، بزرگوں، نوجوانوں، طلباء، وکلا، تاجر برادری اور خواتین سے دل کی عطا، گہرائیوں سے اپیل کرتے ہیں کہ اس بار نیشنل پارٹی کے امیدواروں کو موقع دیں عالم جان منگل زئی نے کہا کہ آپ نے ہر پارٹی کو آزمایا، وعدے سنے، خواب دیکھے وقت ہے کہ ایک ایسی جماعت کو موقع دیجئے کا جو نہ صرف خواب دکھاتی ہے بلکہ ان کو حقیقت میں بدلنے کی صلاحیت رکھتی ہے عالم جان منگل زئی نے سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان "ڈاکٹر مالک بلوچ" کی کارکردگی کو یاد دلاتے ہوئے کہا جس طرح ڈاکٹر مالک بلوچ نے صرف ڈھائی سال میں اپنے علاقے کی تقدیر بدل دی، اسی طرح نیشنل پارٹی کے کونسلرز بھی ان شاء اللہ آپ کے علاقوں میں ترقی کا ایک نیا باب رقم کریں گے عالم جان منگل زئی نے کہا کہ آ ؤ نوجوانو! آ ؤ بلوچستان کے خیر خواہوں ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ میر کبیر جان محمد شہی، سردار کمال خان بنگلزئی، اسلم بلوچ، حاجی عطا محمد بنگلزئی میر رحمت صالح بلوچ پھلین بلوچ کا ساتھ دو۔ ان کے ورکرز کو ووٹ دو، بلوچستان کو خوشحال کیراہ کا عزم کریں۔

واپڈا کے ریٹائرڈ کرین ڈرائیور غلام فرید قضائے الٰہی سے وفات پاگئے

کوئٹہ (پ ر) مرحوم صحافی ڈی ڈبلیو اور نکتہ نیوز کے رپورٹر مرتضیٰ زہری، واپڈا کے ڈرائیور ترک علی اور غلام فاروق کے والد تھے، وہ سابق میٹر ریڈر واپڈا بابو غلام حیدر کے چھوٹے بھائی، اور واپڈا کے ڈرائیور سلیم بیگ کے چچا اور واپڈا چیف آفس کے غلام محمد عرف شیری کے داماد تھے، وہ ناصر ساحل، صابر ندیم، نادر خان اور امیر بخش کے خالو تھے۔ مرحوم کو کاسی قبرستان میں سپرد خاک کر دیا گیا، مرحوم کے ایصال ثواب کے لیے فاتحہ خوانی آر سی واپڈا کالونی، نزد گل باران چوک، نواں کلی، کوئٹہ میں جاری ہے۔ دراثنا بلوچستان یونین آف جرنلسٹس اور پریس کلب کے ممبران کی جانب سے مرتضیٰ زہری کے والد کے انتقال پر گہرے افسوس اور دکھ کا اظہار کرتے ہوئے ان کی مغفرت اور ورثا کے لیے صبر کی دعا کی ہے

حاجی عبدالرحمان کاکڑ طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے



کوئٹہ (سٹی رپورٹر) حاجی عبدالرحمان کاکڑ طویل علالت کے بعد انتقال کر گئے۔ عبدالکبیر ٹھیکیدار نعیم خان، پشتونخوا نیپ کے کونسلر ٹھیکیدار عبدالحبیب محکمہ انڈسٹریز کے اسسٹنٹ رجسٹریشن آفیسر عبدالرشید کاکڑ دلاور خان کے والد مرحوم حاجی عبدالودود، عبدالمنان، مولوی عبدالقدوس محکمہ تعلقات عامہ کے ریٹائرڈ سپرنٹنڈنٹ حاجی جانان کاکڑ کے بھائی حاجی عبدالخالق کاکڑ کچیا زادہ بھائی خطیب حسن جامع مسجد پکلاک قاری محمد سلیم، پشتونخوا نیپ کے عبدالبصیر، عبدالعلیم، حفیظ اللہ، حزب اللہ، محمد علی، ڈاکٹر سیف اللہ ٹھیکیدار بارہ الدین کے چچا تھے۔ نماز جنازہ بروز پیر 3 نومبر کلی حاجی اسد خان ریگی بوستان کے قبرستان میں بوقت 12:30 بجے دن ادا کی جائیگی۔ اور فاتحہ خوانی حاجی محمد انور مسجد میزان شاہو چوک کوئٹہ میں ہوگی۔ دریں اثنا پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے پریس ریلیز میں حاجی عبدالرحمان کاکڑ کے انتقال پر رنج و غم کا اظہار کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ سے دعا کی گئی ہے کہ وہ مرحوم کو اپنے جوار رحمت میں جگہ دیں اور پسماندگان کو صبر جمیل عطا کریں۔

ہوم سولرز کو سرکاری ملازمین میں تقسیم کرنے کی اجازت نہیں دیں گے، بشیر احمد جتک

جیالوں کو نظرانداز کرکے من پسند سرکاری ملازمین کو لسٹوں میں شامل کرنا کرپشن کی واضح دلیل ہے

کوئٹہ (آن لائن) پیپلز یوتھ آرگنائزیشن سبی ڈویژن کے سینئر نائب صدر بشیر احمد جتک نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی کے ہوم سولرز کو سرکاری ملازمین میں تقسیم کرنے کی ہرگز اجازت نہیں دیں گے سوبائی جنرل سیکرٹری کی جانب سے سابقہ ڈویژنل صدور اور ضلعی صدور سے ہوم سولر لسٹیں طلب کرنا مضحکہ خیز اور سمجھ سے بالاتر ہے پارٹی کے نظریاتی و حقیقی جیالوں کو نظرانداز کرکے من پسند سرکاری ملازمین کو لسٹوں میں شامل کرنا کھلی کرپشن کی واضح دلیل ہے پیپلز یوتھ آرگنائزیشن سابقہ ڈویژنل صدور اور ضلعی صدور کی بنائی جانے والی من پسند سرکاری ملازمین کی ہوم سولر لسٹیں کسی صورت تسلیم نہیں کرے گی انہوں نے کہا کہ سفارشی بنیاد پر تعینات سابقہ نااہل ضلعی صدر غلام رسول نے سبی میں پارٹی کو تباہ و برباد کر دیا ہے بلدیاتی انتخابات میں درجن سے زائد کونسلرز کو کھڑا کرکے پارٹی سے بھاری رقوم حاصل کی گئی جو بعد میں ناکامی کے خوف سے بچنے کیلئے پارٹی کونسلرز کو دوسروں سے پیسے لیکر ان کے حق میں دستبردار کیا گیا جبکہ تاریخ شاہد ہے کہ انکے اپنے بیٹے کو فقط 14 ووٹ ہی مل سکے انہوں نے کہا کہ چیف آف ڈومکی سردار کوہیار ڈومکی کی سیٹ شخصیت کی بنیاد پر حاصل ہوئی اس میں نااہل سابقہ ضلعی صدر و دیگر کا کوئی کردار نہیں حالانکہ الیکشن کے وقت بھی بھکاریوں نے پیسے لیکر اپنی گری ہوئی اوقات دیکھائی بلدیاتی انتخابات و جنرل الیکشن اور ضمنی الیکشن میں واضح ناکامی کے بعد نااہل صدر کو از خود مستعفی ہو جانا چاہیے تھا انہوں نے مزید کہا کہ رمضان میں 300 راشن بیگ صوبائی حکومت کی جانب سے فراہم کیے گئے جو نااہل ضلعی صدر اور نااہل سیکرٹری اطلاعات کی ملی بھگت سے کرپشن کی نذر ہو گئے انہوں نے پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری اور مرکزی آرگنائزنگ کمیٹی سے پرزور اپیل و مطالبہ کیا ہے کہ ہوم سولر پینلز کی تقسیم میں بنائی جانے والی من پسند سرکاری ملازمین کی لسٹوں کو فوری طور پر منسوخ کیا جائے اور صوبائی کابینہ کی تشکیل کے بعد از سر نو لسٹیں مرتب کرکے غریب مستحق نظریاتی جیالوں کو سروے کے بعد ہوم سولر پینلز فراہم کیے جائیں تاکہ حقیقی جیالوں میں پائی جانے والی مایوسی اور اضطرابی کیفیت دور ہو سکے۔

ٹرک اڈہ ہزار گنجی میں ڈاکوؤں کا راج قائم ہے، نور محمد شاہوانی

دن دھاڑے گڈز ٹرانسپورٹروں دوکانداروں کو لوٹا جارہا ہے، گڈز ٹرک اونرز

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن (ر) قائد حاجی نور محمد شاہوانی منعقد ہوا اجلاس میں مرکزی سیکرٹری جنرل جعفر خان کاکڑ نائب صدر حاجی عطا اللہ خان کاکڑ خدائیداد شاہوانی حاجی ظاہر شاہ یوسفزئی حاجی پیر محمد کاکڑ عمر شاہ آفریدی حاجی باری داد کاکڑ سیکرٹری اطلاعات حاجی روزی خان مندوخیل ڈپٹی جنرل سیکرٹری سہیل خان کاکڑ حاجی محمد گل کاکڑ جوائنٹ سیکرٹری محمد حسین کاکڑ سیکرٹری مالیات حاجی نیاز علی احمد شاہ مری رابطہ سیکرٹری حاجی عبدالقادر اچکزئی اور ملک نور خان کرتے ہوئے کہا کہ ہم گڈز ٹرانسپورٹرز اور ہمارے شعبہ سے تعلق رکھنے والے سب بھائی ہیں اور الحمدللہ بلوچستان گڈز ٹرک اونرز ایسوسی ایشن تعصب و نفرت سے پاک ہے اور بلاتفریق دن رات اللہ تعالیٰ کی رضا سے ہی خدمت کر رہی ہے اور ہمارے تمام عہدیدار و ممبران مخلص دیانتدار ہے اور تمام فیصلے مخلصانہ انداز میں کر رہے ہیں جس کو پورے پاکستان کے سیاسی و سماجی تنظیموں نے سراہا اور ہمارے ایسوسی ایشن کی مثالیں ہر فورم پر بیان کر رہے ہیں اور ہمارے ایسوسی ایشن کا یونٹ صوبے کے ہر ضلع میں موجود ہیں جن کی کارکردگی سے ہم مطمئن ہے۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز منعقدہ اجلاس سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ اس موقع پر گڈز ٹرانسپورٹروں گڈز کمپنی مالکان دوکان داروں کے مسائل کا بغور جائزہ لیتے ہوئے فیصلہ کیا گیا انہوں نے کہا کہ ٹرک اڈہ ہزار گنجی میں ڈاکوؤں کا راج ہے اور دن دھاڑے گڈز ٹرانسپورٹروں دوکانداروں کو لوٹا جا رہا ہے اور حکومتی رٹ کا کوئی نام و نشان نہیں اور پولیس اہلکار کی توجہ غیر قانونی منی پیٹرول پمپوں اور سمگلروں سے بھتہ وصول کر رہے ہیں اور ٹرک اڈہ کے اندر قائم غیر قانونی منی پیٹرول پمپوں سے ہمیں آتشزدگی کا خطرہ ہے اور کئی واقعات ہوئے ہیں اور کیو ڈی اے کی مہربانی سے ہزار گنجی فائر بریگیڈ بھی نہیں ہے اور فائر بریگیڈ اسٹیشن 1999 میں بنایا گیا ہے لیکن گاڑیوں کیلئے ہم نے کئی درخواستیں دی ہے جس کی کوئی شنوائی نہیں ہوئی ہم وزیر اعلیٰ بلوچستان چیف سیکرٹری ہوم سیکرٹری آئی جی پولیس وزیر بلدیات چیف آف میٹروپولیٹن چیئرمین کیو ڈی اے ڈی جی ایم کیو ڈی اے سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ہمارے جائز مسائل ٹرک اڈہ ہزار گنجی میں حکومتی رٹ کی بحالی ڈکیتی بدامنی کا خاتمہ ٹرک اڈہ کی صفائی تجاوزات کا خاتمہ ٹرک اڈہ کی گنجان آبادی سے غیر قانونی منی پیٹرول پمپ کا خاتمہ پولیس کو ایمانداری سے فرائض ادا کرنے کا پابند کیا جائے اور ٹرک اڈہ میں پولیس گشت بڑھائی جائے۔

میٹروپولیٹن فائر بریگیڈ کی فوری کارروائی گودام میں لگی آگ بجھادی

آتش زدگی سے پلازے اور اردگرد کی تجارتی آبادی کو نقصان سے بچا لیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) مکانگی روڈ پر کپڑے کے گودام میں آتش زدگی کی اطلاع موصول ہونے پر میٹروپولیٹن فائر بریگیڈ نے فوری کارروائی کرتے ہوئے آگ پر قابو پالیا۔ ڈائریکٹر فائر سروسز عبدالحق خان اچکزئی نے بتایا کہ بروقت کارروائی کی بدولت نہ صرف گودام بلکہ آس پاس کے پلازے اور تجارتی مراکز بھی محفوظ رہ سکے۔ عوام الناس نے فائر بریگیڈ کی بروقت اور مؤثر کارکردگی کو سراہا اور کہا کہ بروقت ردعمل نے بڑے نقصان سے بچا لیا۔

کوئٹہ، مرکزی تنظیم تاجران پاکستان کے صوبائی ترجمان کاشف حیدری سے کنگھ سیف اللہ کے تاجر رہنما ملاقات کر رہے ہیں

Daily MASHRIQ QUETTA & Hub
روزنامہ مشرق کوئٹہ و حب
ایگزیکٹو ایڈیٹر سید ممتاز احمد

محکمہ لائیو اسٹاک کو جدید خطوط پر استوار کر رہے ہیں، سردار زادہ فیصل جمالی

بلوچستان میں شعبے کی ترقی عوامی خوشحالی، دیہی معیشت کے استحکام اور روزگار کے مواقعوں میں اضافے کا باعث بنے گی

شفافیت، کارکردگی اور جدید طرز حکمرانی کے فروغ کیلئے اصلاحات متعارف کرائی جارہی ہیں، صوبائی وزیر کی وفد سے گفتگو

[illegible]

ننکانہ صاحب، متروکہ وقف املاک بورڈ کے زیر اہتمام بابا گورو نانک دیو جی کے 556ویں جنم دن کی تقریب کے حوالے سے تیاریاں جاری ہیں

پاکستان دفاع حفاظت ہم سب پر لازم ہے، عظمیٰ حمید گل

افغانستان ہندوستان کے کہنے پر پاکستان کو دھمکیاں دینا بند کرے

پاکستان نے ہر مشکل وقت میں اپنے افغان بھائیوں کو کندھا دیا

کوئٹہ (اے این این) جوانان پاکستان نظریاتی کے مرکزی سرپرست اعلیٰ جنرل حمید گل فاؤنڈیشن کے چیئرپرسن محترمہ عظمیٰ حمید گل، چیئرمین نجیب اللہ خان ترین مرکزی سیکرٹری جنرل رانا سکندر شہزاد مرکزی وائس چیئرمین وارث خان مرکزی رہنما آغا طاہر شاہ رشید خان ناصر شہریار ساسولی صوبہ بلوچستان کے صدر ڈاکٹر احسان اللہ خان کاکڑ صوبہ سندھ کے صدر محمد ابراہیم خان منگل صوبہ خیبر پختونخواہ کے صدر عاشق علی خان پنجاب کے آرگنائزر علی رحمان بٹ ضلع پشین کے صدر عبدالجبار پٹھان ضلع چمن کے صدر اور قبائلی رہنما محمد حنیف خان اچکزئی ضلع قلعہ سیف اللہ کے صدر اصغر خان کاکڑ ملک محمد ہاشم خان کاکڑ میر عمران خلجی میر شہروز خان رئیسانی ڈپٹی سیکرٹری جنرل عامر راجپوت عطاء اللہ خان سرچاند عنایت اچکزئی، نذیر خان ساحل مراد علی رئیسانی سید حافظ حافظ رحمت اللہ اور دیگر رہنماؤں نے اپنے ایک بیان میں کہا کہ ہم سب پر پاکستان کی دفاع سالمیت اور حفاظت لازم ہے سب سے پہلے پاکستان بعد میں سیاست اگر پاکستان ہے تو سیاست ہوگا اس موقع انہوں نے کہا کہ پاکستان اور افغانستان کے درمیان جنگ بندی خوش آئند بات ہے کیونکہ جنگ کسی مسئلے کا حل نہیں ہے اور پاکستان اپنی پرانی پالیسی پر کاربند ہے کہ ہم کسی ملک پر جنگ مسلط نہیں کریں گے اگر کوئی ہم پر جنگ مسلط کرے گا تو اسکو مربوط اور مظبوط جواب دیا جائے گا معرکہ حق کی گواہی پوری دنیا دے رہی ہیں کہ ہمارے بہادر سپوتوں نے ہندوستان کے غرور تکبر اور گھمنڈ کو خاک میں ملا دیا ہمارا افغانستان گورنمنٹ سے بھی یہی مطالبہ ہے کہ جنگ کے بجائے امن کا راستہ اختیار کیا جائے ہندوستان کے کہنے پر پاکستان کو جنگ کی دھمکیاں دینے سے گریز کریں پاکستان نے ہر مشکل وقت میں اپنے افغان بھائیوں کو کندھا دیا آئندہ بھی پاکستان اپنے پڑوسی ممالک ایران افغانستان چین اور دیگر

سیف چیکنگ کے دوران ملزم سلطان بلوچ گرفتار

خاران (یو این اے) [illegible] خصوصی ہدایت پر ڈی ایس پی گل محمد گرگناڑی، ایس ایچ او خاران عبدالباقی بیابان اور ایڈیشنل ایس ایچ او مختیار احمد شاہ کی زیر نگرانی پولیس ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے سیف چیکنگ کے دوران ملزم سلطان بلوچ ولد حاجی گل محمد ساکن گلی امین آباد والعدین کو گرفتار کر لیا۔ پولیس کے مطابق ملزم کے قبضے سے ایک پسٹل برآمد ہوا، جس پر مقدمہ درج کر لیا گیا ہے۔ مزید تحقیقات سے معلوم ہوا کہ گرفتار ملزم پولیس اسٹیشن والعدین کے ایف آئی آر نمبر 38/2025، جرم 365 اور 302 تعزیرات پاکستان میں مطلوب تھا۔ پولیس حکام نے بتایا کہ ملزم سے مزید تفتیش جاری ہے تاکہ ممکنہ طور پر اس کے دیگر جرائم میں ملوث ہونے کے شواہد بھی حاصل کیے جا سکیں۔

آچرہ ہاس، آغا فضل الرحمان شاہ کے اعزاز میں ایک پروقار پارٹی

وندر (یو این اے) جمعیت علمائے اسلام کے مرکزی رہنما اور ضلع قلات کے امیر آغا فضل الرحمان شاہ اپنے وفد کے ہمراہ وندر کے علاقے ابراہیم کالونی آچرہ محلہ پہنچے، جہاں جمعیت علمائے اسلام ضلع حب کے ڈپٹی سیکرٹری اطلاعات سیف اللہ آچرہ نے ان کا پرتپاک استقبال کیا۔ آچرہ ہاس میں آغا فضل الرحمان شاہ کے اعزاز میں ایک پروقار پارٹی کا اہتمام کیا گیا جس میں آچرہ برادری کے معززین محمد عارف آچرہ، وڈیرہ عبدالکریم آچرہ سمیت دیگر نے شرکت کی۔ اس موقع پر آغا فضل الرحمان شاہ نے آچرہ برادری کے نوجوانوں کی دینی و سیاسی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ آج کے پرفتن دور میں ان نوجوانوں نے حق و صداقت کا علم بلند رکھا ہے جو قابل فخر ہے۔

وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی آل استحکام پاکستان والی بال ٹورنامنٹ کے فائنل میچ میں شریک ہیں

تمام تر ترقیاں عروج دین اسلام میں پوشیدہ ہیں، ذوالفقار طارق

اسلام وہ عظیم دین ہے جو انسان کو بندگی، اخلاق، اخلاص، عدل اور امن کا پیغام دیتا ہے

اصل عظمت دولت، طاقت یا عہدے میں نہیں بلکہ کردار، ایمان اور عمل صالح میں ہے

کوئٹہ (اے این این) اہل سنت و جماعت کے رہنما فیضان اولیا، کے بانی پیر ذوالفقار علی طارق قادری نے آستانہ عالیہ فیضان اولیاء میں روحانی و فکری نشست سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مغربی یلغار، مغربی سوچ نے مسلمانوں کو دین اسلام سے بہت دور کر دیا ہم اسلام کے کافی چیزوں کو بھلا بیٹھے ہیں ہمارے نوجوان صرف اور صرف دنیا کی لالچ میں آ کر دین اسلام کو پس پشت ڈال رہے ہیں انہوں نے کہا کہ تمام تر ترقیاں، کامیابیاں اور عروج دین اسلام میں پوشیدہ ہیں اسلام وہ عظیم دین ہے جو انسان کو بندگی اخلاق، اخلاص، عدل اور امن کا پیغام دیتا ہے۔ یہ دین کسی مخصوص قوم، نسل یا طبقے کے لیے نہیں بلکہ پوری انسانیت کے لیے ایک رہنمائی ہے۔ دین اسلام نے دنیا کو یہ سکھایا کہ اصل عظمت دولت، طاقت یا عہدے میں نہیں بلکہ کردار، ایمان اور عمل صالح میں ہے۔ دین اسلام پوری دنیا میں امن، محبت، بھائی چارے اور انسان دوستی کا داعی ہے۔ اس نے دشمنی کے بدلے صبر، ظلم کے مقابلے میں عدل، اور نفرت کے جواب میں محبت کو فروغ دیا۔ اگر آج دنیا بے چینی، انتشار اور ظلم و جبر میں مبتلا ہے تو اس کی وجہ یہ ہے کہ اس نے اسلام کی اصل تعلیمات سے منہ موڑ لیا ہے جب دین اسلام پر وقت آیا، جب باطل قوتوں نے اس کے پیغام کو دبانے کی کوشش کی، تب صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے اپنے خون سے تاریخ رقم کی۔ انہوں نے جہاد کے ذریعے ان طاقتوں کے ساتھ مقابلہ کیا جو ظلم و شرک کے اندھیروں میں ڈوبی ہوئی تھیں۔ وہ نہ حکومت کے طلب گار تھے، نہ مال و دولت کے خواہاں، بلکہ ان کا مقصد صرف ایک تھا — اللہ کے دین کی سربلندی اور حق کا غلبہ۔ یہی وہ دور تھا جب ایمان کی طاقت نے تلوار کو جلا دی، اخلاص نے صفوں میں وحدت پیدا کی، اور اللہ کی مدد ان کے ساتھ ہو گئی۔ ان کے خلوص اور قربانیوں کے نتیجے میں اسلام کا پیغام پوری دنیا میں پھیل گیا۔ آج کے دور میں اگر ہم دیکھیں تو امت مسلمہ کا زوال اسی وقت شروع ہوا جب اس نے اسلام کے حقیقی اصولوں سے انحراف کیا۔

روزگار اور تعلیم فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے، شیخ زرک مندوخیل

چاہتے ہیں بلوچستان کا ہر نوجوان تعلیم یافتہ ہو اور روزگار کے مواقع حاصل کرے، رکن اسمبلی

کوئٹہ (اے این این) بلوچستان اسمبلی کے رکن شیخ زرک خان مندوخیل نے کہا ہے کہ نوجوان قوم کا سرمایہ ہیں اور انہیں روزگار اور تعلیم کے مساوی مواقع فراہم کرنا ہماری ذمہ داری ہے نوجوانوں کی فنی تربیت کے لیے خصوصی پروگرام شروع کیے گئے ہیں تاکہ وہ جدید تقاضوں کے مطابق خود کو تیار کر سکیں یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی زرک خان مندوخیل نے کہا کہ ہم چاہتے ہیں کہ بلوچستان کا ہر نوجوان تعلیم یافتہ ہو اور روزگار کے بہتر مواقع حاصل کرے حکومت نوجوانوں کے مسائل کے حل کے لیے سنجیدہ کوششیں کر رہی ہے انہوں نے عوام سے کہا کہ وہ مثبت کردار ادا کرتے ہوئے ترقی کے عمل میں حکومت کا ساتھ دیں عوام کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے۔

وندر، جھاڑیوں سے بوری بند زندہ نومولود بچی برآمد

کرکٹ کھیلتے بچوں نے معائنہ کیا تو زندہ نومولود بچی موجود تھی

وندر (یو این اے) وندر میں دل دہلا دینے والا واقعہ، جھاڑیوں سے بوری بند زندہ نومولود بچی برآمد ہوئی۔ تفصیلات کے مطابق میراں پیر روڈ ٹی سی ایف اسکول کے قریب جھاڑیوں میں مشکوک بوری دیکھ کر راہگیروں اور کرکٹ کھیلتے بچوں نے جب قریب جا کر معائنہ کیا تو اس میں ایک زندہ نومولود بچی موجود تھی۔ اطلاع ملتے ہی علاقہ مکین موقع پر پہنچے اور بچی کو ریسکیو کر کے سول ہسپتال وندر منتقل کیا، جہاں ڈاکٹروں نے بچی کے زندہ ہونے کی تصدیق کی۔ اس افسوسناک واقعے نے پورے علاقے کو غم و غصے کی کیفیت میں مبتلا کر دیا۔ جمعیت علمائے اسلام کے صوبائی رہنما فقیر سکندر علی انگاریہ اسپتال پہنچے، جہاں انہوں نے بچی کے کان میں آذان دی اور اپنی نگرانی میں قانونی تقاضے مکمل کروائے۔ بعد ازاں پولیس کی موجودگی میں بچی کو ایک بے اولاد جوڑے کے حوالے کر دیا گیا۔ درجنوں افراد نے بچی کو گود لینے کی خواہش ظاہر کی جبکہ شہریوں نے اس بے حس شخص کی گرفتاری اور عبرتناک سزا کا مطالبہ کیا جس نے معصوم بچی کو جھاڑیوں میں پھینک دیا۔ پولیس نے واقعے کی

عوام کی صحت پر کوئی سمجھوتہ نہیں، ہسپتالوں میں سہولتیں فراہم کر رہے ہیں، بخت کاکڑ

ترقیاتی منصوبوں پر عمل تیز کیا جا رہا ہے، مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے، طبی اداروں کی بہتری حکومتی ترجیح ہے

دیہی و دوردراز علاقوں میں ڈاکٹرز اور ادویات کی فراہمی کیلئے ہنگامی اقدامات جاری ہیں، صوبائی وزیر صحت کی وفد سے گفتگو

کوئٹہ (اے این این) وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے کہا ہے کہ صوبے میں صحت کے اداروں کی بہتری اور بنیادی طبی سہولیات کی فراہمی حکومت کی اولین ترجیح ہے دیہی علاقوں میں ڈاکٹرز اور ادویات کی فراہمی یقینی بنانے کے لیے ہنگامی بنیادوں پر اقدامات کئے جا رہے ہیں یہ بات انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کہی بخت محمد کاکڑ کا کہنا تھا کہ عوام کی صحت پر کوئی سمجھوتہ نہیں، ہسپتالوں میں سہولتوں کو بہتر بنانے کیلئے ترقیاتی منصوبوں پر عمل تیز کیا جا رہا ہے انہوں نے کہا کہ حکومت ہر ممکن کوشش کر رہی ہے کہ بلوچستان کے دور دراز علاقوں میں بھی معیاری طبی سہولیات فراہم کی جائیں اور اس سلسلے میں خصوصی مانیٹرنگ ٹیمیں تشکیل دی جا رہی ہیں انہوں نے عوام کو یقین دہانی کرائی کہ ان کے مسائل ترجیحی بنیادوں پر حل کیے جائیں گے اور ترقیاتی منصوبوں کے لیے متعلقہ محکموں کو احکامات جاری کر دیئے گئے ہیں انہوں نے کہا کہ عوام کی آواز کو ہمیشہ مقدم رکھا جائے گا اور ان کی سہولت کے لیے ہر ممکن اقدامات اٹھائے جائیں گے۔

ہم پاکستان کے شہری ہیں، مشہور ٹک ٹاکر بابا چی

افغانستان سے تعلق رکھنے کی خبریں بالکل بے بنیاد ہیں، معروف ابوبکر

محنت، صبر اور مثبت سوچ ہی کامیابی کی کنجی ہیں، بابا چی کے والد کی گفتگو

کوئٹہ (یو این اے) مشہور ٹک ٹاکر بابا چی کے نام سے معروف ابوبکر نے اپنی شہرت کے سفر اور زندگی کی جدوجہد سے متعلق گفتگو کرتے ہوئے واضح کیا ہے کہ وہ پاکستان کے شہری ہیں اور ان کا تعلق بلوچستان سے ہے۔ انہوں نے سوشل میڈیا پر پھیلنے والی اس افواہ کی سختی سے تردید کی کہ وہ افغانستان سے تعلق رکھتے ہیں یا وہاں جا رہے ہیں۔ بابا چی کے والد نے بھی نجی ٹی وی سے خصوصی گفتگو میں کہا کہ ہمارا تعلق بلوچستان سے ہے، ہم پاکستانی ہیں اور افغانستان جانے یا وہاں سے تعلق رکھنے کی خبریں بالکل بے بنیاد ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ان کے بیٹے نے عام حالات سے آغاز کیا اور آج اس مقام تک پہنچنے کے لیے کئی مشکلات، ناکامیوں اور مایوسیوں کا سامنا کیا، مگر اس نے کبھی ہمت نہیں ہاری۔ بابا چی کے والد نے بتایا کہ ابتدا میں ان کی ویڈیوز کو زیادہ پذیرائی نہیں ملی، لیکن انہوں نے ہار ماننے کے بجائے اپنے مواد کو بہتر بنایا۔ ان کے مطابق محنت، صبر اور مثبت سوچ ہی کامیابی کی کنجی ہیں۔ بابا چی نے اپنے والد کے حوالے سے کہا کہ ان کی کامیابی کا سب سے بڑا سہارا ان کے والد ہیں۔ انہوں نے جذباتی انداز میں کہا کہ "میرے ابو میری اصل طاقت ہیں، ان کی مسکراہٹ ہی میری کامیابی ہے۔"

ڈھائی سال کیلئے بلوچستان میں ن لیگ حکومت کرے گی، نور احمد محمد حسنی

کوئٹہ (یو این اے) مسلم لیگ ن بلوچستان کے صوبائی رہنما نور احمد محمد حسنی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ آئندہ ڈھائی سال کیلئے بلوچستان میں مسلم لیگ ن حکومت کرے گی۔ انہوں نے کہا کہ 2024 کے عام انتخابات کے بعد طے پایا تھا کہ صوبے میں مسلم لیگ ن اور پیپلز پارٹی ڈھائی ڈھائی سال کے لیے حکومت کریں گے۔ ان کے مطابق مسلم لیگ ن کے 17 اور پیپلز پارٹی کے 16 اراکین اسمبلی تھے، تاہم مرکز میں سادہ اکثریت نہ ملنے کے باعث وزیراعظم کا عہدہ مسلم لیگ ن اور صدر مملکت کا عہدہ پیپلز پارٹی کو دیا گیا۔ نور احمد حسنی نے کہا کہ اس بار بلوچستان میں وزارت اعلیٰ کا عہدہ ایسے ایم پی اے کو دیا جائے گا جو صوبے میں حکومت کی رٹ قائم کرے۔ انہوں نے کہا کہ آج بلوچستان میں صورتحال یہ ہے کہ سیکرٹریز اسپیکر کی رولنگ بھی نہیں مانتے، اجلاسوں کے دوران وزراء اور ایم پی ایز کیلئے مختص نشستوں پر ان کے پی ایس اور ڈرائیور بیٹھے نظر آتے ہیں، جس کی وجہ سے عوامی مسائل حل نہیں ہو رہے۔ صوبائی رہنما نے مزید کہا کہ آئندہ ڈھائی سال کے دوران مسلم لیگ ن ایسے ایم پی ایز کو وزارتیں دے گی جو پارٹی کارکنوں اور بالخصوص ضلع کوئٹہ کے رہنماؤں و کارکنوں کے مسائل حل کریں گے، کیونکہ کوئٹہ کے کارکن ہمیشہ پارٹی کے اجتماعات میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے کر انہیں کامیاب بناتے ہیں۔

شاہد خاقان عباسی علیل، عوام پاکستان پارٹی کی دعاؤں کی اپیل

کوئٹہ (اے این این) عوام پاکستان پارٹی بلوچستان کے صوبائی جنرل سیکرٹری پروفیسر ڈاکٹر علیم صادق نے سابق وزیراعظم اور عوام پاکستان پارٹی کے سربراہ شاہد خاقان عباسی کی صحت یابی کے لیے پوری قوم سے دعا صحت کی اپیل کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ شاہد خاقان عباسی نہ صرف ایک تجربہ کار سیاستدان ہیں بلکہ ایک دیانتدار، شفاف اور اصولوں پر کاربند رہنما کے طور پر جانے جاتے ہیں۔ ان کی قیادت میں عوام پاکستان پارٹی نے جمہوری استحکام، گڈ گورننس اور عوامی فلاح و بہبود کے لیے جو اقدامات کیے، وہ ملک کی سیاسی تاریخ میں ہمیشہ یاد رکھے جائیں گے۔ پروفیسر ڈاکٹر علیم صادق نے کہا کہ شاہد خاقان عباسی کی سیاسی جدوجہد ہمیشہ ملک و قوم کے مفاد میں رہی ہے۔ انہوں نے ذاتی مفادات سے بالاتر ہو کر عوام کے لیے کام کیا، ملک میں اتفاق و اتحاد کا پیغام دیا، اور سیاست میں برداشت، شائستگی اور شفافیت کو فروغ دیا۔ آج جب وہ علالت کے باعث زیر علاج ہیں، پوری قوم کی دعا ہے کہ اللہ تعالیٰ انہیں جلد از جلد صحت کاملہ عطا فرمائے تاکہ وہ دوبارہ ملک و قوم کی خدمت کے مشن کو جاری رکھ سکیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام پاکستان پارٹی کے کارکنان، رہنما اور ہمدرد اس مشکل وقت میں اپنے قائد کے ساتھ کھڑے ہیں۔ پارٹی کے تمام دفاتر میں شاہد خاقان عباسی کی صحت یابی کے لیے اجتماعی دعاؤں کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔

REKO DIQ
MINING COMPANY

BUILDING A WORLD-CLASS MINING BUSINESS TO BENEFIT ALL

Reko Diq Mining Company, operated by Barrick and a joint venture with the Government of Balochistan and the Government of Pakistan, is recruiting a team of high caliber individuals for the development of its outstanding, world-class mining project-the Reko Diq copper-gold mine in Balochistan.

Position	Site Work Admin Officer
Department	Mine Technical Services
Location	Reko Diq Mine Site – Balochistan
Qualification	Diploma or bachelor's degree in business administration, Management, or a related field.
Experience	Minimum 2-3 years in an administrative role, preferably in mining, construction, or heavy industry.
Requirements	Highly organized and skilled at multitasking, with proficiency in MS Office applications (Excel, Word, Outlook). Strong communication and reporting abilities, capable of working independently in remote site environments. Familiar with HSE procedures and mining operations, and comfortable with roster-based site work (28/14). Possesses basic knowledge of petty cash handling and expense tracking.
Responsibilities	Manages site administration by maintaining accurate records, coordinating travel, onboarding staff and contractors, and overseeing office supplies and PPE inventory. Prepares manpower reports, monthly administrative data, and operational updates while ensuring full compliance with HSE policies. Supervises daily site activities, coordinates with internal departments, local authorities, and external partners, organizes meetings with proper documentation, and monitors logistics such as fuel and water supply to support smooth site operations.

Position	Site Accommodation Lead
Department	Travel and Facilities
Location	Reko Diq SITE - Balochistan
Qualification	Bachelor's degree in Hospitality Management, Business Administration, or a related field preferred, with certification or training in accommodation management or similar disciplines considered an advantage.
Experience	Minimum 7-8 years of experience in accommodation management, preferably in remote mining or construction site environments, with at least 2 years in a leadership role managing accommodation facilities or teams.
Requirements	Strong leadership, organizational, and communication skills, with the ability to manage multiple priorities in a fast-paced environment. Proficient in accommodation management software and MS Office Suite, with in-depth knowledge of health, safety, and environmental standards. Flexible to work in remote locations with extended hours, culturally sensitive, able to work with a diverse workforce, and possesses strong problem-solving and decision-making abilities.
Responsibilities	Oversees daily operations of accommodation facilities, ensuring quality, safety, and comfort standards are met. Manages the accommodation team, including housekeeping, catering, and maintenance staff, while coordinating room bookings and efficient occupancy. Ensures compliance with health, safety, and environmental regulations, monitors budgets for cost-effective operations, and conducts regular inspections to resolve issues. Acts as the primary contact for accommodation-related concerns and assists in planning and executing facility upgrades or expansions.

Position	Lawyer
Department	Legal
Location	Karachi, with some travel to Dubai
Qualification	Bachelor's or master's degree in law (LLB/LLM) from a recognized institution; Admission to practice law in Pakistan (valid Pakistan Bar Council license required).
Experience	Minimum 5-9 years of post-qualification experience (PQE) in commercial, litigation, or corporate law. Prior experience in the mining, energy, infrastructure, or large industrial sectors will be an advantage.
Requirements	Requires a strong understanding of Pakistani laws, regulations, and court procedures, along with proven experience in contract negotiations, regulatory matters, and legal correspondence. Excellent drafting, negotiation, and analytical skills, and strong command of written and spoken English and Urdu are essential. Must be able to manage multiple priorities, work independently as well as in a team, and demonstrate initiative and problem-solving abilities. Exposure to litigation and dispute resolution processes will be an advantage. A high level of integrity, confidentiality, and professional ethics is required.
Responsibilities	Provide legal advice and support on operational, regulatory, and contractual matters across company functions. Draft, review, negotiate contracts and other legal documents, and manage litigation, dispute resolution, and international arbitration cases. Ensure compliance with Pakistani and international laws, licenses, and regulatory requirements. Support company secretarial functions and maintain statutory records and filings. Liaise with government bodies, regulators, and external counsel, and prepare legal reports and opinions for management. Contribute to corporate governance, compliance training, and implementation of Barrick Mining's legal and ethical standards.

For further details, please visit our LinkedIn page: https://lnkd.in/dmu4DvGV or scan the QR code.

The application deadline is 10th November, 2025. Only shortlisted candidates will be contacted. Please apply in confidence at https://jobs.barrick.com/.

Local candidates can also drop their resumes off at RDMC Office, main bypass road near Indus Hospital Nokkundi, district Chagai.

Reko Diq Mining Company is an equal opportunity employer without any discrimination against ethnicity, gender, age, religion, caste, or social status.

Employment is conditional upon skill match, successful interview, and medical clearance.

چینسر پکنک پوائنٹ جاتے ہوئے حادثہ، دو افراد شدید زخمی

وندر (یو این اے) وندر سے کراچی کے تفریحی مقام چینسر پکنک پوائنٹ جاتے ہوئے موٹر سائیکل حادثہ پیش آیا، جس میں دو افراد شدید زخمی ہو گئے۔ تفصیلات کے مطابق تیز رفتاری کے باعث موٹر سائیکل بے قابو ہو کر حادثے کا شکار ہو گئی۔ حادثے میں موٹر سائیکل سوار اکرم اور عبید ساکن چاکیواڑہ کراچی شدید زخمی ہو گئے۔ واقعے کی اطلاع ملتے ہی MERC 1122 وندر کی میڈیکل ٹیم فوری طور پر جائے حادثہ پر پہنچ گئی، زخمیوں کو موقع پر ابتدائی طبی امداد فراہم کی گئی اور بعد ازاں مزید علاج کے لیے ٹراما سینٹر کراچی منتقل کر دیا گیا۔

حکومت صحافیوں کو درپیش خطرات پر فوری توجہ دے، سینیٹر عبدالقادر

صحافیوں کی جان، عزت اور قلم سب داؤ پر لگ چکے، عالمی سطح پر میڈیا ورکرز کے تحفظ کا مطالبہ شدت اختیار کر گیا ہے

دہشتگردوں کی دھمکیاں، حکومتی دباؤ، سیاسی مداخلت اور معاشی مسائل نے صحافیوں کو مشکلات میں ڈال دیا، بیان

[illegible] نظر آتے ہیں پاکستانی صحافیوں کو درپیش خطرات پر حکومتی سطح پر توجہ مرکوز کرنے کی اشد ضرورت ہے ملک کے طول و عرض میں صحافیوں کی جان، عزت اور قلم سب داؤ پر لگ چکے ہیں اسی لئے عالمی سطح پر میڈیا ورکرز کے تحفظ کا مطالبہ شدت اختیار کر گیا ہے دنیا بھر میں صحافت کو جمہوریت کی بنیاد سمجھا جاتا ہے کیونکہ یہ حکومت اور عوام کے درمیان ایک پل کا [illegible] جانب انہیں آزادی اظہار، تحفظ اور پیشہ ورانہ عزت کے بنیادی حقوق کی ضمانت بھی ملنی چاہیے۔ اقوام متحدہ اور عالمی صحافتی اداروں نے بار بار یہ مؤقف اپنایا ہے کہ دنیا کے مختلف ممالک میں صحافیوں پر بڑھتے ہوئے حملے اور حکومتی دباؤ آزادی صحافت کے اصولوں کے منافی ہیں۔ پاکستان میں بھی صحافیوں کو اپنی ذمہ داریوں کی ادائیگی کے دوران شدید خطرات کا سامنا ہے۔ دہشتگرد گروہوں کی دھمکیاں، حکومتی دباؤ، سیاسی جماعتوں کی مداخلت اور معاشی مشکلات نے صحافیوں کو مشکلات میں ڈال دیا ہے۔ متعدد صحافی اغوا، تشدد حتیٰ کہ قتل کا نشانہ بن چکے ہیں۔ دیہی علاقوں میں فیلڈ رپورٹنگ کرنے والے صحافیوں کی زندگیوں کو سب سے زیادہ خطرات لاحق ہیں۔ ایک ذمہ دار صحافی کے فرائض میں درست معلومات فراہم کرنا، مفاد عامہ کے تحفظ کیلئے حقائق سامنے لانا اور عوامی رائے کو منصفانہ انداز میں پیش کرنا شامل ہیں۔ بدقسمتی سے پاکستان سمیت کئی ممالک میں صحافیوں کے بنیادی حقوق نظر انداز کئے جا رہے ہیں۔

ماسٹر ارشاد احمد نیازی کی وفات پر گہرے دکھ اور غم کا اظہار

سبی (اے این این) رجنبل یونین آف جرنلسٹس کے صوبائی صدر سید طاہر علی، صوبائی سینئر نائب صدر میر ظہور احمد مگسی، نائب صدر فرحان فنی جمالی جنرل سیکرٹری ابراہیم بلوچ ایڈیشنل ڈپٹی جنرل سیکرٹری میر شہباز خان یوسف زئی نے سینئر صحافی حاجی ریاض ندیم نیازی، نیاز احمد نیازی سے ان کے بڑے بھائی ماسٹر ارشاد احمد نیازی کی وفات پر گہرے دکھ اور غم کا اظہار کرتے ہوئے فاتحہ خوانی کی اللہ تعالیٰ سے مرحوم کے درجات کی بلندی لواحقین کو صبر جمیل عطا کرنے کی خصوصی دعا بھی مانگی۔

شاہد خاقان عباسی با اصول، مخلص، مدبر رہنما ہیں، سید امان شاہ

کراچی/کوئٹہ (اے این این) عوام پاکستان پارٹی کے صوبائی کنوینر سید امان شاہ نے پارٹی کے مرکزی کنوینر شاہد خاقان عباسی کی طبیعت ناساز ہونے پر گہری تشویش کا اظہار کرتے ہوئے ان کی جلد اور مکمل صحت یابی کے لیے دعا کی ہے۔ اپنے بیان میں سید امان شاہ نے کہا کہ شاہد خاقان عباسی ایک با اصول، مخلص اور مدبر رہنما ہیں جنہوں نے ہمیشہ عوامی مفادات، جمہوریت کے استحکام اور ملک کی ترقی کے لیے عملی جدوجہد کی ہے۔ ان کی خدمات پاکستان کی سیاسی تاریخ میں سنہری حروف سے لکھی جائیں گی۔ انہوں نے مزید کہا کہ عوام پاکستان پارٹی کے تمام رہنما اور کارکن شاہد خاقان عباسی کی صحت کے لیے دعا گو ہیں اور امید رکھتے ہیں کہ وہ جلد مکمل صحت یاب ہو کر ایک مرتبہ پھر عوامی خدمت کے مشن کو بھرپور انداز میں جاری رکھیں گے

ڈیرہ مراد جمالی میں ڈاکوؤں کا راج، شہری پریشان

ڈکیتی کی مختلف وارداتیں ساڑھے تین لاکھ مالیت کے موبائل چوری

متاثرین کا شدید احتجاج قومی شاہراہ کو بلاک کر دیا، شدید نعرے بازی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ڈیرہ مراد جمالی اور اوستہ محمد میں ڈکیتی کی مختلف وارداتیں ساڑھے تین لاکھ مالیت کے موبائل چوری نوتال سے موٹر سائیکل چھین لی گئی اوستہ محمد کے قریب ٹرانسفارمر چوری ملزمان فرار پولیس کے مطابق ڈیرہ مراد جمالی کے قریب مولانا پمپ کے مقام نوتال پولیس تھانہ کی حدود قومی شاہراہ پر نامعلوم ڈاکوؤں نے گن پوائنٹ پر عبدالرشید موٹر سائیکل نقدی موبائل فون چھین کر فرار ہو گئے واقع کے خلاف متاثرین کا شدید احتجاج قومی شاہراہ کو بلاک کر دیا بعد ازاں ایس ایچ او نوتال کی یقین دہانی کرانے پر احتجاج ختم کر دیا گیا اوستہ محمد کے قریب سید فارم ہاوس کے مقام پر گزشتہ شب نامعلوم چور ٹرانسفارمر چوری کر کے فرار ہو گئے جبکہ اوستہ محمد سٹی پولیس تھانے کی حدود یو بی ایل بینک چوک کے مقام پر فہیم موبائل شاپ سے تین نو سرباز وں نے شاپ کے مالک کو الجھا کر تین قیمتی موبائل جن کی مالیت ساڑھے تین لاکھ روپے بتائی جا رہی ہے چوری کر کے فرار ہو گئے واقع پر تاجر برادری میں سخت تشویش کی لہر دوڑ گئی اوستہ محمد پولیس نے مدید تحقیقات شروع کر دی۔

نارووال، وفاقی وزیر احسن اقبال آر ایل این جی کنکشنز کا افتتاح کر رہے ہیں

عوام کو بنیادی سہولتوں کی فراہمی اولین ترجیح ہے، میر لیاقت لہڑی

حکومت عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کی تکمیل کیلئے اقدامات کر رہی ہے، مزید ترقیاتی منصوبے شروع کئے جائینگے

شہریوں کا معیار زندگی بہتر بنایا جائیگا، پارلیمانی سیکرٹری، جتیل روڈ کلی کبیر میں آبنوشی سکیم کا آغاز، اہل علاقہ کا اظہار تشکر

کوئٹہ (یو این اے) جتیل روڈ کلی کبیر میں رکن صوبائی اسمبلی و پارلیمانی سیکرٹری برائے ٹرانسپورٹ میر لیاقت علی لہڑی کی خصوصی دلچسپی اور کوششوں سے پی ایس ڈی پی فنڈز کے تحت آب نوشی اسکیم کا باقاعدہ آغاز کر دیا گیا ہے۔ اس منصوبے کے تحت واٹر سپلائی ٹیوب ویل کی تنصیب کا کام تیزی سے جاری ہے، جس سے مقامی آبادی کو پینے کے صاف پانی کی فراہمی ممکن ہوگی۔ علاقے کے عوام کا کہنا ہے کہ وہ طویل عرصے سے پانی کی قلت کے مسئلے سے دوچار تھے، تاہم اس اسکیم کے آغاز سے ان کی بڑی ضرورت پوری ہو جائے گی۔ عوام نے میر لیاقت علی لہڑی کی خدمات کو سراہتے ہوئے کہا کہ انہوں نے عوامی مسائل کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کا عملی ثبوت دیا ہے۔ رکن صوبائی اسمبلی میر لیاقت علی لہڑی نے کہا کہ عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی ان کی اولین ترجیح ہے، اور حکومت عوامی فلاح و بہبود کے منصوبوں کی تکمیل کیلئے اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ علاقے میں مزید ترقیاتی منصوبے بھی جلد شروع کیے جائیں گے تاکہ شہریوں کے معیار زندگی کو بہتر بنایا جا سکے۔ آب نوشی اسکیم کے آغاز پر علاقے میں خوشی کی لہر دوڑ گئی ہے اور عوام نے امید ظاہر کی ہے کہ منصوبہ جلد مکمل ہو کر عوام کو ریلیف فراہم کرے گا

گوادر پسنی، اسسٹنٹ کمشنر حسیم خان لگی کی ہدایت پر پرائس کنٹرول کمیٹی پسنی شہر کے مختلف مارکیٹوں اور دکانوں کا معائنہ کر رہے ہیں

پاکستان کی ترقی میں گوادر پورٹ کلیدی کردار ادا کر رہا ہے، چیئرمین

میری ٹائم انڈسٹری میں نوجوانوں، خصوصاً خواتین کیلئے بے شمار مواقع ہیں، طلبا و طالبات سمندری معیشت کے امکانات کو سمجھیں

سمندری شعبہ عالمی تجارت، پائیدار ترقی اور قومی معیشت کیلئے نہایت اہمیت کا حامل ہے، نورالحق بلوچ کا تقریب سے خطاب

گوادر (ح ن) وزارت بحری امور کی جانب سے ملک گیر میری ٹائم ویک کی مناسبت سے گوادر پورٹ پر خصوصی تقریب کا انعقاد کیا گیا، جس میں گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج گوادر کی طالبات اور اساتذہ نے خصوصی شرکت کی۔ تقریب وزارت بحری امور کی ہدایت پر چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ کی رہنمائی پر منعقد کی گئی، جس کا مقصد نوجوان نسل خصوصاً طالبات کو میری ٹائم سیکٹر کی اہمیت اور پاکستان کی ابھرتی ہوئی بلیو اکانومی سے روشناس کرانا تھا۔ چیئرمین گوادر بندرگاہ نورالحق بلوچ نے تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا ہے کہ میری ٹائم انڈسٹری میں نوجوانوں، خصوصاً خواتین کیلئے بے شمار مواقع موجود ہیں اور پاکستان کی ترقی میں گوادر پورٹ کلیدی کردار ادا کر رہا ہے۔ چیئرمین گوادر پورٹ نے طالبات پر زور دیا کہ وہ سمندری معیشت کے امکانات کو سمجھیں اور اس شعبے میں اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں۔ اس موقع پر منعقدہ سرگرمیوں کا مقصد طلبہ و طالبات کو گوادر پورٹ کی اسٹرٹیجک اور اقتصادی اہمیت سے آگاہ کرنا اور یہ سمجھانا تھا کہ سمندری شعبہ عالمی تجارت، پائیدار ترقی اور قومی معیشت میں کس طرح اہم کردار ادا کرتا ہے۔ مرکزی تقریب کے دوران طالبات کو گوادر پورٹ، چائنا بزنس سینٹر (CBC)، فری زون اور ڈیسالینیشن پلانٹ کے مختلف حصوں کا دورہ کرایا گیا، جہاں انہیں بندرگاہ کی روزمرہ کارروائیوں اور جاری تجارتی منصوبوں کے بارے میں تفصیلی آگاہی دی گئی۔

کوئٹہ، یونٹی فورم کے اجلاس کی صدارت میر محمد اسلم رند کر رہے ہیں، جبکہ اجلاس میں چوہدری محمد عاطف میر یونس بلوچ چوہدری شبیر تصیر حسین شاہ شریک ہیں

بجلی صارفین کی مشکلات کے ازالے کیلئے کوشاں ہیں، سی ای او کیسکو

افسران و ملازمین بجلی چوری اور کنڈا سسٹم کے مکمل خاتمے اور صارفین کو وسائل کے مطابق سہولیات فراہم کرنے میں کردار ادا کریں

ادارے کا مورال بلند کرنے کیلئے اپنی صلاحیتوں کا بھرپور استعمال یقینی بنائینگے، انجینئر سید محمد یوسف شاہ کی بات چیت، سبی کا دورہ

سبی (اے این این) چیف ایگزیکٹو آفیسر کیسکو انجینئر سید محمد یوسف شاہ نے کہا ہے کہ سبی سمیت بلوچستان بھر میں واپڈا کی کارکردگی کو بہتر سے بہتر بنانے کے لئے تمام دستیاب وسائل کو بروئے کار لا رہے ہیں تاکہ بلوچستان بھر میں بجلی کے صارفین کی مشکلات کا ازالہ ممکن ہو سکے بجلی ملک و قوم کی امانت ہے جس کے درست استعمال کو یقینی بنا کر اپنی ذمے داریاں احسن انداز سے سرانجام دیکر واپڈا کا مورال بلند کرتے کے لئے اپنی صلاحیتوں کا بھرپور استعمال یقینی بنائیں گے واپڈا کے افسران و ملازمین ہمارا قیمتی سرمایہ ہیں واپڈا کے صارفین ہمارے سروں کے تاج ہیں جن کی فلاح و بہبود مسائل کے حل اور مشکلات دور کرنا ہماری اولین ذمہ داریوں میں شامل ہے واپڈا کے افسران و ملازمین بجلی چوری کنڈا سسٹم کے مکمل خاتمہ اور صارفین بجلی کو تمام دستیاب وسائل میں سہولیات فراہم کرنے میں کردار ادا کریں واپڈا کے ملازمین ڈیوٹی کے دوران حفاظتی سامان استعمال کریں ان خیالات کا اظہار انہوں نے سبی میں واپڈا افسران و ملازمین سے بات چیت کرتے ہوئے کیا قبل ازیں چیف ایگزیکٹو افسر کیسکو انجینئر سید یوسف شاہ ایک روزہ دورے پر کیسکو سبی آپریشن سرکل پہنچے، جہاں پر سپرنٹنڈنگ انجینئر کیسکو سبی سرکل انجینئر میر حسن علی مگسی نے انہیں تفصیلی بریفنگ دی۔ بریفنگ کے دوران سرکل کی کارکردگی، درپیش مسائل اور جاری ترقیاتی منصوبوں پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ اس موقع پر کیسکو سبی سرکل میں اجلاس بھی ہوا، جس کی صدارت چیف ایگزیکٹو افسر انجینئر سید یوسف شاہ خان نے کی۔ اجلاس میں سپرنٹنڈنگ انجینئر کیسکو سبی سرکل انجینئر میر حسن علی مگسی، ایکسین آپریشن کیسکو سبی میر ظفر علی جھلکری و دیگر بھی موجود تھے اجلاس میں بجلی کی فراہمی کے نظام میں بہتری، صارفین کو بہتر سہولیات فراہم کرنے اور لائن لاسز میں کمی کے حوالے سے تفصیلی گفتگو کی گئی۔ اس موقع پر چیف ایگزیکٹو آفیسر انجینئر سید یوسف شاہ خان نے ہدایت کی کہ بجلی چوروں کے خلاف گھیرا تنگ کیا جائے اور بلا امتیاز کارروائیاں عمل میں لائی جائیں۔

اللہ ہی کے لئے ہیں مشرق ومغرب (قرآن حکیم)

مشرق

ایگزیکٹو ایڈیٹر، پرنٹر و پبلشر سید کامران ممتاز نے ایم ای ایم (پرائیویٹ) لمیٹڈ کیلئے مشرق پریس سے چھپوا کر A-4 ماڈل ٹاؤن حالی روڈ کوئٹہ سے شائع کیا۔ چیف ایڈیٹر سید ممتاز احمد
ٹیلی فون نمبر:۔2829164-2821538-2821626 فیکس نمبرز:۔2830228-2835934
ای میل mashriqqta2008@gmail.com

پیر 3 نومبر 2025ء

ایف بی آر اصلاحات، کامیابیوں کا تسلسل اور درپیش چیلنجز

وزیراعظم شہباز شریف نے مالی سال 2025ء میں 59 لاکھ ریکارڈ ٹیکس گوشوارے جمع ہونے پر ایف بی آر حکام کی کارکردگی کی تعریف اور ذمہ داری کا ثبوت دینے پر عوام کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا ہے کہ 9 لاکھ نئے ٹیکس فائلرز کا ٹیکس نیٹ میں آنا حکومت کی پالیسیوں پر عوام کے اعتماد کا عکاس ہے۔ وزیراعظم نے کہا کہ اللہ کے فضل وکرم سے ٹیکس نظام کی اصلاحات سے مثبت نتائج سامنے آرہے ہیں، ایف بی آر میں میرٹ کی بالادستی کو اولین ترجیح دی ہے۔ قابل اور محنتی افسران کی حوصلہ افزائی اور ناقص کارکردگی کی حوصلہ شکنی کے نظام سے ایف بی آر میں پرفارمنس کلچر متعارف کرایا گیا۔ وزیراعظم نے کہا کہ ایف بی آر کی ڈیجیٹائزیشن کی نگرانی بذات خود ہر اجلاس کی ہفتہ وار صدارت میں کی، ٹیکس گوشواروں کو آسان اور سہل بنایا گیا، بندرگاہوں پر خودکار کلیئرنس کے نظام سے کرپشن کے خاتمے اور پرفارمنس کی بہتری کو یقینی بنایا گیا، وزیراعظم نے کہا کہ غیررسمی معیشت کے خاتمے کیلئے پوائنٹ آف سیل کی تعداد میں اضافے سے سیلز ٹیکس کی چوری کو روکا گیا، ٹیکس آمدن میں گزشتہ برس کی نسبت 9 ارب کا اضافہ حکومت کی ایف بی آر اصلاحات کا منہ بولتا ثبوت ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے بالکل بجا کہا ہے حکومت نے ایف بی آر سمیت قریباً ہر شعبے میں جدت وبہتری اور اصلاح احوال کا سلسلہ جاری رکھا ہے اس موجودہ حکومت نے اقتدار سنبھالتے ہی ایک ایسے وقت میں معاشی سمت درست کرنے کی مہم شروع کی جب ملک کو مالی دباؤ، بڑھتی مہنگائی، زرمبادلہ کے بحران اور عالمی مالیاتی اداروں کے سخت تقاضوں جیسے کٹھن چیلنجز کا سامنا تھا۔ ان حالات میں حکومت کا سب سے پہلا ہدف ریونیو بیس کو وسیع کرنا اور ٹیکس نیٹ میں شفافیت وتوسیع لانا تھا۔ حکومت نے ہمہ جہت اصلاحاتی اقدامات کو فوقیت دی چاہے وہ توانائی کے شعبے میں اصلاحات ہوں، زراعت میں سبسڈی کے نئے ماڈل ہوں، یا مالی نظم وضبط کے تحت غیرضروری اخراجات پر قابو پانے کے اقدامات۔ خاص طور پر ایف بی آر کی بہتری کو انہوں نے اپنی اصلاحاتی پالیسی کا مرکزی نکتہ قرار دیا کہ ملک کی ترقی کا دارومدار صرف بیرونی امداد یا قرضوں پر نہیں بلکہ ٹیکس کے منصفانہ نظام اور داخلی محصولات کی مضبوطی پر ہے۔ یہی وجہ ہے کہ انہوں نے ایف بی آر کے نظام کو جدید خطوط پر استوار کرنے کے لئے ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن کو قومی ترجیح قرار دیا۔ گزشتہ چند برسوں میں ایف بی آر پر سب سے بڑی تنقید اس کی سست روی پر رہی ہے۔ تاہم موجودہ حکومت کے اقدامات سے یہ ادارہ آہستہ آہستہ ایک خودکار اور جدت پر استوار ادارے میں ڈھل رہی ہے ڈیجیٹائزیشن کے ذریعے گوشواروں کی فائلنگ آسان بنائی گئی، اب عام شہری بھی موبائل یا کمپیوٹر کے ذریعے اپنا ریٹرن فائل کرسکتا ہے۔ اس کے علاوہ پوائنٹ آف سیل سسٹم کے ذریعے کاروباری اداروں کی سیلز کی حقیقی رپورٹنگ ممکن بنائی گئی ہے جس سے سیلز ٹیکس چوری میں واضح کمی آئی ہے۔ مزید برآں، ایف بی آر میں میرٹ پر مبنی تبادلے اور تعیناتیاں ہونے سے ایک ایسا ماحول پیدا ہوا ہے جس میں کارکردگی کی بنیاد پر ترقی اور ناقص کارکردگی پر بازپرس کا کلچر جنم لے چکا ہے۔ یہ کسی بھی سرکاری ادارے کے لئے ایک اہم سنگ میل ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف نے ایف بی آر کے اجلاسوں کی خود صدارت کرکے اس ادارے کی بہتری کو ذاتی نگرانی میں رکھا ہے۔ اس انداز قیادت سے افسران میں نہ صرف اعتماد پیدا ہوا بلکہ ان کے اندر کارکردگی دکھانے کا جذبہ بھی بڑھا۔ مالی سال 2025ء میں 59 لاکھ افراد کی جانب سے ٹیکس گوشوارے جمع کروانا ایک تاریخی کامیابی ہے۔ گزشتہ برس کے مقابلے میں یہ اضافہ اس حقیقت کا ثبوت ہے کہ عوام کو اب حکومت کے ٹیکس نظام پر اعتماد ہے۔ خاص طور پر 9 لاکھ نئے فائلرز کا نظام میں شامل ہونا ایک بڑی کامیابی ہے۔ پاکستان جیسے ملک میں جہاں ماضی میں ٹیکس نیٹ محدود تھا اور عوامی مزاحمت زیادہ، وہاں یہ اضافہ ایک پالیسی کامیابی کے طور پر دیکھا جارہا ہے۔ اس کا مطلب ہے کہ حکومتی اقدامات صرف اعداد وشمار تک محدود نہیں بلکہ عوامی شعور اور اعتماد سازی میں بھی مثبت نتائج دے رہے ہیں۔ یہ اضافہ نہ صرف ملکی ریونیو بڑھانے کا باعث بنے گا بلکہ معاشی استحکام، قرضوں پر انحصار میں کمی اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے لئے بھی سرمایہ فراہم کرے گا۔ ڈیجیٹل ٹرانسفارمیشن پروگرام کی بدولت ادارے میں شفافیت بڑھ رہی ہے۔ وزیراعظم نے واضح کیا ہے کہ ایف بی آر کو مکمل طور پر ڈیجیٹل، میرٹ بیسڈ، اور عوام دوست ادارہ بنایا جائے گا یہ وژن ایک ایسے پاکستان کی عکاسی کرتا ہے جہاں ٹیکس دینا فخر کی بات سمجھی جائے نہ کہ بوجھ۔ یہ بات بھی قابل ذکر ہے کہ موجودہ حکومت کی اصلاحات کا سلسلہ صرف ایف بی آر تک محدود نہیں۔ توانائی، تعلیم، زراعت، صنعت، اور صحت کے شعبوں میں بھی اصلاح احوال کا عمل جاری ہے۔ توانائی کے شعبے میں سولرائزیشن کے فروغ سے درآمدی ایندھن پر انحصار کم کرنے کی کوشش کی جارہی ہے۔ صنعتی شعبے میں ٹیکسٹائل، فوڈ پراسیسنگ، اور آئی ٹی ایکسپورٹس کو خصوصی مراعات دی جارہی ہیں تاکہ ملک کا تجارتی خسارہ کم ہو۔ یہ تمام اقدامات ایک مربوط معاشی حکمت عملی کا حصہ ہیں جس کا مقصد پائیدار ترقی ہے۔ یہ کہنا درست ہوگا کہ موجودہ حکومت نے جس جذبے کے ساتھ ایف بی آر کی اصلاحات شروع کیں، وہ پاکستان کی تاریخ میں اپنی نوعیت کی منفرد کوشش ہے۔ تاہم، حقیقت یہ بھی ہے کہ ابھی بہت سا کام باقی ہے۔ ٹیکس نظام میں پیچیدگیاں، غیررسمی معیشت کا حجم، بجلی کی بندش، اور کاروباری سرگرمیوں میں سست روی جیسے مسائل ابھی بھی ٹیکس وصولی پر اثرانداز ہو رہے ہیں۔ اس حقیقت کا اعتراف خود حکومتی حلقوں میں بھی کیا جارہا ہے کہ اصلاحات کا عمل ایک طویل اور مسلسل جدوجہد ہے، جس کے نتائج بتدریج سامنے آتے ہیں۔ ابھی دو دن قبل ایسی خبریں رپورٹ ہوئیں کہ ایف بی آر کا ٹیکس شارٹ فال رواں مالی سال کے ابتدائی چار مہینوں میں 274 ارب روپے تک پہنچ گیا۔ یہ کمی بنیادی طور پر مقامی سیلز ٹیکس کلکشن کی سست روی کے باعث ہوئی، یہ حقیقت اپنی جگہ برقرار ہے کہ ایف بی آر میں اصلاحات کا عمل درست سمت میں گامزن ہے، مگر عمل درآمد کی رفتار مزید تیز کرنے کی ضرورت ہے مزید برآں، غیررسمی معیشت کو ٹیکس نیٹ میں لانے کے لئے بھی انتظامی سختی کے ساتھ عوامی آگاہی مہمات اشد ضروری ہیں ایف بی آر کی اصلاحات ایک حقیقی اور دیرپا تبدیلی کی سمت میں اہم قدم ہیں ضرورت اس امر کی ہے کہ اس تسلسل کو برقرار رکھتے ہوئے ایف بی آر کو ایک جدید، مؤثر اور عوام دوست ادارہ بنایا جائے تاکہ پاکستان کو مالی خودکفالت کی راہ پر گامزن کیا جاسکے۔

افغانستان سے مذاکرات: دیکھیے پاتے ہیں عشاق بتوں سے کیا فیض

حقائق

عفت حسن رضوی

ہم پاکستان کے شہری علاقے کے لوگوں سے طالبان کا تعارف پرویز مشرف کے دور میں ہوا۔ شدت پسند ہمارے گلی کوچوں میں پہلے بھی مختلف ناموں سے موجود تھے مگر ان کا مقصد فرقہ واریت ہوا کرتا تھا۔ امریکہ میں ٹاوِن ٹاورز کو ورلڈ ٹریڈ سینٹر پہ حملے کے بعد ہم نے نیویارک اور کابل سے ہزاروں میل دور کراچی میں بیٹھ کر القاعدہ اور طالبان کے قدموں کی آہٹ سنی۔ ان کے خودکش بمباروں کو پھٹتے دیکھا اور ملکی وغیرملکی حملہ آوروں کو معصوم شہریوں پہ گولیاں برساتے دیکھا۔ کتنے ہی مذاکرات، جرگوں، معاہدوں اور فوجی آپریشنز کا ثمر یہ ملا کہ پاکستان کے اکثر شہری علاقوں کو امن نصیب ہوگیا لیکن صوبہ خیبر پختونخوا کے لوگوں کا امتحان ابھی تک جاری ہے۔ خیبرپختونخوا کے مختلف علاقوں میں شدت پسندی اب بھی جاری ہے۔ پچھلے برس جان سے جانے والے سکیورٹی فورسز اور پولیس کے اہلکاروں اور عام شہریوں کی کل تعداد لگ بھگ چھ سو کے قریب تھی۔ معاملات کے بگڑنے کا اندازہ اس بات سے لگالیں کہ اس سال صرف پاکستانی فوج کے چار سو کے قریب اہلکار اور افسران جان سے ہاتھ دھو بیٹھے ہیں جبکہ مارے جانے والے پولیس اہلکاروں اور عام شہریوں کی تعداد لگ بھگ تین سو ہوگئی ہے۔ اس وقت اگر ایک عام پاکستانی کی ٹینشن مہنگائی، نوکری کی تلاش، غیرمؤثر انتظامیہ، سیاسی گھٹن یا اظہار رائے پہ پابندی ہے تو خیبر پختونخوا کے شہریوں کو فوجی آپریشنز، نقل مکانی، تحریک طالبان پاکستان کے حملوں کا ڈر کھائے جارہا ہے۔ زمینی صورت حال یہ ہے کہ شدت پسند اب تھرمل کیمروں اور ڈرونز سمیت کواڈ کاپٹرز استعمال کر رہے ہیں جبکہ پورے صوبے کی پولیس آپریشنل وسائل کی کمی کا شکار ہے۔ وفاق اور صوبائی حکومت آپس میں اس بات پہ الجھی رہتی ہیں کہ اس ہفتے اڈیالہ کے قیدی سے ملاقات کروائی جائے گی یا نہیں۔ پہلے جرگے بیٹھتے تھے تو سیاسی رہنما، صوبائی حکومت، قبائلی عمائد اور سکیورٹی حلقے سب مل کر جنگ بندی پہ غور کرتے تھے۔ فوجی آپریشن ہوتا تھا تب بھی سب سٹیک ہولڈرز تمام تر اختلافات کے باوجود یک زبان ہوتے تھے۔ اب کی بار یہ حال ہے کہ شدت پسند حملہ کریں تو سکیورٹی فورسز کی کارکردگی پہ سوال اٹھتا ہے اور اگر فوج آپریشن کرے تو سیاسی اور مقامی سپورٹ ندارد۔ آج سے کوئی 15 برس قبل جب تحریک طالبان پاکستان کے ساتھ ساتھ پنجابی طالبان بھی زمانہ عروج پر تھے، تب بھی گرینڈ آپریشن یا مذاکرات کی کشمکش عرصے تک چلتی رہی۔ کچھ پنجابی طالبان گروہوں کو اندر سے توڑا گیا اور بعض کو خاموش مذاکرات کے ذریعے ٹھنڈا کیا گیا۔ پاکستان اور ٹی ٹی پی کے درمیان مذاکرات بھی نئے نہیں۔ 2004ء میں شکئی امن معاہدہ ہوا، اگلے برس جنوبی وزیرستان سراروغہ میں ایک اور معاہدہ ہوا۔ 2009ء میں سوات امن معاہدہ کیا گیا، اس کے بعد 2014ء، 2021ء اور 2022ء میں بھی مختصر مدت کے امن معاہدے ہوئے۔ یہ تمام معاہدے جنگ بندی کے لیے تھے، جس کے عارضی فائدے بھی ملے۔ آج ایک بار پھر طالبان سے مذاکرات اور فوجی آپریشن کی دو راہیں کھلی ہیں اور پاکستان دونوں آپشنز اپنا رہا ہے کہ جس سے کام چل جائے۔ لیکن حقیقت یہ ہے کہ ماضی کے تمام مذاکرات اور امن معاہدے آج تک تحریک طالبان پاکستان کے عسکریت پسندوں کو غیرمسلح کرنے کے لیے قائل نہیں کرسکے۔ دیگر عام پاکستانیوں کی طرح میں بھی طالبان اور سکیورٹی پالیسی کی ماہر نہیں لیکن سیاست دانوں کی لمبی لمبی پریس کانفرنسز، سکیورٹی افسران کی لائیو بریفنگ اور طالبان کی سوشل میڈیا پہ موجودگی سے اتنا تو سمجھ آگیا ہے کہ ہمارے وفاقی اور سکیورٹی امور کے ماہر ایسے بھی کوئی ماہر نہیں خارجہ امور کے ارسطوؤں نے طالبان اور افغان معاملات پہ کوئی ایسے جھنڈے نہیں گاڑے کہ ہم واہ واہ کریں۔ بالکل ایسے ہی افغان پالیسی کی گردان تو بہت ہے مگر کوئی پالیسی سرے سے ہے بھی کہ نہیں یا بس یونہی سانپ سیڑھی کے کھیل کی طرح انتظار میں ہیں کہ چھ آجائے تو چال افغان طالبان کی انڈیا سے بڑھتی پینگیں، پاکستان افغان سرحدی جنگ اور ٹی ٹی پی کی ریاست پاکستان کے خلاف پھرتیاں اشارہ ہیں کہ اب کی بار کابل کے ہوٹل میں چائے کا کپ لہرانے سے کام نہیں چلے گا۔ اب سکیورٹی اداروں، قبائل، مقامی سیاست دانوں، صوبائی حکومت اور وفاق سب کو ایک دوسرے کو سننا ہوگا، سب کو مل کر واقعتاً کسی دیرپا افغان پالیسی کو تشکیل دینا ہوگا اور ٹی ٹی پی سے امن معاہدے کے سراب کا پیچھا چھوڑنا ہوگا۔

امریکہ اور بھارت کا دفاعی معاہدہ؟

جلسہ عام



مجیب الرحمان شامی

سیاسی درجہ حرارت کم کرنا ہوگا

منظرنامہ

اسد صہیب

مفاہمت وباہمی احترام ہی مسئلہ کا حل ہے!

تاثرات

سید مجاہد علی

پاکستان تحریک انصاف کے متعدد سابق لیڈروں نے پارٹی کے بانی اور دیگر رہنماؤں کی رہائی کے لیے مہم چلانے کا اعلان کیا ہے۔ تاہم یہ لوگ اس ... ہیں۔ فواد چوہدری کا دعویٰ ہے کہ شاہ محمود قریشی اس حکمت عملی سے متفق ہیں، اس لیے انہیں امید ہے کہ تحریک انصاف کے مزید لیڈر بھی اس عمل میں ...

... ہیں۔ سابق وزیر اطلاعات فواد چوہدری کا دعویٰ ہے کہ ان کی شاہ محمود قریشی سے 45 منٹ تک ملاقات ہوئی جس میں انہوں نے بھی عمران خان کی رہائی کے لیے شروع کی جانے والی ان نئی کوششوں کی حمایت کی ہے۔ لیکن بی بی سی نے اس ملاقات پر شاہ محمود قریشی کے وکیل رانا مدثر عمر سے رابطہ کیا جن کا کہنا تھا کہ شاہ محمود قریشی کے لیے یہ کم کرتا ہے۔ بی بی سی سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے دعویٰ کیا کہ ان کی عمران اسماعیل اور مولوی محمود کے ہمراہ شاہ محمود قریشی سے تقریباً 45 منٹ تک ملاقات ہوئی۔ فواد چوہدری نے دعویٰ کیا کہ سابق گورنر پنجاب چوہدری سرور سمیت پی ٹی آئی کے متعدد سابق رہنما عمران خان کو رہا کروانے کی اس مہم میں ان کے ساتھ ہیں۔ عیادت کرنے بھی نہ جائیں۔ عجیب منطق ہے۔ عمران اسماعیل نے مزید کہا کہ ہم نے صرف (ہسپتال میں) شاہ محمود قریشی سے (ہی) نہیں (بلکہ) کوٹ لکھپت جیل میں بھی کارکنوں اور لیڈرشپ سے (بھی) ملاقات کی ہے۔ تمام پارٹی صرف عمران خان کی رہائی چاہتی ہے، ماسوائے ان کے جو اس لیے ماحول تیخ کررہے ہیں کہ عمران اس مذکورہ مہم کا حصہ نہیں۔ اسد عمر کا خیال ہے کہ سیاسی بحران مذاکرات سے ختم ہوگا۔ لیکن حکومت تحریک انصاف اور عمران خان کو دیوار سے لگا کر صرف ایک بڑے احتجاج کا راستہ چھوڑ رہے ہیں۔ ایک دفعہ احتجاج کی کال آگئی تو پھر مذاکرات سیاسی حل نہیں، سڑک کی جنگ نظر آئیں گے۔ پھر جو بھی ہوگا اس کی ذمہ داری حکومت کی ہوگی۔

’’کیچ! معاشرتی ترقی میں بلوچ خواتین کا کردار سیمینار‘‘

افکار زاہدی

نسیم الحق زاہدی
naseemulhaq.nuhz@gmail.com

ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کے زیراہتمام جنوبی بلوچستان کے ضلع کیچ میں ’’معاشرتی ترقی میں بلوچ خواتین کا کردار‘‘ کے عنوان سے ایک اہم سیمینار کا انعقاد کیا گیا۔ جس کا مقصد بلوچستان کی خواتین کی معاشرتی وسماجی اہمیت اور علاقائی ترقی میں ان کے کردار کو اجاگر کرنا تھا۔ سیمینار میں ارکان بلوچستان اسمبلی، مقامی سیاست دانوں، سول انتظامیہ، سکیورٹی اداروں کے نمائندگان، اساتذہ، ڈاکٹرز، دانشوروں اور طالبات سمیت مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والی تقریباً 200 خواتین نے شرکت کی۔ سیمینار کے پینل میں سابق وزیر اعلیٰ بلوچستان ڈاکٹر عبدالمالک بلوچ، صوبائی وزیر برائے کھیل و امور نوجوانان مینا مجید، سابق رکن بلوچستان اسمبلی مسز ماہ جبین شیران اور یونیورسٹی آف بلوچستان کی پروفیسر ڈاکٹر شاہدہ حبیب شامل تھے۔ پینل اراکین نے اظہار خیال کرتے ہوئے کہا کہ بلوچ خواتین نے ہمیشہ اپنی صلاحیت، استقامت اور ...

... نے خواتین پر زور دیا کہ وہ ترقی کے اس سفر میں اپنے اخلاقی وثقافتی اقدار کو برقرار رکھیں، مشکلات کے سامنے ہمت نہ ہاریں، دستیاب مواقعوں سے فائدہ اٹھائیں اور اپنی ذمہ داریوں کو دیانتداری سے نبھائیں۔ سیمینار کے اختتام پر شرکاء نے اس عزم کا اعادہ کیا کہ بلوچ خواتین کو تعلیم، روزگار اور قیادت کے مساوی مواقع فراہم کرنے کے عمل کو مزید فروغ دیا جائے گا، تاکہ وہ صوبے کی ترقی اور استحکام میں مؤثر کردار ادا کرسکیں۔ جنوبی بلوچستان میں دہشت گردی کے خاتمے سے لے کر عوام کی ...

ایف سی (ساؤتھ) کی جانب سے خواتین کی صحت، تعلیم اور روزگار کے حوالے متعدد اقدامات کیے جارہے ہیں، اسی سلسلہ میں گزشتہ سال 29 اکتوبر 2024 کو ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کے زیراہتمام گورنمنٹ گرلز کیڈٹ کالج تربت میں پہلی بار خواتین کے لیے بریسٹ کینسر آگاہی کونشن کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد خواتین کو اس موذی مرض کے خطرات، وجوہات، احتیاطی تدابیر اور بروقت تشخیص کی اہمیت سے آگاہ کرنا تھا۔ تربت شہر میں اس مہلک مرض کی آگاہی کے حوالے سے پوسٹرز اور بینرز آویزاں کیے گئے، جنہوں نے خواتین میں شعور پیدا کرنے میں اہم کردار ادا کیا۔ اس کونشن کے انعقاد پر مختلف کالجز کی طالبات اور مقامی خواتین نے ایف سی (ساؤتھ) کی اس کاوش کو بے حد سراہا۔ ...

ٹریننگ سینٹر تربت کے اشتراک سے خواتین کو ڈیجیٹل میدان میں بااختیار بنانے کے لیے 30 روزہ ’’شارٹ کورس‘‘ کا انعقاد کیا گیا، جس کا مقصد تربت کی خواتین کو ڈیجیٹل مہارتوں سے آراستہ کرنا تھا تاکہ وہ خودمختار، باعزت روزگار حاصل کرسکیں اور ایک روشن مستقبل کی طرف گامزن ہوں۔ اس کورس میں خواتین کو کمپیوٹر کی بنیادی تعلیم، جدید سافٹ ویئرز کے استعمال اور فری لانسنگ کے ذریعے روزگار کے مواقع سے روشناس کروایا گیا، تاکہ انہیں ڈیجیٹل دنیا میں مؤثر طریقے سے قدم رکھنے کے قابل بنایا جاسکے۔ آج جنوبی بلوچستان میں خواتین کا بڑھتا ہوا تعلیمی رجحان، ان کی سماجی شمولیت اور معاشی خودمختاری ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کی ان انتھک کاوشوں کا واضح ثبوت ہے جو اس نے ایک پرامن، ترقی یافتہ اور باوقار بلوچستان کے خواب کو حقیقت میں بدلنے کے لیے کی ہیں۔ بلوچ خواتین جو کبھی پسماندگی، محرومی اور فرسودہ روایت کی زنجیروں میں ...

... ضروری ہے۔ آج کے دور میں کمپیوٹر سیکھنا زندگی کا لازمی حصہ بن چکا ہے۔ اسی مقصد کے پیش نظر ایف سی (ساؤتھ) نے خواتین کی ڈیجیٹل تعلیم کے فروغ کے لیے بھی قابل قدر اقدام اٹھایا۔ رواں سال یکم جولائی 2025ء سے 31 جولائی تک ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) اور ٹیکنیکل ...

... اور معاشرے کا مقدر بدل دیتی ہے۔ ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کی انہی کوششوں نے بلوچستان کی بیٹیوں کے دلوں میں یہ یقین پیدا کیا ہے کہ وہ اس ملک کی تعمیر وترقی میں ایک فعال اور کلیدی کردار ادا کرسکتی ہیں۔ آج وہ خوداعتمادی، وقار اور حب الوطنی کی علامت بن چکی ہیں۔

... خواتین کی شرکت کے بغیر کسی بھی معاشرے کی ترقی ادھوری رہتی ہے۔ آئی جی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) نے اپنے خطاب میں کہا کہ معاشرتی ترقی ایک منظم ارتقائی عمل ہے، جس میں بلوچ خواتین کا کردار بنیادی حیثیت کا حامل ہے۔ بلوچ خواتین آج اپنی محنت، عزم اور صلاحیتوں کے بل پر قومی ترقی میں نمایاں کردار ادا کررہی ہیں۔ انہوں ...

روشن ہوچکی ہیں۔ اور یہ تبدیلی ایف سی بلوچستان (ساؤتھ) کی ان مسلسل فلاحی اور سماجی کوششوں کا نتیجہ ہے جو خواتین کو بااختیار بنانے کے لیے کی جاری ہیں۔ کیونکہ تعلیم یافتہ خواتین کامیاب معاشرے کی ضمانت ہیں اور عورت کے بغیر انسانی نسل کا استحکام اور نشوونما ناممکن ہے۔ اس لیے ایک خوشحال اور ترقی یافتہ معاشرے کی تشکیل کے لیے ...

’’خودکشی اور میں۔۔‘‘

شہریاراں



نجم ولی خان

میرے سامنے اسلام آباد میں خودکشی کرنے والے خوبصورت، نوجوان ایس ایس پی عدیل اکبر کے بارے تحقیقاتی کمیٹی کی خبر کھلی ہوئی ہے جس کی فائنڈنگز میں خودکشی کے شواہد نہیں ملے۔ میری دعا ہے کہ یہ ناگہانی موت ہرگز خودکشی ثابت نہ ہو۔ اگر چہرے پر لگنے والی گولی سے ہونے والی موت خودکشی نہیں تو پھر دو ہی آپشن بچتے ہیں، ایک حادثاتی طور پر گولی کا لگ جانا اور دوسرے قتل۔ میرا کہنا ہے اگر یہ قتل تھا تو قاتل کو ٹریس کرکے فوری ساعت کی عدالت کے ذریعے عبرتناک سزا ملنی چاہئے کہ اس نے خاندان ہی نہیں قوم کو ایک قیمتی فرد سے محروم کر دیا، ریاست کا نقصان کیا یقینی طور پر امتحانات میں نمایاں کامیابیاں حاصل کرتے ہوئے وفاقی دارالحکومت میں ایس ایس پی تعینات ہو جانے والا نوجوان عام اور معمولی نہیں ہوسکتا۔ میں سازشی تھیوریوں کے ساتھ ہرگز نہیں جاؤں گا ...

طرح جانتا ہوں کہ میں ایک کلٹ کے نشانے پر ہوں کیونکہ میں اس ملک میں امن، تعمیر اور ترقی کی بات کرتا ہوں، میں اس گروہ کے خلاف ہوں جس کو دیا گیا عقل شعور یہ ہے کہ جب پاکستان کا جھگڑا ایران سے ہو تو وہ ایرانی بن جاتے ہیں، جب بھارت سے ہو تو ہندوستانی اور جب افغانستان سے ہوا ہے تو افغانی بنے پھرتے ہیں۔ میری وضاحت میرے ان ہزاروں فالوورز کے لئے ہے جو مجھ پر اعتماد کرتے ہیں، جو مجھ سے محبت ...

مظلوم کی معصوم خواہش

خیالات

رسول بخش رئیس

گزشتہ دنوں فراغت میں نیویارک ٹائمز میں ایک امریکی سکالر، مورخ اور فوٹوگرافر لیلیٰ امت اللہ بریان کا عمر ابن سعید کے بارے میں ایک طویل مضمون پڑھنا شروع کیا تو کئی خوابیدہ یادیں دل میں جاگ اٹھیں۔ اس ملک میں طالب علمی کے زمانے کے کچھ دوست تصویری خبرنامے کی طرح ذہن کی سکرین پر جلوہ گر ہونے لگے۔ سوچنا شروع کردیا کہ ان کے آباؤ اجداد غلامی کے دور میں افریقہ کے مغربی ساحل کے علاقوں سے کس طرح گرفتار کیے گئے، کئی ماہ سمندروں میں بھیڑ بکریوں کی طرح تکلیف دہ سفری صعوبتیں برداشت کرتے رہے یہاں تک کہ غلامی کی منڈیوں میں بولی پر فروخت ہوئے۔ ہم اس زمانے میں مل کر بیٹھتے تو ایسی باتیں ضرور ہوتیں۔ دنیا کی تاریخ کے اس سیاہ باب میں ہماری دلچسپی بھی اوائل عمر کے زمانے سے ہے۔ بڑے بڑے فاتحین، جنگجو جنہیں عام خلقت ’’عظیم‘‘ کے القاب سے یاد کرتی ہے سے زیادہ میری دلچسپی ان کے انجام کی کہانی سے ہے۔ کبھی ایسی تاریخ پڑھتے ہوئے دھیان ہمیشہ ان کے ہاتھوں ہوئے ظلم سے زیادہ مظلوموں کی طرف رہتا ہے۔ ان کی مزاحمت ادب، شاعری، لوک کہانیوں یا جس صورت میں بھی ہو ہمارے لیے قابل ستائش ہے۔ ہماری روح اور جدید فتوح مظلوم اور اپنے حق کی راہ میں جدوجہد کا پرچم اٹھائے عام لوگوں کے ساتھ رہتی ہے۔ مذکورہ مضمون کا عنوان اور اس میں لگی ابن سعید کی تصویر کچھ ایسی ہے کہ کئی دنوں تک اس کے بارے کچھ مزید پڑھنے اور اس کے خیالوں میں گم رہنے کو جی چاہتا ہے اور ساتھ انسانی تہذیب کے کچھ گہرے المیوں میں بھی دل الجھ جاتا ہے۔ لیلیٰ امت اللہ بریان نے زبردست بات کی ہے کہ یادداشت مزاحمت کا ایک طاقتور ہتھیار ہے۔ جتنا اس لکھنے پر آپ غور فرمائیں اتنا ہی آپ مظلوموں کی جدوجہد کے اس رنگ کا ادراک کرسکیں گے۔ پہلے کچھ ابن سعید کی زندگی کے بارے میں آپ کو آگاہ کرنا چاہتا ہوں تاکہ آپ کو یہ یادداشت اور مزاحمت کی بات سمجھ میں آسکے۔ افریقہ سے لاکھوں نوجوان غلام بنا کر امریکہ کی اس وقت کی کالونیوں، جو بعد میں ریاستوں کی شکل اختیار کرگئیں، میں لائے گئے اور ان کی خرید وفروخت ہوئی۔ مگر صرف ایک ہی شخص ہے جس نے اپنی سوانح حیات غلامی کے دوران لکھی، اور وہ بھی عربی زبان میں۔ ابن سعید عالم دین تھے، سینیگال کے کسی گاؤں میں ایک دریا کے کنارے ان کا قبیلہ آباد تھا۔ کئی بھائی بہن تھے۔ خوشحال اور آزاد زندگی گزار رہے تھے اور اسلامی تعلیمات پر عمل پیرا تھے۔ غلامی کی زنجیروں میں جکڑ لیے جانے سے پہلے انہوں نے 25 سال تک تعلیم حاصل کی اور اپنے علاقے میں عالم مشہور تھے۔ وہ لکھتے ہیں کہ ایک دن کسی لشکر نے ان کے شاد وآباد گاؤں پر حملہ کیا۔ سب کچھ تباہ وبرباد کرکے انہیں گرفتار کرکے لے گئے۔ سمندر میں ایک ماہ دس دن کے اذیت ناک سفر کے بعد شمالی کیرولینا کے کسی علاقے میں انہیں غلامی کی منڈی میں فروخت کردیا گیا۔ پہلا مالک، جسے وہ انتہائی ظالم اور برا شخص قرار دیتے ہیں، کی غلامی سے بھاگ گئے مگر تب کے دستور کے مطابق انہیں کوئی بھی قتل کرسکتا تھا، یا پکڑ کر دوبارہ کسی منڈی میں آوارہ گائے بکری کی طرح فروخت کرسکتا تھا۔ انہیں کچھ عرصہ جیل میں بند رکھنے کے بعد دوبارہ فروخت کردیا گیا۔ جو بات ان کی کہانی میں آج دلچسپی کا موضوع بنی ہوئی ہے وہ اپنے مذہب سے محبت اور استقامت ہے۔ جیل میں، جہاں شاید وہ اکیلے ہی بند تھے، دیواروں پر قرآنی آیات لکھتے، جو بھی صوفیانہ شاعری یاد تھی، اسے دہراتے اور عبادت میں مصروف رہتے۔ ان کا دوسرا اور آخری مالک رحم دل انسان تھا۔ ان سے کوئی سخت مشقت نہیں لیتا تھا اور عام غلاموں کی نسبت ان کے ساتھ بہتر سلوک روا رکھتا تھا۔ وہ بڑے لوگ تھے۔ ان کے مالک کا ایک بھائی کیرولینا کا گورنر بنا۔ ان کے بارے میں لوگوں نے مشہور کر رکھا تھا کہ یہ ایک ’’عربی شہزادہ‘‘ ہے جسے غلام بنالیا گیا ہے۔ اخباروں اور رسالوں میں مضامین لکھنے والے کبھی کبھار ان سے بات چیت کرنے کیلئے بھی آتے تھے۔ ان کے مالکوں نے انہیں مسیحی مذہب اختیار کرنے کیلئے بھی زور تو نہ ڈالا مگر کوشش کرکے ان کیلئے کہیں سے عربی زبان میں انجیل مقدس ڈھونڈ لائے۔ وہ ان کے ساتھ چرچ میں بھی جاتے اور ہر اتوار کو عبادت بھی کرتے۔ انہوں نے کئی مختصر تحریریں چھوڑی ہیں جن میں انجیل کے کچھ حصوں کا عربی میں ترجمہ بھی شامل ہے۔ لیکن ایسا کوئی ثبوت نہیں ملتا کہ جس سے پتا چلے کہ انہوں نے اپنا مذہب تبدیل کرلیا ہو۔ آخری سانس تک ثابت قدم رہے۔ ایسی غلامی کے دور کی ہزاروں سوانح حیات موجود ہیں، مگر وہ تب کے غلاموں نے اپنے علاقوں، معاشروں، خاندانوں اور قبائل کے بارے میں بطور راوی لکھوائی ہیں۔ جو بات ابن سعید کی کہانی میں منفرد اور مورخین کی دلچسپی کا باعث ہے وہ اپنے دین، زمین، وطن اور اس دریا کے کنارے کی محبت ہے۔ اپنی غلامی کے تقریباً بارہ سال بعد انہوں نے ایک خط لکھا جو شاید اپنے آپ کا مخاطب تھا۔ دل میں حسرت ہے کہ میں اپنے گھر واپس جاؤں۔ لوگ مجھے اپنی سرزمین افریقہ میں دیکھیں، جو ایک دریا کے کنارے ہے۔ اسی سال لیلیٰ امت اللہ بریان ایک مرتبہ سینیگال ابن سعید کی کہانی کو دوبارہ سے سمجھنے گئیں۔ اس دریا کے اندر کشتی میں اس کی بڑی تصویر تھامے کھڑی ہوئیں۔ ان کی یہ کاوش بھی اسی طرح معصوم ہے جس طرح ابن سعید کی یہ خواہش کہ میں اپنے ملک میں دیکھا جاؤں۔ غلامی نجانے کتنے کروڑ لوگوں کی زندگیوں کو برباد کرگئی۔ سب اس کی گرد میں دب کر سسکیاں لیتے دم توڑ گئے۔ عمر ابن سعید کی داستان جتنی دلکش ہے اتنی ہی دلفریب بھی۔ وہ اپنی ماں ام ہانی کو ہمیشہ یاد کرتے اور ان کی جدائی میں عربی میں کچھ پڑھتے رہتے۔ جو لوگ مزاحمت کے عملی میدان سے کوئی واسطہ رکھتے ہیں ان کیلئے ابن سعید کی زندگی اور خیالات بہت مسحورکن ہیں۔ کئی دنوں بعد بھی اب تک ان کے خیالوں میں ڈوبا ہوا ہوں۔ ان کی تحریروں میں انصاف، زمین پر خدا کی قدرت اور انسانی دنیا کیلئے بھلائی کی دعائیں ہیں۔ ان کی سوانح حیات کے مخطوطے بھی ’’اپنی داستان‘‘ جس کیلئے یہاں گنجائش نہیں، کی ایک قیمتی دستاویز کے طور پر اب مشہور زمانہ امریکی لائبریری آف کانگریس میں موجود ہیں۔ لائبریری نے عمر ابن سعید سیکشن قائم کر رکھا ہے جس میں غلامی کے دور کی دستاویزات محققین کے لیے موجود ہیں۔ انسانی تاریخ، جغرافیہ اور روحانی دنیاؤں کے درمیان رشتوں کو صرف وہی محسوس کرسکتے ہیں جنہیں جدوجہد، شناخت اور حریت کی روح سے کچھ آشنائی اور اس سے مسحور ہونے کی سعادت نصیب ہوئی ہو۔ ابن سعید اس کی عملی شکل تھے۔

چاول کی امدادی قیمت 4000 گندم کی 4500 روپے مقرر کی جائے

ٹیل کے چھوٹے زمینداروں اور کسانوں کو نہری پانی کی فراہمی یقینی بنائی جائے، امداد کے ذریعے کسانوں کی مالی معاونت کی جائے

25 ایکڑ تک کے زمینداروں اور کسانوں کو کارڈ دیے جائیں۔ ان کسانوں کو بھی کارڈ دیے جائیں جو اجارے پر زمینوں کی کاشت کرتے ہیں

کمیونسٹ پارٹی آف پاکستان، سندھ ہاری کمیٹی اور بلوچستان بزگر کمیٹی کے عہدیداروں کی وفاقی و صوبائی حکومتوں سے مطالبات

چمن: ڈی سی حبیب احمد بنگلزئی زیرو پوائنٹ پر واقع ہولڈنگ کیمپ میں نادرا، افغان باشندوں کی رجسٹریشن کے حوالے سے معلومات فراہم کر رہے ہیں

گوادر: ضلع میں پانی کے بحران پر قابو پانے کی کوششیں جاری ہیں

مختلف ذرائع سے شہر اور گردونواح میں پانی کی فراہمی کی جا رہی ہے

مہر کے بغیر شادی کی حیثیت

تحریر: نثار خان ترین

عوامی اشتہارات MASHRIQ CLASSIFIED

گمشدگی شناختی کارڈ

بیزارنامہ / اظہار لاتعلقی

گمشدگی شناختی کارڈ

ضرورت رشتہ

تبدیلی نام فرم

... انجینئرنگ کونسل میں رجسٹرڈ ہے جس کا رجسٹریشن نمبر C6/87176 ہے اب ہم اس کا نام تبدیل کر کے ناز اینڈ برادرز (پرائیویٹ) لمیٹڈ رکھنا چاہتے ہیں لہٰذا آج کے بعد اسی نام پر خط و کتابت کی جائے المشتہر محمد رحیم ناز

R.No..........STAFF

جیکب آباد: محکمہ روڈز میں کروڑوں کی میگا کرپشن کا انکشاف

کارکردگی کی بنیاد پر محکمہ زراعت کی پانچویں پوزیشن لائق مبارکباد ہے

امید ہے مستقبل میں بھی محکمے کی کارکردگی بہتر سے بہترین ہوگی، کسان لیڈر، ڈیرہ مراد جمالی

اوستہ محمد: ایرانی پٹرول و ڈیزل کی سمگلنگ کا مرکز بن گیا

نصیر آباد: سڑکوں کی تعمیر و مرمت پر تیزی سے کام جاری ہے، عبدالرحمن کاکڑ

محکمہ مواصلات و تعمیرات نصیر آباد کا عملہ فیلڈ میں رہ کر منصوبوں کی نگرانی کر رہا ہے

... فرنٹ کے منصوبوں پر کام تیزی سے جاری ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبائی وزیر آبپاشی میر محمد صادق عمرانی، صوبائی وزیر مواصلات و تعمیرات میر سلیم احمد خان کھوسہ اور سیکرٹری مواصلات و تعمیرات کی خصوصی ہدایات کے تحت مختلف علاقوں میں ترقیاتی سرگرمیوں کو مزید تیز کر دیا گیا ہے۔ ایگزیکٹو انجینئر کے مطابق محکمہ مواصلات و تعمیرات نصیر آباد کا عملہ فیلڈ میں رہ ... کاکڑ نے کہا کہ ان منصوبوں کی تکمیل سے عوام کو بہتر سفری سہولیات میسر آئیں گی، زرعی اجناس کی ترسیل میں آسانی ہوگی اور مقامی معیشت کو فروغ ملے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ حکومت بلوچستان عوامی فلاح و ترقی کے جذبے کے تحت تمام منصوبوں کو شفاف اور معیاری انداز میں مکمل کرنے کے لیے پرعزم ہے۔

... غیر محفوظ سمجھتے ہیں انہوں نے کہا کہ گذشتہ شب قومی شاہراہ کے ساتھ ہی مقامی ہوٹل میں چوری و ڈکیتی کا واقعہ رونما ہوا ہے جس کی وجہ سے عوام سراپا احتجاج ہیں مقامی انتظامیہ چوروں کی بیخ کنی کے لیے اقدامات کریں علاقے میں گشت کا نظام موثر بنا کر علاقے سے چوری ڈکیتیوں کا ہمیشہ کیلئے خاتمہ کریں تاکہ عوام چین سے زندگی گزار سکیں۔

پشتونخوا ملی عوامی پارٹی ایک عوامی جمہوری سیاسی جماعت ہے، پی کے میپ چمن

... کیونکہ صحافت ہی معاشرے کی آواز بہتر انداز میں اجاگر کر سکتے ہیں آزاد صحافت ہی سے عوام اپنے مسائل حل کر سکتے ہیں کیونکہ بلوچستان میں خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی نے ہی پہلی دفعہ عوام کی آواز بلند کرنے کیلئے صحافت کی بنیاد رکھی اسی بنا پر پشتونخوامیپ آزاد صحافت پر یقین رکھتی ہیں جس کا واضح مثال چمن پریس کلب کیلئے پریس کانفرنس ہال کی تعمیر پی ایس ڈی پی میں رکھی تھی۔ تقریب

پشین، منزکی ڑ میں اراضی پر غیرقانونی قبضہ قابل مذمت ہے، فیض اللہ

کمشنر کوئٹہ ڈویژن اور پشین انتظامیہ نوٹس لے کر متاثرین کو انصاف فراہم کریں

چمن: پی ایس او کی جانب سے پشتونخوامیپ کے ضلعی سیکرٹریٹ میں منعقدہ چائے پارٹی میں پریس کلب کے صدر حاجی اصغر اچکزئی حاجی جمال الدین احسان اللہ اچکزئی ودیگر شریک ہیں

خضدار میں عطائی ڈاکٹرز عوام کی صحت سے کھیل رہے ہیں نوٹس لیا جائے

غیر مستند لیڈی ڈاکٹرز و دیگر تمام عطائیوں کے خلاف بلا امتیاز و فوری کارروائی کرتے ہوئے اسناد کی جانچ کی جائے، شہریوں کا مطالبہ

ایسے ڈاکٹروں کے خلاف متعدد شکایات ہیں، ایک شہری کی جانب سے ایف آئی آر درج کرانے کی درخواست بھی جمع کرائی گئی ہے

خضدار میں عطائیت کے خاتمے کیلئے موثر اقدامات وقت کی ضرورت بن چکے ہیں، انتظامیہ انسانی جانوں سے متعلق مسئلہ حل کرے

خضدار (یو این اے) خضدار میں عطائی لیڈی ڈاکٹروں کی لوٹ مار عروج پر پہنچ گئی ہے جبکہ محکمہ صحت کی خاموشی نے عوامی حلقوں میں شدید غم و غصہ پیدا کر دیا ہے۔ ذرائع کے مطابق چاندنی چوک کے قریب قائم ایک نجی کلینک میں غیر مستند لیڈی ڈاکٹر بغیر کسی رجسٹریشن کے نارمل ڈلیوری کے فی کیس پندرہ ہزار روپے سے زائد رقم وصول کر رہی ہے۔ بتایا جاتا ہے کہ مذکورہ خاتون کا رویہ مریض خواتین کے ساتھ نہایت سخت اور غیر اخلاقی ہے، جبکہ رقم نہ ہونے کی صورت میں خواتین کے ساتھ ناروا سلوک کیا جاتا ہے۔ متعدد متاثرہ خواتین نے محکمہ صحت خضدار میں شکایات درج کروائی ہیں مگر تاحال کوئی کارروائی عمل میں نہیں لائی گئی۔ ذرائع کے مطابق محکمہ صحت کے بعض اہلکار مبینہ طور پر اس عطائی لیڈی ڈاکٹر کے ساتھ ملی بھگت میں ملوث ہیں۔ اسی طرح سول اسپتال خضدار میں تعینات ایک گائناکالوجسٹ لیڈی ڈاکٹر پر بھی الزامات سامنے آئے ہیں کہ وہ اسپتال آنے والی مریض خواتین کو اپنے نجی اسپتال جانے پر مجبور کرتی ہے۔ شہریوں کے مطابق اس ڈاکٹر کا رویہ انتہائی بے رحمانہ اور متکبرانہ ہے۔ علاقے کے متعدد افراد نے اس کے خلاف شکایات درج کرائیں جبکہ ایک شہری کی جانب سے ایف آئی آر درج کرانے کی درخواست بھی جمع کرائی گئی ہے مگر پولیس نے تاحال مقدمہ درج نہیں کیا۔ شہریوں نے ڈپٹی کمشنر خضدار سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ اس معاملے کا فوری نوٹس لیں، مذکورہ لیڈی ڈاکٹرز کے تعلیمی اسناد اور رجسٹریشن کی چھان بین کروائیں، غیر مستند ثابت ہونے کی صورت میں قانونی کارروائی عمل میں لائیں، اور سرکاری ملازمت کے ساتھ نجی اسپتالوں میں ڈیوٹی دینے والے گائناکالوجسٹ ڈاکٹرز پر پابندی عائد کریں۔ عوام کا کہنا ہے کہ خضدار میں عطائیت کے خاتمے کے لیے سخت اقدامات وقت کی اہم ضرورت بن چکے ہیں۔

ڈیرہ مراد جمالی: میونسپل کمیٹی کی جانب سے صفائی مہم کا آغاز

مین نالوں اور واٹر پمپنگ اسٹیشنوں کے تالابوں کی صفائی کا کام تیزی سے جاری

نصیر آباد (نامہ نگار) چیئرمین میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی میر صفدر خان عمرانی اور چیف آفیسر میونسپل کمیٹی سلیم خان ڈوکی کی خصوصی دلچسپی اور نگرانی میں شہر کے مین نالوں اور واٹر پمپنگ اسٹیشنوں کے تالابوں کی صفائی کا کام تیزی سے جاری ہے۔ ڈیرہ مراد جمالی شہر میں نکاسی آب کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے میونسپل کمیٹی نے بڑے پیمانے پر صفائی مہم کا آغاز کر دیا ہے۔ اس مہم کے دوران مختلف علاقوں میں موجود گندے پانی کے نالوں، واٹر پمپنگ اسٹیشنوں اور زیر زمین تالابوں کی مکمل صفائی کی جا رہی ہے تاکہ شہریوں کو پانی کی نکاسی میں کسی قسم کی دشواری کا سامنا نہ کرنا پڑے۔ چیئرمین میر صفدر خان عمرانی نے کہا کہ شہر کی صفائی اور نکاسی آب کا نظام درست رکھنا ہماری اولین ترجیح ہے۔ انہوں نے صفائی کے عملے کو ہدایت کی کہ تمام مین نالوں کی صفائی بروقت اور موثر انداز میں مکمل کی جائے تاکہ کسی بھی ہنگامی صورتحال سے نمٹا جا سکے۔ چیف آفیسر سلیم خان ڈوکی نے بتایا کہ میونسپل کمیٹی محدود وسائل کے باوجود عوامی سہولت کے لیے دن رات کوشاں ہے۔ شہریوں سے اپیل کی گئی ہے کہ وہ صفائی مہم میں میونسپل عملے سے تعاون کریں اور گندگی یا کچرا نالوں میں نہ پھینکیں تاکہ شہر کو صاف و شفاف رکھا جا سکے۔ شہریوں نے بھی چیئرمین اور چیف افیسر میونسپل کمیٹی کے اس اقدام کو سراہتے ہوئے امید ظاہر کی ہے کہ اگر یہ عمل تسلسل کے ساتھ جاری رہا تو ڈیرہ مراد جمالی شہر صفائی کے حوالے سے ایک مثالی شہر بن سکتا ہے۔

بارکھان، کمشنر لورالائی ڈویژن ولی محمد بڑیچ کے احکامات پر شہر میں صفائی مہم جاری ہے

خاران: کنٹریکٹ فیز 1 کے متعدد اساتذہ کرام کی جی ٹی اے میں شمولیت

ہماری تقرری سے لے کر آخر تک جی ٹی اے بی کے عہدیداروں نے رہنمائی کی

خاران (محمد عیسیٰ محمد حسنی) ڈسٹرکٹ خاران کے کنٹریکٹ فیز 1 کے 60 کے قریب میل فیمیل اساتذہ کرام نے باقاعدہ گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن میں شمولیت کا اعلان کیا اس سلسلے میں گورنمنٹ بوائز ہائی سکول ہندو محلہ میں ایک پروقار تقریب منعقد ہوئی پروگرام کے مہمان خصوصی ڈویژنل ڈائریکٹر سردار نوروز خان سکانزئی، ڈی ای او خاران مختیار احمد ڈوکی، ڈی او ای عبدالخالق، ہیڈ ماسٹرز جی ٹی اے کے ممبران نے کثیر تعداد میں شرکت کی جس میں کنٹریکٹ فیز 1 کے میل فیمیل اساتذہ کرام جن کی قیادت عبیداللہ اور محمد اختر نے کرتے ہوئے جی ٹی اے خاران کے صدر احمد مہر، جنرل سیکرٹری گل محمد، چیئرمین حافظ علی نواز، آرگنائزر ذوالفقار احمد اور پورے ضلعی کابینہ کی قیادت میں مکمل اعتماد کرتے ہوئے شمولیت اختیار کی اس موقع پر انہوں نے کہا کہ ہماری تقرری سے لے کر آخر تک جی ٹی اے بی کے عہدیداروں نے دن رات ہمارے کاموں میں ہماری رہنمائی کی ہمیں بھرپور سپورٹ کیا۔ ان کی کاوشوں اور ضلعی آفیسران کے تعاون سے ہمارے تمام کام پایہ تکمیل تک پہنچ گئے یقیناً جی ٹی اے بی اساتذہ کرام کی واحد تنظیم ہے جو عملی کارکردگی دکھا رہا ہے۔ اس موقع پر احمد مہر و دیگر مقررین نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ کنٹریکٹ فیز ون کے اساتذہ کرام کا گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن میں شمولیت ہمارے لیے اعزاز بھی ہے اور ایک بڑی ذمہ داری بھی گورنمنٹ ٹیچرز ایسوسی ایشن میں شمولیت کا مقصد صرف کسی ادارے کا حصہ بن جانا نہیں، بلکہ ایک سوچ، ایک نظام اور ایک جہد مسلسل کا حصہ بننا ہے۔ استاد ایک قوم کا معمار ہے اور جب معمار ہی متحد ہوں باشعور ہوں اور اپنے حقوق و فرائض سے آگاہ ہوں، تب ہی ایک مضبوط تعلیمی معاشرہ وجود میں آتا ہے۔ ہر معلم کے جائز حقوق کے لیے موثر اور مہذب آواز بنیں اور ساتھ ہی اپنی کلاس روم، اپنے طلباء اور اپنے نصاب کو مزید بہتر کرنے کی کوشش کریں ہم سیاسی بنیادوں پر نہیں بلکہ اصول، اخلاق اور کردار کی بنیاد پر اکٹھے ہو رہے ہیں۔ یہاں کوئی ذاتی مفاد نہیں اجتماعی مفاد ہے۔ یہاں کوئی تنقید برائے تنقید نہیں اصلاح، بہتری اور پیش رفت ہے۔ ہم حکومت، تعلیمی اداروں، پالیسی سازوں اور متعلقہ تمام حلقوں کو واضح پیغام دیتے ہیں کہ گورنمنٹ ٹیچر نہ کمزور ہے نہ بے اختیار استاد باشعور ہے، منظم ہے، اور اپنے مقام کی حفاظت کرنے کی بھرپور طاقت رکھتا ہے۔ ہم پرعزم ہیں کہ ہم اس ایجنڈے کو صرف کاغذ پر نہیں چھوڑیں گے بلکہ عمل، کردار اور سرگرمیوں کے ذریعہ اسے حقیقت بنائیں گے۔ آخر میں ہم تمام نئے شامل ہونے والے ساتھیوں کو خوش آمدید کہتے ہیں، اور اپنے سینئر ساتھیوں کا شکریہ ادا کرتے ہیں جنہوں نے ہمیشہ ہمت، رہنمائی اور حوصلہ دیا۔

فیصل جمالی کی کارکردگی قابل تحسین ہے، عبدالرزاق پلال

اوستہ محمد (آن لائن) صوبائی وزیر میر فیصل خان جمالی صوبے میں ترقیاتی کاموں میں نمبرون آئے بہترین کام کروائے جنہیں حکومت بلوچستان نے نمبرون کا اعزاز دیا ہمیں خوشی ہوئی ہے جو پروپیگنڈا میر فیصل خان کے خلاف ہوا وہ خاک میں مل گیا ان خیالات کا اظہار سیاسی سماجی رہنما قبائلی شخصیت میر عبدالرزاق خان پلال نے میڈیا سے باتیں کرتے ہوئے کہیں انہوں نے کہا کہ چند روز قبل ایک فیک آئی ڈی پر میر فیصل خان جمالی کے خلاف وائرل ہوئی کہ کوئی کام نہیں ہوئے لیکن اب بلوچستان حکومت نے صوبے بھر میں میر فیصل خان کے ترقیاتی کاموں کو سراہا اور اسے نمبرون قرار دیا جس پر ہم میر فیصل خان جمالی کو خراج تحسین پیش کرتے ہیں حق حق ہوتا ہے اللہ کی مہربانی ہے کہ اس وقت میر فیصل خان جمالی صوبے میں سرخرو ہوئے اور ہم۔ علاقے کے عوام بھی ان کی کارکردگی سے مطمئن ہیں خوش ہیں اور خراج تحسین پیش کرتے ہیں۔

جیکب آباد: محکمہ روڈز میں کروڑوں کی مبینہ کرپشن کا انکشاف

جیکب آباد (آئی این پی) جیکب آباد کے محکمہ روڈز میں کروڑوں کی مبینہ کرپشن، اینٹی کرپشن ٹیم کا تعلقہ ٹھل کی اسکیموں کا معائنہ۔ تفصیلات کے مطابق جیکب آباد کے محکمہ روڈز میں کروڑوں روپے کی مبینہ کرپشن کی تحقیقات کے سلسلے میں اینٹی کرپشن لاڑکانہ کے ڈائریکٹر عبدالغفور دھامراہ کی سربراہی میں ٹیم نے تعلقہ ٹھل کی مختلف ترقیاتی اسکیموں کا دورہ کیا، ذرائع کے مطابق ضلع جیکب آباد کی 134 اسکیموں میں کروڑوں روپے کی مبینہ خرد برد کے الزامات ہیں، اینٹی کرپشن ٹیم نے اسکیموں کا معائنہ کیا جس دوران محکمہ روڈز کے افسران بھی موجود تھے، ذرائع کا کہنا ہے کہ ٹیم ضلع بھر کی مختلف اسکیموں کا چار روز تک تفصیلی معائنہ کرے گی

پنجگور میں امن و امان کی صورتحال بہتری کی جانب گامزن ہے، حافظ محمد اعظم

بدامنی میں واضح کمی آئی ہے، چوری، ڈکیتی اور قتل جیسے سنگین جرائم میں نسبتاً کمی واقع ہوئی

پنجگور (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع پنجگور کا امن و امان کی صورتحال اور موجودہ حالات پر ایک ہنگامی اجلاس ضلعی امیر حافظ محمد اعظم کی صدارت میں منعقد ہوا، جس میں ضلعی و تحصیل کابینہ، جے یو آئی کے ذمہ داران نے بھرپور شرکت کی۔ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے ضلعی امیر نے کہا کہ الحمدللہ، کچھ عرصے سے پنجگور کی بدامنی میں واضح کمی آئی ہے۔ چوری، ڈکیتی اور قتل جیسے سنگین جرائم میں نسبتاً کمی واقع ہوئی ہے، جس کا کریڈٹ ان تمام اداروں کو جاتا ہے جو امن و امان کے قیام میں سنجیدہ ہیں۔ اسی طرح منشیات فروشوں کے خلاف حالیہ اقدامات خوش آئند ہیں۔ امید ہے کہ پنجگور جلد ہی جرائم پیشہ عناصر سے مکمل پاک ہوگا۔ تاہم، ضلعی امیر نے نوجوانوں کو بغیر اطلاع گھروں سے اٹھانے کے سلسلے پر شدید تشویش کا اظہار کیا۔ انہوں نے کہا کہ اگر کسی فرد پر شک ہے یا وہ کسی جرم میں ملوث ہے تو اس کے گھر والوں کو باقاعدہ اطلاع دے کر، قانونی دائرہ کار میں رہتے ہوئے کارروائی کی جائے۔ بصورت دیگر یہ رویہ عوام میں بد اعتمادی اور نفرت کو جنم دے گا، جو کسی طور قابل قبول نہیں۔ جمعیت علماء اسلام پنجگور واضح کرتی ہے کہ وہ قانون کی حکمرانی، امن کے قیام اور سماجی انصاف کی مکمل حمایت کرتی ہے، مگر اس کے ساتھ شہریوں کے بنیادی حقوق کا تحفظ بھی لازمی سمجھتی ہے۔ اجلاس میں بارڈر بندش اور عوام کی معاشی حالت پر بھی شدید تشویش کا اظہار کیا گیا۔ مقررین نے کہا کہ روزگار دینا ریاست اور حکمرانوں کی بنیادی ذمہ داری ہے، مگر یہاں عوام کو بیروزگار کیا جا رہا ہے، بارڈرز بند ہیں، لوگ نان شبینہ کے محتاج ہو چکے ہیں۔ اب "ویریفکیشن" کے نام پر مزید تاخیر کی جا رہی ہے جمعیت علماء اسلام پنجگور مطالبہ کرتی ہے کہ ویریفکیشن کا عمل شفاف بنایا جائے، غریب عوام کو ان کا حق دیا جائے، مافیاز کے اثر و رسوخ کا خاتمہ کر کے بارڈرز کھولے جائیں، تاکہ روزگار کی بحالی ممکن ہو سکے آخر میں نائب امیر جمعیت علماء اسلام پنجگور مولانا عبدالحمید مدنی نے شہید ولید صالح، دیگر مرحومین و مظلومین کے لیے دعا مغفرت کی

چاغی میں محکمہ زراعت کی کارکردگی لائق تحسین، ملک دلمراد محمد حسنی

محکمہ کی جانب سے ضلع میں جاری ترقیاتی و اصلاحاتی اقدامات قابل تعریف ہیں، حاجی جمعدار

گزشتہ سہ ماہی میں محکمہ زراعت کی کارکردگی نے کسان طبقے میں نئی امید پیدا کی ہے، مولا بخش حسنی

چاغی (آن لائن) زمیندار و کسان برادری کی جانب سے محکمہ زراعت کی شاندار کارکردگی کو خراج تحسین تحصیل چاغی کے زمینداروں اور کسان برادری نے محکمہ زراعت بلوچستان کی گزشتہ سہ ماہی میں نمایاں کارکردگی کو سراہتے ہوئے صوبائی وزیر زراعت میر علی حسن زہری، سیکرٹری زراعت نور احمد پرکانی، سیکریٹریٹ اور ڈائریکٹوریٹ کے افسران و عملے کو خراج تحسین پیش کیا ہے۔ اس موقع پر ممتاز قبائلی و سماجی شخصیات ملک دلمراد محمد حسنی، چیئرمین محمد مراد محمد حسنی، حاجی جمعدار، مولا بخش محمد حسنی، میر علی بخش محمد حسنی، کونسلر محمد داود محمد حسنی، حاجی عبدالرحمن محمد حسنی، نصیر احمد محمد حسنی، خدا بخش محمد حسنی، حاجی نعمت اللہ محمد حسنی، لاجبر خان محمد حسنی، حاجی خدائے نظر ساسولی اور مولوی محمد ابراہیم محمد حسنی نے مشترکہ بیان میں کہا کہ محکمہ زراعت کی جانب سے ضلع چاغی میں جاری ترقیاتی و اصلاحاتی اقدامات قابل تعریف ہیں۔ انہوں نے کہا کہ گزشتہ سہ ماہی میں محکمہ زراعت کی کارکردگی نے کسان طبقے میں نئی امید پیدا کی ہے۔ محکمے کی جانب سے زرعی پیداوار میں اضافہ، جدید طریقہ کاشت کی تربیت، بیجوں اور کھادوں کی بروقت فراہمی جیسے اقدامات نے علاقے کے کسانوں کو حقیقی فائدہ پہنچایا ہے۔ زمیندار برادری نے اس عزم کا اظہار کیا کہ اگر یہی سلسلہ برقرار رہا تو نہ صرف چاغی بلکہ پورے بلوچستان میں زرعی ترقی کا ایک نیا دور شروع ہوگا۔ انہوں نے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا کہ چاغی جیسے پسماندہ اضلاع میں مزید زرعی منصوبے شروع کیے جائیں تاکہ کسان معیشت کو مضبوط بنایا جا سکے۔ کسان برادری نے محکمہ زراعت کے تمام افسران و ملازمین کو یقین دلایا کہ وہ زرعی ترقی کے جاری عمل میں بھرپور تعاون جاری رکھیں گے تاکہ بلوچستان زرعی خود کفالت کی راہ پر گامزن ہو سکے۔

سوراب: تحصیل دشتگوران میں مویشیوں میں مہلک بیماری پھیل گئی

درجنوں بکریاں ہلاک، مال داروں کو لاکھوں کا نقصان، ویٹرنری ٹیم بھیجنے کا مطالبہ

سوراب (یو این اے) سوراب کے علاقے تحصیل دشتگوران میں مویشیوں میں مہلک بیماری پھوٹ پڑنے سے درجنوں بکریاں ہلاک ہو گئی ہیں، جس کے نتیجے میں مقامی زمینداروں کو لاکھوں روپے کا نقصان ہوا ہے۔ مقامی چرواہوں اور مالدار طبقے نے بتایا کہ بیماری تیزی سے ایک گاں سے دوسرے گاں تک پھیل رہی ہے، اور اب تک محکمہ لائیو اسٹاک کی جانب سے کوئی عملی اقدام یا ویکسینیشن مہم کا آغاز نہیں کیا گیا۔ ہلاک ہونے والے مویشیوں کی وجہ سے دیہی معیشت متاثر ہوئی ہے، کیونکہ مال مویشی مقامی غریب زمینداروں کی بنیادی آمدنی کا ذریعہ ہیں۔ مالداروں نے صوبائی حکومت سے مطالبہ کیا ہے کہ فوری طور پر علاقے میں ویٹرنری ڈاکٹرز کی ٹیم بھیجی جائے اور محکمہ لائیو اسٹاک کو پابند بنایا جائے کہ وہ مویشیوں میں پھیلنے والی بیماری کے خاتمے کے لیے فوری اقدامات کرے۔ مقامی افراد نے یہ بھی کہا کہ ضلعی انتظامیہ اور محکمہ لائیو اسٹاک فوری نوٹس لے کر ویکسینیشن، معائنہ اور امدادی اقدامات شروع کریں تاکہ مزید مالی نقصان سے بچا جا سکے۔

ڈیرہ مراد جمالی، پاکستان کمیونسٹ پارٹی کے مرکزی جنرل سیکرٹری قاضی امداد بلوچستان بزگر کمیٹی کے صدر فرحاد رند و دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

پشین میں ایک روزہ زرعی کاروباری رابطہ کاری میلہ

میلہ خوشحال کسان سوشل انٹرپرائز کی زیرنگرانی، یورپی یونین فنڈڈ اور انٹرنیشنل ٹریڈ سینٹر ITC (گراسپ پروجیکٹ) کے تعاون سے منعقد ہوا

میلے میں کثیر تعداد میں کسانوں، مالداروں، کاروباری حضرات، گھریلو کاروباری خواتین، نوجوانوں، طلبہ و اساتذہ سمیت عمائدین نے شرکت کی

خوشحال کسان ہی خوشحال پاکستان کی ضمانت ہے، ADC عبدالوہاب ناصر۔ ایسے ایونٹس منعقد کرتے رہیں گے، ڈائریکٹر SEP مجیب اللہ کاکڑ

پشین (نامہ نگار) خوشحال کسان سوشل انٹرپرائز پلیٹ فارم پشین SEP کے زیرنگرانی، یورپی یونین فنڈڈ اور انٹرنیشنل ٹریڈ سینٹر ITC grasp (گراسپ پروجیکٹ) کے تعاون سے سردار مصطفیٰ خان فٹبال گراؤنڈ میں ایک روزہ زرعی کاروباری و رابطہ کاری میلے کا انعقاد کیا گیا پروگرام کا افتتاح ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر ریونیو پشین ADC عبدالوہاب ناصر صاحب نے کیا اس موقع پر سابق ضلعی ناظم ڈاکٹر گوہر اعجاز خان کاکڑ، ملک سیف اللہ خان کاکڑ، حاجی صمد خان اچکزئی، خوشحال کسان سوشل انٹرپرائز پلیٹ فارم پشین کے CEO سید عبدالعلی آغا، SEP ڈائریکٹرز ملک مجیب اللہ کاکڑ، ملک عصمت اللہ ترین، غلام مصطفیٰ، میڈم بی بی روغدیہ، SBK ویمن یونیورسٹی پشین کیمپس کے چانسلر اشرف کاکڑ، ایلیمنٹری گرلز کالج پشین کی پرنسپل، دیگر قبائلی عمائدین اور کثیر تعداد میں کسان بھی موجود تھے۔ یہ ضلع پشین میں اپنی نوعیت کا پہلا زرعی میلہ ہے۔ جس میں کسانوں کے ساتھ ساتھ گھریلو کاروباری خواتین اور نوجوانوں کو بھی شرکت کا موقع فراہم کیا گیا۔ اس میلے میں SBK یونیورسٹی، گرلز ایلیمنٹری کالج کی طالبات نے بھی شرکت کی اور انہوں نے اپنی مصنوعات کے اسٹالز بھی لگائے۔ خوشحال کسان سوشل انٹرپرائز پلیٹ فارم کے CEO سید عبدالعلی آغا، ڈائریکٹر ملک مجیب کاکڑ نے مہمانوں کو SEP خوشحال کسان سوشل انٹرپرائز پلیٹ فارم کے بارے میں تفصیلی طور بتایا اور میلے میں لگائے گئے مختلف سٹالوں کا معائنہ کروایا اور مہمانوں کو سٹالوں کے بارے میں تفصیلی طور پر بریفنگ دی مہمان خصوصی ADC پشین وہاب ناصر صاحب نے اور دیگر مہمانوں نے SEP خوشحال کسان کے کاوشوں کو بہت سراہا اور کامیاب شوایڈنیل پروگرام منعقد کرنے پر مبارک باد پیش کی۔ ADC وہاب ناصر صاحب نے کہا کہ ضلع پشین کے کسانوں کے لئے ایسے میلے بہت مفید ہوتے ہیں۔ ایسے پروگرام مزید بھی ہونے چاہیں آخر میں CEO خوشحال کسان سوشل انٹرپرائز پلیٹ فارم سید عبدالعلی آغا نے مہمان خصوصی ADC وہاب ناصر صاحب اور دیگر مہمانوں کو ?اوگاری شیلڈ زاور سرٹیفکیٹس پیش کیں

ونڈر: تنظیم الخادمین کا سالانہ اجلاس سوہنا سائیں کے عرس کی تیاریوں کا جائزہ

خلیفہ جان محمد طاہری نقشبندی کا خطاب، خدمت دین اور عرس انتظامات میں حصہ لینے کی تاکید

ونڈر (یو این اے) سالانہ عرس مبارک حضور سوہنا سائیں نوراللہ مرقدہ کے حوالے سے جامع مسجد نور مصطفیٰ حسن ہوٹل میں تنظیم الخادمین کا سالانہ اجلاس منعقد ہوا۔ اجلاس میں تنظیم الخادمین پاکستان کے مرکزی انچارج خلیفہ جان محمد طاہری نقشبندی، مرکزی انچارج خلیفہ محمد اعظم طاہری نقشبندی اور مرکزی فنانس سیکرٹری امداد علی طاہری شریک ہوئے۔ اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا جس کا شرف فقیر عبدالغنی طاہری نے حاصل کیا، جبکہ نعت شریف ماسٹر اللہ دایا طاہری اور مرشد مربی کی شان میں منقبت محمد جمیل طاہری نے پیش کی۔ اس موقع پر مرکزی انچارج خلیفہ جان محمد طاہری نے روحانی درس دیا اور خدمت دین کے جذبے کو مزید مضبوط کرنے پر زور دیا۔ مرکزی فنانس سیکرٹری امداد علی طاہری نے اجلاس میں شریک اراکین میں ڈیوٹی لسٹیں اور کارڈ تقسیم کیے۔ اجلاس کے اختتام پر دعا خیر کی گئی، جبکہ ونڈر کے الخادمین ارکان نے بھرپور شرکت کی۔ شرکا نے عزم ظاہر کیا کہ عرس مبارک کے انتظامات کو شایان شان طریقے سے مکمل کیا جائے گا۔

چمن، گرینڈ الائنس کے چیئرمین صوبت خان اور دیگر پریس کانفرنس کر رہے ہیں

زردکاں کی زمین مقامی اقوام ماکنی کی ملکیت ہے، سردار غلام فاروق ماکنی

اپنے دعوے کے حق میں سول کورٹ کا باقاعدہ تحریری فیصلہ ہمارے پاس موجود ہے

کچھ لوگ بے بنیاد، من گھڑت بیانات دے کر حقائق کو مسخ کرنے کی کوشش کر رہے ہیں

نوشکی (نامہ نگار) اقوام ماکنی کے معتبرین اور سرکردہ شخصیات، سردار غلام فاروق ماکنی، حاجی غلام مصطفیٰ ماکنی، میر رسول خان ماکنی، حاجی محمد اکبر ماکنی، حاجی ثناء اللہ ماکنی، ملک خدا بخش ماکنی، حاجی عبدالمجید ماکنی، خدا بخش ماکنی، اللہ داد شاہین، محمد انور ماکنی، حاجی عباس خان ماکنی، حاجی عبدالرحمن ماکنی، بدل خان ماکنی، حاجی اعظم ماکنی اور دیگر معززین شامل ہیں، نے پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ دو روز قبل چند عناصر نے پریس کلب نوشکی میں ایک پریس کانفرنس کے ذریعے بے بنیاد، من گھڑت اور جھوٹے بیانات دے کر اصل حقائق کو مسخ کرنے کی ناکام کوشش کی۔ انہوں نے کہا کہ "مل" میں واقع زردکاں کی زمین مقامی اقوام ماکنی کی ملکیت ہے، جس کے حق میں سول کورٹ کا باقاعدہ تحریری فیصلہ ہمارے پاس موجود ہے۔ اقوام ماکنی کے آٹھ (8) طائفے اس عدالتی فیصلے پر متفق اور راضی ہیں۔ البتہ چند شرپسند افراد، جو ماضی میں بطور بزگر (کاشتکار) یہاں آباد تھے، کو اقوام ماکنی کے بزرگوں اور معتبرین نے مخلص تعاون کے جذبے کے تحت عارضی طور پر سڑک کے پیچھے واقع زمین پر رہائش کی اجازت دی تھی، جس کا تحریری ثبوت بھی موجود ہے۔ ہم نے یہ عدالتی فیصلہ اور تمام شواہد ایس پی نوشکی، ڈپٹی کمشنر نوشکی اور اسسٹنٹ کمشنر نوشکی کے دفتر میں جمع کرا دیے ہیں۔ اس کے باوجود، انہی شرپسند عناصر نے رات کی تاریکی میں پریس کانفرنس کر کے سوشل میڈیا پر خود کو مظلوم ظاہر کرنے اور عوامی ہمدردی حاصل کرنے کی کوشش کی، جو سراسر جھوٹ اور حقیقت کے منافی ہے۔ اسی روز، قانونی حکم کے مطابق اقوام ماکنی کے آٹھوں طائفوں کے معززین اپنی جائیداد کی تقسیم کے لیے سرکاری فورس کے ہمراہ موقع پر گئے، تو مذکورہ شرپسندوں نے پولیس اور معززین پر اندھا دھند فائرنگ کی۔ بعدازاں انہوں نے ڈپٹی کمشنر نوشکی اور ضلعی انتظامیہ کے خلاف نازیبا الفاظ بھی استعمال کیے۔ ہم واضح طور پر کہتے ہیں کہ یہ زمین اقوام ماکنی کے آٹھ طائفوں کی مشترکہ ملکیت ہے۔ چند شرپسند عناصر نے پولیس اور ایف سی کی موجودگی میں انٹرنیشنل شاہراہ کو بند کر کے فائرنگ کی اور حالات کو خراب کرنے کی کوشش کی۔ یہ زمین ہمارے آباؤ اجداد کی پدری جائیداد ہے، اور ہم اس کا ایک انچ بھی کسی قبضہ مافیا یا شرپسند گروہ کو نہیں دیں گے۔ انہوں نے کہا کہ قبضہ مافیا نے اقوام ماکنی کے قبائلی، سیاسی اور کاروباری شخصیات چیئرمین محمد اسحاق ماکنی اور چیئرمین پریس حفیظ اللہ ماکنی پر بے بنیاد الزامات لگا کر ان کی عزت نفس کو مجروح کرنے کی ناکام کوشش کی ہے

مانجھوٹی میں سرکاری پرائمری اسکول کا افتتاح کر دیا گیا

ڈیرہ اللہ یار (اے این این) جعفرآباد کے نواحی علاقے مانجھوٹی میں عوامی خدمت اور تعلیمی ترقی کا ایک اہم باب اس وقت رقم ہوا جب صوبائی وزیر اریگیشن کے فرزند اور مارکیٹ کمیٹی جعفرآباد کے چیئرمین میر بلال خان عمرانی نے سرکاری پرائمری اسکول کا افتتاح کیا۔ اس موقع پر علاقے کے عوام کی بڑی تعداد نے شرکت کی اور اسکول کے قیام کو امید اور خوشحالی کی نئی کرن قرار دیا۔ افتتاحی تقریب میں ڈاکٹر عثمان عمرانی، میر اللہ عمرانی، سردار زادہ رسول بخش عمرانی، جاگز خان عمرانی سمیت عمرانی قبیلے کے معززین اور معتبر شخصیات موجود تھیں۔ ربن کاٹ کر اسکول کا افتتاح کرتے ہوئے میر بلال عمرانی نے بچوں کے ساتھ تعلیمی سرگرمیوں کا آغاز بھی کیا، جس پر اہل علاقہ نے خوشی اور اطمینان کا اظہار کیا۔ تقریب سے خطاب میں مقررین کا کہنا تھا کہ تعلیم و صحت کی بہتری حکومت بلوچستان کی اولین ترجیحات میں شامل ہیں۔ انہوں نے کہا کہ میر صادق عمرانی کی جدوجہد نے علاقے میں ترقی و تعمیر کا راستہ ہموار کیا ہے اور مانجھوٹی کی خوشحالی ان کا مستقل مشن ہے۔ اسی موقع پر سردار زادہ رسول بخش عمرانی نے کہا: "مانجھوٹی کے عوام ہمارے دلوں میں بستے ہیں۔ بابا آمین عمرانی کی عوام سے محبت مثال بن چکی ہے، اور ہم مانجھوٹی کو ترقی و خوشحالی کی راہ پر گامزن دیکھنا چاہتے ہیں۔" مہمان خصوصی میر بلال خان عمرانی نے اپنے خطاب میں کہا: "نصیرآباد کے عوام ہمارے دل کی دھڑکن ہیں۔ عوامی خدمت ہمارا ایمان، اور تعمیر و ترقی ہمارا وژن ہے۔ مانجھوٹی کے عوام خود کو تنہا نہ سمجھیں، ہمارے دروازے ہر وقت ان کیلئے کھلے ہیں۔" انہوں نے مزید کہا کہ بلوچستان حکومت 'خوشحال اور پرامن بلوچستان' کے وژن کے تحت تعلیم، روزگار اور بنیادی سہولتوں کی فراہمی کیلئے عملی اقدامات جاری رکھے ہوئے ہے۔

شعیب ملک کا پاکستان کرکٹ کو بہتر کرنے کے لیے اہم مشورہ

آسٹریلیا اور انڈیا کے درمیان ٹی 20 میچ میں آسٹریلین بیٹر شاٹ لگا رہے ہیں

بابر اعظم نے روہت شرما کے بعد ویرات کوہلی سے بھی ریکارڈ چھین لیا

جنوبی افریقہ کے خلاف نصف سنچری بنانے کے بعد ٹی 20 میں سب سے زیادہ 50 پلس رنز بنانے والے کھلاڑی بن گئے

اس سے قبل یہ ریکارڈ ویرات کوہلی کے پاس تھا جو 39 ففٹی پلس بنا چکے جبکہ روہت تیسرے اور رضوان چوتھے نمبر پر براجمان ہیں

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی ٹیم کے سابق کپتان بابر اعظم نے دو دن میں دو بھارتی بلے بازوں کا ریکارڈ توڑ دیا، دو روز قبل وہ روہت شرما کا ریکارڈ توڑ کر سب سے زیادہ رنز بنانے والے بیٹر بنے تھے اور کل وہ نصف سنچری بنانے کے بعد ٹی 20 میں سب سے زیادہ 50 پلس رنز بنانے والے کھلاڑی بن گئے۔ جنوبی افریقہ کے خلاف ٹی 20 سیریز میں کم بیک کرنے والے بابر اعظم پہلے میچ میں صفر پر آؤٹ ہونے کے بعد دوسرے میچ میں سابق بھارتی کپتان روہت شرما کا مختصر فارمیٹ میں سب سے زیادہ رنز بنانے کا ریکارڈ توڑنے میں کامیاب ہوئے۔ دوسرے میچ میں بابر اعظم نے اگرچہ صرف 11 رنز بنائے، لیکن اسی دوران انہوں نے 159 ٹی 20 انٹرنیشنل میں 4 ہزار 231 رنز بنانے والے روہت شرما سے ریکارڈ چھین لیا، بابر نے صرف 130 میچوں میں یہ سنگ میل عبور کرکے اپنا نام تاریخ میں درج کروا دیا۔ تیسرے ٹی 20 میں بابر نے ایک اور کارنامہ انجام دیا، انہوں نے نصف سنچری اسکور کرکے نہ صرف ٹیم کی فتح میں اہم کردار ادا کیا بلکہ صرف 36 گیندوں پر نصف سنچری بنا کر تاریخ رقم کردی۔ خیال رہے کہ یہ بابر اعظم کی مئی 2024 میں آئرلینڈ کے خلاف اننگز کے بعد پہلی ٹی 20 نصف سنچری تھی۔ بابر اعظم نے جنوبی افریقہ کے خلاف اپنے کریئر کی 37 ویں نصف سنچری مکمل کی اور بھارت کے ویرات کوہلی کو ایک بڑے سنگ میل میں پیچھے چھوڑ دیا۔ اس اننگز کے ساتھ بابر اعظم اب ٹی 20 انٹرنیشنل میں سب سے زیادہ ففٹی پلس اسکورز (37 نصف سنچریاں اور 3 سنچریاں) بنانے والے کھلاڑی بن گئے ہیں، اس سے قبل وہ ویرات کوہلی کے ہم پلہ تھے جو 39 ففٹی پلس (38 نصف سنچریاں اور ایک سنچری) بنا چکے تھے۔ بھارت کے روہت شرما 37 ففٹی پلس اسکورز کے ساتھ تیسرے نمبر پر ہیں، جب کہ پاکستان کے وکٹ کیپر بیٹر محمد رضوان 31 ففٹی پلس اسکورز کے ساتھ چوتھے نمبر پر موجود ہیں۔ قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان بابر اعظم نے جنوبی افریقہ کے خلاف فیصلہ کن میچ میں شاندار کارکردگی کے بعد سوشل میڈیا پر ایک جذباتی پیغام بھی شیئر کیا۔

پاک، جنوبی افریقہ میچ، قذافی سٹیڈیم میں لاہوریوں نے نیا ریکارڈ بنا ڈالا

ریکارڈ 32 ہزار 437 افراد سٹیڈیم میں موجود تھے، قذافی سٹیڈیم کی سکرین پر ہاؤس فل بتایا گیا

لاہور (آئی این پی) لاہور کے کرکٹ شائقین نے پاکستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان سیریز کے تیسرے اور آخری ٹی 20 میں نئی تاریخ رقم کردی۔ پاکستان اور جنوبی افریقہ کے درمیان سیریز کا فیصلہ کن میچ گزشتہ روز لاہور کے قذافی سٹیڈیم میں کھیلا گیا، اس فیصلہ کن مقابلے میں سٹیڈیم تماشائیوں سے کھچا کھچ بھرا ہوا تھا۔ قذافی سٹیڈیم میں شائقین کرکٹ اتنی بڑی تعداد میں میچ دیکھنے آئے کہ نیا ریکارڈ بن گیا۔ لاہور میں پاکستان اور جنوبی افریقہ کا میچ دیکھنے کے لئے 32 ہزار 437 افراد سٹیڈیم میں موجود تھے، اتنی بڑی تعداد میں شائقین کے آنے پر قذافی سٹیڈیم کی سکرین پر ہاؤس فل بتایا گیا۔ یہ پاکستان میں کرکٹ کی تاریخ کا سب سے زیادہ کراؤڈ تھا، اتنی بڑی تعداد میں آج سے پہلے ہوم گراؤنڈ پر شائقین میچ دیکھنے نہیں آئے۔

ارشد ندیم کے کوچ پر پابندی کے متنازع فیصلے پر سماعت آج ہوگی

سینیٹر پرویز رشید سماعت کرینگے، ایتھلیٹکس فیڈریشن، سلمان بٹ، ارشد ندیم طلب

اسلام آباد (آن لائن) اولمپک چیمپئن ارشد ندیم کے کوچ سلمان بٹ پر عائد پابندی کے متنازعہ فیصلے کی تحقیقات کیلئے پاکستان سپورٹس بورڈ کے ایجوڈی کیٹرز آج (پیر) کو سماعت کرے گا۔ سینیٹر پرویز رشید کی سربراہی میں پاکستان اسپورٹس بورڈ کا پینل آف ایجوڈی کیٹرز نے ایتھلیٹکس فیڈریشن آف پاکستان، قومی ہیرو ارشد ندیم اور سلمان بٹ کو طلب کر رکھا ہے جن کا موقف سننے کے بعد اپنی سفارشات مرتب کریگا۔ واضح رہے کہ کوچ سلمان بٹ نے ایتھلیٹکس فیڈریشن کے تمام الزامات کو یکسر مسترد کرتے ہوئے اسے ذاتی عناد اور تعصب پر مبنی قرار دیا تھا۔

کین ولیمسن کا ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل سے ریٹائرمنٹ کا اعلان

آکلینڈ (آن لائن) نیوزی لینڈ کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان کین ولیمسن نے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل سے ریٹائرمنٹ کا اعلان کردیا۔ نیوزی لینڈ کرکٹ بورڈ نے سماجی رابطے کی ویب سائٹ ایکس پر کین ولیمسن کی ریٹائرمنٹ کی تصدیق کردی ہے۔ نیوزی لینڈ بورڈ کا اپنے بیان میں کہنا ہے کہ اسٹار کرکٹر نے ویسٹ انڈیز کے خلاف آنے والی وائٹ بال سیریز میں حصہ نہ لینے کا اعلان کیا ہے تاکہ دسمبر میں ٹیسٹ میچز کی سیریز پر توجہ دے سکیں۔ کین ولیمسن نیوزی لینڈ کی جانب سے ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل میں دوسرے سب سے زیادہ رنز بنانے والے بیٹر ہیں۔ اسٹار کرکٹر نے 2011 میں ٹی ٹوئنٹی انٹرنیشنل ڈیبیو کیا اور 93 میچز میں نیوزی لینڈ کی نمائندگی کی جس میں انہوں نے 18 نصف سنچریوں کے ساتھ 2 ہزار 575 رنز اسکور کیے۔ واضح رہے کہ کین ولیمسن کی کپتانی میں نیوزی لینڈ کی ٹیم 2 مرتبہ ٹی ٹوئنٹی ورلڈکپ کے سیمی فائنل اور ایک مرتبہ فائنل تک پہنچی۔

نیوزی لینڈ نے ویسٹ انڈیز کے خلاف ٹی 20 اسکواڈ کا اعلان کردیا

کائل جیمیسن کو ٹیم میں شامل، جو سائیڈ انجری کے باعث انگلینڈ کے خلاف ون ڈے سیریز سے باہر تھے

آکلینڈ (این این آئی) نیوزی لینڈ کرکٹ بورڈ نے ویسٹ انڈیز کے خلاف 5 میچوں پر مشتمل ٹی 20 سیریز کے لیے ٹیم کا اعلان کردیا ہے۔ فاسٹ بولر کائل جیمیسن کو ٹیم میں شامل کیا گیا ہے، جو سائیڈ انجری کے باعث انگلینڈ کے خلاف ون ڈے سیریز سے باہر تھے جبکہ میٹ ہینری کو آرام دیا گیا ہے۔ اس کے علاوہ اسپنر ایش سودھی کی بھی اسکواڈ میں واپسی ہوئی ہے۔ یہ سیریز بدھ سے آکلینڈ میں شروع ہوگی اور یہ کوچ راب والٹر کے لیے ورلڈکپ سے قبل کھلاڑیوں کی کارکردگی جانچنے کا آخری موقع ہوگی۔ نیوزی لینڈ کرکٹ کے مطابق میٹ ہینری کو ایک 'پری پلاننڈ کنڈیشننگ بلاک' کے تحت آرام دیا گیا ہے تاکہ وہ ویسٹ انڈیز کے خلاف آنے والی ون ڈے اور ٹیسٹ سیریز کے لیے مکمل فٹ رہ سکیں۔

اپنے شاٹس پر اعتماد رکھا، خود کو بیک کیا اور اللہ کے فضل سے ٹیم کو کامیابی ملی: بابر اعظم

بابر جب رنز بناتے ہیں تو سب کو یقین ہوتا ہے کہ پاکستان جیت سکتا ہے، سلمان علی آغا

لاہور (آن لائن) قومی ٹی ٹوئنٹی ٹیم کے کپتان سلمان علی آغا اور اسٹار بیٹر بابر اعظم نے جنوبی افریقہ کے خلاف تیسرے میچ میں فتح کے بعد پی سی بی ڈیجیٹل پر ایک دلچسپ گفتگو کی، جہاں دونوں کھلاڑیوں نے شاندار کارکردگی اور میچ کے اہم لمحات پر بات کی۔ سلمان علی آغا نے بابر اعظم سے ان کی بیٹنگ سے متعلق ہلکے پھلکے انداز میں انٹرویو کیا، بابر نے گفتگو کے دوران بتایا کہ بیٹنگ کے دوران اسپنرز کے خلاف کچھ مشکلات پیش آئیں، تاہم سلمان علی آغا کے ساتھ یہ منصوبہ بنایا کہ جیسے ہی کوئی گیند رینج میں آئے گی، تو اس پر چانس لیا جائے گا۔ یہ سن کر سلمان نے مسکراتے ہوئے پوچھا کہ پھر آیا رینج میں؟ جس پر دونوں کھلاڑی قہقہہ لگا کر ہنس پڑے۔

انگلش پریمیئر لیگ فٹبال، مانچسٹر، ناٹنگھم کا میچ برابری پر ختم

میچ میں ناٹنگھم فاریسٹ کی جانب سے گول مورگن گبس اور نکولو ساوونا نے اسکور کیے

لندن (آن لائن) انگلش پریمیئر لیگ فٹ بال میں مانچسٹر یونائیٹڈ اور ناٹنگھم فاریسٹ کے درمیان میچ 2-2 گول سے برابر ہوگیا۔ میچ میں ناٹنگھم فاریسٹ کی جانب سے گول مورگن گبس اور نکولو ساوونا نے اسکور کیے۔ مانچسٹر یونائیٹڈ کی طرف سے کیسی میرو اور ایماد دیالو نے گول اسکور کیے ہیں۔

کوئنٹن ڈی کاک سب سے زیادہ مرتبہ صفر پر آؤٹ ہونیوالے جنوبی افریقی کھلاڑی

میچ کے پہلے ہی اوور میں شاہین نے کوئنٹن ڈی کاک اور پریٹوریس کو مسلسل دو گیندوں پر پویلین بھیج دیا

لاہور (آن لائن) پاکستان کے خلاف تیسرے ٹی 20 میچ میں صفر پر آؤٹ ہوکر کوئنٹن ڈی کاک جنوبی افریقہ کے سب سے زیادہ مرتبہ صفر پر آؤٹ ہونے والے کھلاڑی بن گئے۔ تیسرے ٹی 20 میچ میں پاکستان نے جنوبی افریقہ کے خلاف ٹاس جیت کر بولنگ کا فیصلہ کیا ہے، دلچسپ بات ہے سیریز میں تینوں بار ٹاس پاکستان نے جیتا ہے۔ قذافی اسٹیڈیم لاہور میں کھیلے جارہے سیریز کے آخری ٹی 20 میچ میں پاکستان کے اسٹار فاسٹ بولر شاہین شاہ آفریدی نے ایک بار پھر اپنی شاندار ان سوئنگ گیند کی بولنگ سے مخالف ٹیم کو مشکل میں ڈال دیا۔ جنوبی افریقہ کے خلاف میچ کے پہلے ہی اوور میں شاہین نے کوئنٹن ڈی کاک اور پریٹوریس کو مسلسل دو گیندوں پر پویلین بھیج دیا۔ ڈی کاک کو شاہین نے اندر آتی ہوئی گیند پر بولڈ کیا، جبکہ اگلی ہی گیند پر پریٹوریس شارٹ فائن لیگ پر کیچ دے بیٹھے۔

آئی سی سی ویمنز ورلڈکپ میں انڈین بلے باز شاٹ کھیل رہی ہے

خاموشی کا وقت ختم، بابر اعظم نے پیغام جاری کردیا

میں دوبارہ وہی کررہا ہوں جو مجھے پسند ہے، اُن سب کا شکریہ جنہوں نے خاموشی کے وقت میں مجھ پر یقین رکھا، ایکس پر پیغام

لاہور (این این آئی) قومی کرکٹ ٹیم کے سابق کپتان بابر اعظم نے جنوبی افریقہ کے خلاف شاندار کارکردگی کے بعد سوشل میڈیا پر ایک جذباتی پیغام شیئر کرتے ہوئے کہا ہے کہ خاموشی کا وقت ختم۔ بابر اعظم نے ایکس (سابق ٹوئٹر) پر اپنے پیغام میں لکھا کہ شکرگزار ہوں کہ میں دوبارہ وہی کررہا ہوں جو مجھے پسند ہے، اُن سب کا شکریہ جنہوں نے خاموشی کے وقت میں مجھ پر یقین رکھا۔ گزشتہ روز کھیلے گئے فیصلہ کن میچ میں بابر اعظم نے 47 گیندوں پر 68 رنز کی عمدہ اننگز کھیلی اور ٹیم کی کامیابی میں مرکزی کردار ادا کیا، شاندار کارکردگی پر انہیں پلیئر آف دی میچ قرار دیا گیا۔

محسن نقوی کی جنوبی افریقہ کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز جیتنے پر ٹیم کو مبارکباد

بابر اعظم کی بیٹنگ اور شاہین شاہ آفریدی کی باؤلنگ نے جیت میں اہم کردار ادا کیا، چیئرمین پی سی بی

لاہور (آن لائن) چیئرمین پی سی بی محسن نقوی نے جنوبی افریقہ کے خلاف ٹی ٹوئنٹی سیریز جیتنے پر پاکستانی ٹیم کو مبارکباد دی ہے۔ اپنے بیان میں محسن نقوی نے کہا کہ کھلاڑیوں نے آخری و تیسرے میچ میں شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کرکے فتح حاصل کی۔ انہوں نے کہا کہ بابر اعظم کی بیٹنگ اور شاہین شاہ آفریدی کی باؤلنگ نے جیت میں اہم کردار ادا کیا۔ آج کی فتح ٹیم ورک، محنت اور پروفیشنل اپروچ کا نتیجہ ہے۔ محسن نقوی نے کہا کہ شائقین کرکٹ بہترین ماحول میں ہر میچ سے محظوظ ہوئے۔ پاکستان نے جنوبی افریقہ کو تیسرے ٹی 20 میچ میں شکست دے کر سیریز اپنے نام کرلی۔

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی آل استحکام پاکستان فٹبال ٹورنامنٹ کے فائنل میں کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کر رہے ہیں، اس موقع پر صوبائی وزیر خوراک نور محمد دمڑ، سردار کوہیار خان ڈومکی، ولی نورزئی، میر اصغر رند بھی موجود ہیں

بلوچستان کے نوجوان کھیل کے میدانوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہے ہیں، وزیراعلیٰ بلوچستان

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کی آل استحکام پاکستان فٹبال ٹورنامنٹ کے فائنل میچ میں شرکت، شاندار کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے

سنجاوی جیسے علاقوں میں فٹبال اور دیگر کھیلوں کے فروغ سے نوجوانوں کو صحت مند اور مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کیا جاسکے گا، میر سرفراز بگٹی

سنجاوی (خ ن) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے آل استحکام پاکستان فٹبال ٹورنامنٹ کے فائنل میچ میں شرکت کی اور شاندار کارکردگی دکھانے والے کھلاڑیوں میں انعامات تقسیم کیے، اس موقع پر صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد خان دمڑ، سردار کوہیار خان ڈومکی، پارلیمانی سیکرٹری ولی محمد نورزئی اور میر اصغر رند بھی موجود تھے۔ وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے فائنل میچ میں شریک ٹیموں کی کارکردگی کو سراہتے ہوئے کہا کہ بلوچستان کے نوجوان کھیلوں کے میدانوں میں اپنی صلاحیتوں کا لوہا منوا رہے ہیں اور حکومت ان کی حوصلہ افزائی کے لیے ہر ممکن اقدامات کر رہی ہے۔ انہوں نے کہا کہ کھیل نہ صرف صحت مند سرگرمیوں کو فروغ دیتے ہیں بلکہ نوجوانوں میں نظم و ضبط، ٹیم ورک اور مثبت سوچ پیدا کرتے ہیں۔ صوبائی حکومت کھیلوں کے فروغ کے لیے ضلعی سطح پر انفراسٹرکچر بہتر بنانے، اسپورٹس گراؤنڈز کی بحالی اور نوجوانوں کو جدید تربیت کی فراہمی کے لیے خصوصی منصوبے شروع کر چکی ہے۔ وزیراعلیٰ نے کہا کہ سنجاوی جیسے علاقوں میں فٹبال اور دیگر کھیلوں کے فروغ سے نوجوانوں کو صحت مند اور مثبت سرگرمیوں کی جانب راغب کیا جاسکے گا، جو ایک پرامن اور مضبوط بلوچستان کی بنیاد ہے۔ انہوں نے ٹورنامنٹ کے کامیاب انعقاد پر منتظمین کو مبارکباد دیتے ہوئے امید ظاہر کی کہ مستقبل میں بھی ایسے مقابلے تسلسل کے ساتھ منعقد کیے جائیں گے تاکہ نوجوانوں کو اپنی صلاحیتیں اجاگر کرنے کے بہتر مواقع میسر آئیں۔

کھلاڑیوں کو ممنوعہ ادویات کا استعمال نہیں کرنا چاہیے: زبیر بٹ

ڈوپ ٹیسٹ کلچر کو فروغ دیئے بغیر کھیل اور کھلاڑی کا مستقبل محفوظ نہیں بنایا جاسکتا: میڈیا سے گفتگو

کراچی (اے این این) سابق انٹرنیشنل ویٹ لفٹر محمد زبیر یوسف بٹ نے کہا ہے کہ کھلاڑیوں کو ممنوعہ ادویات کا استعمال نہیں کرنا چاہیے کیونکہ یہ ادویات انسان کی صحت کیلئے مضر ہیں ان کا استعمال کھلاڑیوں کیلئے جان لیوا ثابت ہوسکتا ہے لہٰذا کھلاڑیوں، کوچز اور کھیلوں کے منتظمین کی مشترکہ ذمہ داری ہے کہ وہ کھیلوں میں اخلاقی اقدار اور دیانتداری کو برقرار رکھیں۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ سابق انٹرنیشنل ویٹ لفٹر محمد زبیر یوسف بٹ کا کہنا تھا کہ جنوبی ایشیا ایتھلیٹکس فیڈریشن کے چیئرمین میجر جنرل (ریٹائرڈ) محمد اکرم ساہی کی انتھک محنت کی وجہ سے ہی ارشد ندیم نے پیرس اولمپکس میں گولڈ میڈل جیت کر پاکستان کا نام عالمی سطح روشن کیا تھا، میجر جنرل (ریٹائرڈ) محمد اکرم ساہی نے پاکستانی ایتھلیٹ کو بین الاقوامی معیار کی سہولیات فراہم کرکے پروان چڑھایا۔

شبمن گل کے آسٹریلیا میں ناکام ہونے پر اے بی ڈویلیئرز کا حیران کن دعویٰ

سڈنی (این این آئی) جنوبی افریقہ کے لیجنڈ بیٹر اے بی ڈویلیئرز نے بھارتی جارح مزاج بیٹر شبمن گل کے آسٹریلیا میں ناکام ہونے پر حیران کن دعویٰ کرتے ہوئے کہا ہے کہ آسٹریلیا میں اچھی وکٹیں ہیں، ہوسکتا ہے وہ اس قسم کے باؤنس کا پوری طرح سے عادی نہیں۔ دورہ آسٹریلیا میں دوسرے ٹی ٹوئنٹی میں بھی ناکام ہونے والے بھارتی ٹی ٹوئنٹی نائب کپتان شبمن گل کے مسلسل ناکام ہونے پر ڈویلیئرز نے ان کی بیٹنگ کا دفاع کرتے ہوئے کہا کہ رائٹ ہینڈ بیٹر اس وقت اپنے کیریئر کے کمزور دور سے گزر رہے ہیں۔ اے بی ڈویلیئرز نے آسٹریلیا کی باؤنسی وکٹوں کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ آسٹریلیا میں اچھی وکٹیں ہیں، ہوسکتا ہے کہ وہ اس قسم کے باؤنس کا پوری طرح سے عادی نہیں ہے۔ تھری سکسٹی کی عرفیت سے مشہور سابق جارح مزاج بلے باز نے کہا کہ کوئی نہ کوئی وجہ ضرور ہے، وہ بھی ایک انسان ہے ہم سب کو یہ امید ہوتی ہے کہ شبمن ہر دن رنز اسکور کرے۔ ڈویلیئرز نے کہا کہ ایسا ہوسکتا ہے کہ شبمن گل اس طرح کے ایک مشکل دور سے گزر رہا ہو اور وہ اس سے جلد نکل جائیں کیوں کہ وہ ایک کلاس پلیئر اور کلاس لیڈر ہے۔ انہوں نے کہا کہ میرے خیال میں ان کے ساتھ تکنیکی سے زیادہ ذہنی مسئلہ ہے اور اگر یہ تکنیکی مسئلہ ہے تو وہ نیٹ پر جاکر اسے درست کرسکتے ہیں۔ ہاں یہ درست ہے کہ ٹی ٹوئنٹی کرکٹ میں انہوں نے حالیہ ماضی میں اتنی اچھی کارکردگی نہیں دکھائی لیکن ابھی ان کی بہت کرکٹ باقی ہے۔

قومی کھیل ہاکی کے فروغ کیلئے نمائشی ایونٹ کا انعقاد

حکومت کھیلوں میں ہرممکن سہولیات فراہم کرے گی، لڑکیوں کا کھیلوں میں روشن مستقبل ہے، محی الدین وانی

اسلام آباد (آن لائن) وفاقی تعلیمی اداروں میں قومی کھیل ہاکی کے فروغ کے حوالے سے نصیر بندہ ہاکی اسٹیڈیم میں نمائشی ہاکی ایونٹ کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف تعلیمی اداروں نے حصہ لیا۔ ایونٹ کا افتتاح وفاقی سیکرٹری بین الصوبائی رابطہ محی الدین وانی نے کیا جنہوں نے کھیلوں میں طالبات کے بڑھتے ہوئے شوق اور دلچسپی کو سراہا۔ محی الدین وانی نے کہا کہ وزیراعظم شہباز شریف کی قیادت میں وفاقی حکومت نوجوانوں کی ترقی اور کھیلوں میں ہر ممکن سہولیات فراہم کرنے کے لیے پُرعزم ہے۔ انہوں نے کہا کہ لڑکیوں کا کھیلوں میں روشن مستقبل ہے۔ وزارت آئی پی سی اسلام آباد کے سرکاری اسکولوں اور کالجوں میں جدید ترین کھیلوں کی سہولیات فراہم کررہی ہے۔

پاکستان پروفیشنل باکسنگ ایسوسی ایشن کے صدر عبدالغنی مینگل کے ہمراہ علی اکبر منگوئی عبداللہ رند اور سید عبداللہ جان مشوانی کا گروپ فوٹو

پرائس کنٹرول کمیٹی ٹیم نے پسنی کے بازاروں کا معائنہ کیا

سرکاری نرخ ناموں کی تعمیل، اشیائے خورونوش کی معیار اور صفائی کا جائزہ لیا

گوادر/پسنی (خ ن) اسسٹنٹ کمشنر مہیم خان بگٹی کی ہدایت پر پرائس کنٹرول کمیٹی کی ٹیم نے پسنی شہر کے مختلف علاقوں، بازاروں اور دکانوں کا تفصیلی معائنہ کیا۔ مانیٹرنگ کے دوران ٹیم نے سرکاری نرخ ناموں کی تعمیل، اشیائے خورونوش کی معیار اور صفائی کی صورتحال کا جائزہ لیا۔ اس موقع پر زائد المیعاد اور مضر صحت اشیاء فروخت کرنے والے دکانداروں کو وارننگ جاری کی گئی جبکہ بعض دکانوں پر معمولی جرمانے بھی عائد کیے گئے۔ پرائس کنٹرول کمیٹی نے دکانداروں کو ہدایت کی کہ عوام کو معیاری اشیاء سرکاری نرخ ناموں کے مطابق فراہم کی جائیں اور نرخ نامے نمایاں جگہ پر آویزاں کیے جائیں۔ اسسٹنٹ کمشنر مہیم خان بگٹی نے کہا کہ شہریوں کو ریلیف فراہم کرنے اور غیر معیاری و مہنگی اشیاء کی فروخت کے خلاف کارروائیاں آئندہ بھی جاری رہیں گی تاکہ عوام کو بنیادی ضروریات منصفانہ نرخوں پر دستیاب رہیں۔

لسبیلہ یوتھ فیسٹیول کے کامیاب انعقاد پر مبارکباد پیش کرتے ہیں

بیلہ (یو این اے) جام گروپ بیلہ لسبیلہ کے سینئر سرگرم رہنما اللہ بخش زہری نے کہا ہے کہ جام آف لسبیلہ و وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان عالیانی، پارلیمانی سیکریٹری برائے سیاحت و ثقافت نوابزادہ زرین خان مگسی، وائس چانسلر لسبیلہ یونیورسٹی عبدالمالک ترین، ڈپٹی کمشنر لسبیلہ محترمہ حمیرہ بلوچ، ایس ایس پی لسبیلہ اور دیگر منتظمین کو لسبیلہ یوتھ فیسٹیول کے شاندار اور کامیاب انعقاد پر دلی مبارکباد پیش کرتے ہیں۔ اللہ بخش زہری نے کہا کہ یہ فیسٹیول مقامی نوجوانوں کی صلاحیتوں، ہنر اور تخلیقی فکر کو اجاگر کرنے میں سنگ میل کی حیثیت رکھتا ہے

ڈیرہ مراد جمالی میں سیوریج کا پانی قومی شاہراہ پر نکل آیا

عوام تاجر برادری شہری ٹرانسپورٹرز کو شدید مشکلات کا سامنا، انتظامیہ غائب

صفائی کی صورتحال بہتر کی جائے بصورت دیگر احتجاج ہوگا، علامہ عبدالحکیم انقلابی

نصیرآباد (نامہ نگار) نصیرآباد کے ہیڈکوارٹر شہر ڈیرہ مراد جمالی میں سیوریج کا گندا پانی قومی شاہراہ پر نکل آیا عوام تاجر برادری شہری ٹرانسپورٹرز کو شدید مشکلات کا سامنا کرنا پڑ رہا ہے کئی روز گزرنے کے باوجود سیوریج کا گندا پانی نہیں نکالا جاسکا ہے اس جانب فوری طور پر توجہ دی جائے بصورت دیگر سخت احتجاج کیا جائے گا علامہ عبدالحکیم انقلابی کی میڈیا سے گفتگو شہری ایکشن کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی کے سینئر نائب صدر علامہ عبدالحکیم انقلابی نے میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی اور پبلک ہیلتھ انجینئرنگ (پی ایچ ای) کے درمیان سیوریج اور واٹر سپلائی لائنوں کے تنازع نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ قومی شاہراہ، ڈی سی چوک اور شہر کے دیگر مصروف راستوں پر سیوریج کا گندا پانی جمع رہنے سے ٹریفک کی روانی بری طرح متاثر ہے، موٹر سائیکل سوار پھسلن، بدبو اور بیماریوں کے خطرے کے باعث سخت پریشانی میں مبتلا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ عوام، دکاندار اور تاجر روزانہ اس اذیت ناک صورتحال سے دوچار ہیں، مگر متعلقہ ادارے خاموش تماشائی بنے ہوئے ہیں۔ علامہ عبدالحکیم انقلابی نے بتایا کہ بار بار شکایات اور متعدد بار میونسپل کمیٹی انتظامیہ اور محکمہ پی ایچ ای کی توجہ مبذول کرانے کے باوجود کوئی عملی اقدام نہیں کیا گیا ان کا کہنا تھا کہ پی ایچ ای حکام معاملے کی ذمہ داری میونسپل کمیٹی پر ڈال رہے ہیں جبکہ میونسپل کمیٹی مسلسل الزام پی ایچ ای کی ٹوٹی واٹر سپلائی لائنوں پر عائد کر رہی ہے، نتیجتاً دونوں ادارے ایک دوسرے پر الزامات کی بوچھاڑ میں مصروف ہیں اور عوام پس کر رہ گئے ہیں شہری ایکشن کمیٹی نے مطالبہ کیا ہے کہ ڈپٹی کمشنر نصیرآباد، کمشنر نصیرآباد و دیگر اعلیٰ حکام سے مطالبہ کیا ہے کہ دونوں اداروں کے مابین تنازع ختم کر کے صفائی اور نکاسی آب کا مؤثر نظام بحال کیا جائے تاکہ شہریوں کو سکون و راحت میسر آسکے اور ڈیرہ مراد جمالی شہر ایک بار پھر صاف و شفاف ماحول میں سانس لے سکے بصورت دیگر شہری ایکشن کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی آئندہ کا لائحہ عمل طے کرکے احتجاجی تحریک کا اعلان کیا جائے گا جس کی تمام تر ذمہ داری پبلک ہیلتھ انجینئرنگ اور میونسپل کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی پر عائد ہوگی

نیشنل پارٹی ضلع قلات کونسل کا اجلاس منعقد ہوا

قلات (یو این اے) نیشنل پارٹی ضلع قلات کونسل کا اجلاس مقامی ریسٹ ہاؤس میں ضلعی صدر کامریڈ ظہور بلوچ کی صدارت میں منعقد ہوا۔ اجلاس میں ریجنل سیکرٹری ایڈووکیٹ حمید بلوچ اور ڈپٹی سیکرٹری ستار بلوچ مہمان خاص تھے۔ اجلاس کا آغاز تلاوت کلام پاک سے ہوا۔ اجلاس کے دوران ضلعی سطح پر لیبر فورم کا قیام عمل میں لایا گیا، جس کے عہدیداران میں خدا بخش منگوئی صدر، جان محمد منگوئی نائب صدر، ظہور احمد مغل جنرل سیکرٹری، داد مغل فنانس سیکرٹری اور عبداللہ رئیسانی پریس سیکرٹری شامل ہیں۔

دالبندین: انتظامی آفیسران نے گردی جنگل مہاجر کیمپ کا دورہ کیا

افغان مہاجرین کی رجسٹریشن، واپسی کے عمل اور فراہم کردہ سہولیات کا جائزہ لیا

دالبندین (نمائندہ خصوصی) ایڈیشنل ڈپٹی کمشنر چاغی نظام رحیم بلوچ اور اسسٹنٹ کمشنر دالبندین مجیب الرحمٰن ساکی زئی نے آج گردی جنگل مہاجر ہولڈنگ کیمپ کا دورہ کیا، جہاں انہوں نے افغان مہاجرین کی رجسٹریشن، واپسی کے عمل اور فراہم کی جانے والی دیگر سہولیات کا تفصیلی جائزہ لیا۔ دورے کے دوران دونوں افسران نے کیمپ میں موجود افغان مہاجرین سے ملاقات کی، ان کے مسائل اور ضروریات سے آگاہی حاصل کی اور انتظامی امور کا معائنہ کیا۔ افغان مہاجرین نے اس موقع پر ضلعی انتظامیہ چاغی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انہیں واپسی کے سفر میں کسی قسم کی مشکل کا سامنا نہیں، بلکہ انہیں انسانی ہمدردی کی بنیاد پر بہترین سہولیات کے ساتھ رخصت کیا جارہا ہے، جس پر وہ انتظامیہ کے مشکور ہیں۔ اس موقع پر تحصیلدار دالبندین عبداللطیف بھی ہمراہ تھے۔

کراچی میں پشتونوں پر ڈھائے جانیوالے مظالم قابل مذمت ہیں، ایم او ٹی

کراچی سمیت ملک کے مختلف شہروں میں افغان بھائیوں اور ان کی آڑ میں پشتونوں پر ڈھائے جانے والے مظالم انسانی و اسلامی اقدار کے منافی ہیں

افغانوں سمیت پشتونوں کے گھروں پر قبضے، کاروبار بند کرنے اور جبری بے دخلی کے واقعات انسانی حقوق کی صریح خلاف ورزی و توہین انسانیت ہے

اگر نصف صدی سے مقیم افغان مہاجرین کی واپسی ضروری ہے تو وہ عالمی انسانی اصولوں اور باعزت طریقے سے ہونی چاہیے، مظلوم اولسی تحریک چمن

چمن (اے این این) مظلوم اولسی تحریک کے مرکزی ڈپٹی سیکرٹری حاجی فیض اللہ خان، ضلعی صدر حافظ محمد حسیم مشال، اور رکن کابینہ عبدالقیوم، عباس خان، احمد خان، عبداللہ مخلص، حاجی حیات اللہ، احمد شاہ، عبدالواحد، عطا اللہ اور نعمت خان نے اپنے مشترکہ بیان میں کہا ہے کہ کراچی سمیت ملک کے مختلف شہروں میں افغان بھائیوں پر ہونے والے مظالم انسانی و اسلامی اقدار کے منافی ہیں۔ رہنماؤں نے کہا کہ افغان عوام گزشتہ 40 سے 50 سالوں سے پاکستان میں بھائی چارے اور امن کے ساتھ زندگی گزار رہے ہیں، مگر حالیہ دنوں میں کراچی میں افغان شہریوں کے گھروں پر قبضے، کاروبار بند کرنے اور جبری بے دخلی کے واقعات انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہیں۔ مزید کہا کہ حکومت سندھ اور پولیس کا خاموش تماشائی بننا افسوسناک ہے، وزیراعلیٰ سندھ فوری نوٹس لے کر متعلقہ اہلکاروں کے خلاف کارروائی کریں۔ رہنماؤں نے کہا کہ افغان مہاجرین کی واپسی اگر ضروری ہے تو وہ عالمی انسانی اصولوں اور باعزت طریقے سے ہونی چاہیے۔ بارڈر پر ایف سی اہلکاروں کی جانب سے رشوت لینے کی شکایات تشویشناک ہیں، جنہیں برداشت نہیں کیا جائے گا۔ مزید کہا کہ سرحد بند ہونے کے باعث ہزاروں افغان خاندان روزانہ مشکلات سے دوچار ہیں، حکومت ان کے لیے فوری انتظامات کرے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ پاکستان اور افغانستان چونکہ برادر ممالک ہیں، اس لیے افغان مہاجرین کو عزت و وقار کے ساتھ اپنے وطن واپس بھیجا جائے۔

محکمہ تعلیم کے فرض شناس ملازمین ہمارا قیمتی اثاثہ ہیں، منیر احمد مسوری بگٹی

انکی محنت اور ملازم دوستی ہر سرکاری ملازم کیلئے مشعل راہ ہے، صوبائی صدر پی ایم ایل لیبر ونگ

سبی (اے این این) پاکستان مسلم لیگ ن لیبر ونگ کے صوبائی صدر منیر احمد مسوری بگٹی نے کہا ہے کہ ترقی پانے والی محکمہ ایجوکیشن کے ایماندار فرض شناس ملازمین ہمارا وہ قیمتی اثاثہ ہیں جن کی محنت لگن اور ملازم دوستی محکمہ ایجوکیشن سمیت ہر سرکاری ملازمت کرنے والوں کے لئے مشعل راہ ہے ان کی انتھک محنت لگن اور ایمانداری محکمہ ایجوکیشن سمیت سبی کے تمام ملازمین کے لئے قابل فخر ہے جونیئر کلرک سے سینئر کلرک کے کامیاب سفر پر مبارکباد پیش کرتے ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے محکمہ ایجوکیشن سبی کے جونیئر کلرک سے ترقی کرنے والے سینئر کلرک بابو محمد سلیم کنبار میر ارشاد احمد مری کے اعزاز میں پروقار تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کیا اس موقع پر پاکستان مسلم لیگ ن کے ممبر امنظور احمد رند، راشد نذیر، شاہد نذیر، اسد نذیر، ارشد نذیر بھی موجود تھے قبل ازیں پاکستان مسلم لیگ ن لیبر ونگ کے صوبائی صدر منیر احمد مسوری بگٹی نے محکمہ تعلیم کے پروموٹ کلرکس محمد سلیم کنبار اور ارشاد احمد مری کو ان کے آفس میں آکر مبارک باد دی۔ اور دلی خوشی کا اظہار کیا پھولوں کے ہار و مٹھائیاں پیش کی اس موقع پر محکمہ تعلیم کے اہلکاران میں میاں ضیاء الرحمٰن، عرفان احمد، فضل الٰہی باذہ، محمد وسیم نجگ، احسان علی بابھی، محمد انور نجگ، ریجنل یونین آف جرنلسٹس کے صوبائی صدر سید طاہر علی صوبائی سینئر نائب صدر میر ظہور احمد مگسی بھی موجود تھے۔ پروقار تقریب سے پاکستان مسلم لیگ ن لیبر ونگ کے صوبائی صدر منیر احمد مسوری بگٹی کا کہنا تھا کہ سرکاری امور کو بہتر انداز سے سرانجام دینے والے ملازمین نہ صرف محکمہ کا قیمتی سرمایہ ہوتے ہیں

خاران: امن کمیٹی خاران کے راہنماؤں کی پولیس حکام سے ملاقات

خاران (محمد عیسیٰ محمد حسنی) ایس پی خاران منظور احمد بلیدی ڈی ایس پی گل محمد سے ایس پی آفس میں امن کمیٹی خاران کے راہنماؤں کی ملاقات کی ملاقات کے دوران وفد نے کہا کہ چند دن پہلے ایس ایچ او خاران شہید محمد قاسم بلوچ کی قاتلوں کی گرفتاری کا مطالبہ کیا تھا اور خاران شہر میں امن و امان کی بحالی کے لیے تمام مذہبی سیاسی سماجی کاروباری شخصیات واقلیتی برادری صحافی اسٹوڈنٹس نے بڑی تعداد میں شرکت کی تھی۔ آج کا ملاقات میں ایس پی خاران ڈی ایس پی نے کہا کہ امن کمیٹی خاران کے راہنماؤں نے ایس ایچ او شہید محمد قاسم بلوچ کے قتلی کو کیس کے حوالے سے مطمئن کرنا کرتا تھا۔ ایس پی خاران نے کہا کہ شہید محمد قاسم بلوچ کی فیملی فورس کی کارکردگی سے مطمئن ہے۔

چاغی: ڈاکوؤں اور مجرموں کیخلاف مؤثر کارروائی کی جائے

اصل ملزمان کو گرفتار کرکے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے، عوامی مطالبہ

چاغی (نمائندہ خصوصی) دالبندین امن و امان کے لیے اصل مجرمان کی گرفتاری ضروری ہے، عوامی حلقے، دالبندین عوامی حلقوں نے کہا ہے کہ دالبندین سمیت پورے ضلع چاغی میں امن و امان کی بحالی کے لیے ضروری ہے کہ ڈاکوؤں اور مجرموں کے خلاف مؤثر کارروائی کرتے ہوئے اصل ملزمان کو گرفتار کر کے قانون کے کٹہرے میں لایا جائے۔ عوامی حلقوں نے گزشتہ دنوں ہونے والے افسوسناک واقعات پر شدید تشویش کا اظہار کیا، جن میں دو نوجوانوں کو شہید جبکہ دو افراد کو شدید زخمی کیا گیا۔ ان کا کہنا تھا کہ معمولی رقم، موبائل فون یا موٹر سائیکل چھیننے کے لیے بے گناہ لوگوں کو قتل کرنا انتہائی افسوسناک اور قابل مذمت ہے۔ ایسے عناصر کی نشاندہی اور گرفتاری وقت کی اہم ضرورت ہے۔ عوامی حلقوں کے مطابق اگر پولیس نے چند نوجوانوں کو گرفتار کرکے سوشل میڈیا پر وائرل کیا ہے اور تحقیقات جاری ہیں تو یہ خوش آئند قدم ہے، تاہم صرف خانہ پری نہیں ہونی چاہیے بلکہ اصل مجرمان کو پکڑ کر عوام کے سامنے لایا جائے۔ انہوں نے مطالبہ کیا کہ جس طرح سوشل میڈیا پر گرفتاریوں کی فوٹو وائرل کی جاتی ہیں، اسی طرح اصل قاتلوں اور ملوث گروہ کی گرفتاری بھی سامنے لائی جائے تاکہ عوام کا اعتماد بحال ہو اور آئندہ کسی کو جرات نہ ہو کہ وہ لوگوں کی جان و مال سے کھیل سکے۔ عوامی حلقوں نے پاک ایران شاہراہ اور چاغی کے دیگر داخلی و خارجی راستوں پر ہونے والی وارداتوں، مسافروں سے گاڑیاں چھیننے اور لوٹ مار کے واقعات پر بھی گہری تشویش ظاہر کی اور کہا کہ ان جرائم کی روک تھام نہایت ضروری ہے۔

مظلوم عوام کی خدمت ہمارا مشن، مظلوم عوامی تحریک - ژوب

غریبوں یتیموں اور لاچار طبقے کیلئے میدان میں نکلے ہیں عوام ساتھ دیں

ژوب (آن لائن) مظلوم عوامی تحریک کے چیئرمین حاجی صادق خان اچکزئی مرکزی صدر عباس درانی ضلعی صدر فضل امین مندوخیل وطن یار خلجی عرفان خلجی نور محمد رحمانی ساجد بخش انجان ہمدرد حبیب اللہ کاکڑ ملک اعظم کاکڑ عبداللہ شیرانی غفور شیرانی باچا بابر حکیم خان اور مٹھا خان نے ژوب میں بڑے عوامی اجتماع سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ مظلوم عوام کی خدمت ہمارا مشن ہم نفرت کی سیاست پر بھی یقین نہیں رکھتے ہے ہوئے اور مظلوم طبقے کیلئے آواز بلند کر رہے ہیں اور ان کے شانہ بشانہ آگے بڑھتے رہے ہیں امن تعلیم صحت اور روزگار ہمارے منشور کا حصہ ہے غریبوں یتیموں اور لاچار طبقے کیلئے میدان میں نکلے ہیں عوام ہمارا ساتھ دیں اس موقع پر درجنوں لوگوں نے مظلوم عوامی تحریک میں شمولیت کا اعلان کیا حاجی صادق خان نے کہا کہ ملک وصوبے میں بدامنی کے خاتمے کیلئے ہم سب نے مل کر سرجوڑ کر کردار ادا کرنا ہوگا جب خلوص سے قدم اٹھائے گے تو اللہ تعالیٰ مدد کرے گا انھوں نے کہا کہ پشتون لیڈرشپ کو پاکستان اور افغانستان کے معاملے میں اپنا کردار ادا کرنا چاہئے ہم نفرت اور تعصب کی سیاست پر یقین نہیں رکھتے غریب اور امیر مظلوم عوامی تحریک میں برابر ہیں معاشرے میں انسانوں کیلئے علیحدہ درجات اور طبقاتی وتفریق کی سیاست نے مظلوموں کا بیڑہ غرق کردیا ہے جس کے خاتمے کیلئے مظلوم عوامی تحریک کی جدوجہد جاری ہے عوام ہمارے اس جدوجہد میں ہمارے بھرپور ساتھ دیں اور ہمارا سیدھا سادہ پیغام گھر گھر پہنچائے انشاللہ غریب عوام کو مایوس نہیں کریں گے انھوں نے پارٹی میں نئے شامل ہونیوالوں کو دلی مبارکباد دی اور خوش آمدید کہا انھوں نے ژوب کے غیور عوام کا بھی شکریہ ادا کہ انھوں نے بڑی تعداد میں ان کے اجتماع میں شرکت کی۔

چمن میں ادارہ جاتی کرپشن کیخلاف عدالت عالیہ کا فیصلہ خوش آئند ہے

عدالت سے انصاف مل گیا، اب عملدرآمد کا وقت ہے، رہنما، گرینڈ الائنس چمن

چمن (محمد اصغر اچکزئی) چمن گرینڈ الائنس کی جانب سے پریس کلب چمن میں ایک اہم پریس کانفرنس کا انعقاد کیا گیا جس سے چیئرمین صویت خان اچکزئی، ڈپٹی چیئرمین انجینئر آصف خان اچکزئی، ترجمان طارق جمیل اچکزئی اور دیگر رہنماؤں نے خطاب کیا۔ رہنماؤں نے کہا کہ ضلع چمن کے مختلف سرکاری محکموں، خصوصاً محکمہ صحت، تعلیم، میونسپل کارپوریشن اور پی پی ایچ آئی میں بدترین اقرباپروری، جعلی بھرتیوں اور غیر قانونی پروموشن کا سلسلہ جاری ہے، جس کے خلاف متعلقہ حکام کو کئی بار آگاہ کیا گیا مگر کوئی کارروائی نہیں ہوئی۔ رہنماؤں نے بتایا کہ پی پی ایچ آئی میں، ناتجربہ کار ڈی ایس ایمز اور مانیٹرنگ افسران کی تعیناتی کے خلاف چمن گرینڈ الائنس نے بلوچستان ہائی کورٹ سے رجوع کیا، جس پر عدالت نے فیصلہ ان کے حق میں دیا اور چمن، سوراب اور اوستہ محمد کے جعلی ڈی ایس ایمز، مانیٹرنگ اور فنانس افسران کو معطل کرکے انصاف کی مثال قائم کی۔ ان کا کہنا تھا کہ چمن میں مختلف اداروں میں سینکڑوں بوگس بھرتیاں کی گئیں جن میں جعلی ڈومیسائل ہولڈرز اور غیر مقامی افراد شامل ہیں۔ محکمہ صحت میں بھی ڈسپنسروں کو پروموشن سے محروم رکھ کر غیر متعلقہ افراد کو نوازا گیا، جبکہ سابق ڈی ایچ او نے سرکاری گاڑیاں اور دفتری سامان ابھی تک واپس نہیں کیا۔ چمن گرینڈ الائنس کے رہنماؤں نے مطالبہ کیا کہ تمام جعلی بھرتیوں کی فوری انکوائری کرکے ذمہ دار افسران کے خلاف کارروائی کی جائے

مسائل کے حل کیلئے شہری ایکشن کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی کا اجلاس

اجلاس میں ڈیرہ مراد جمالی شہر کو درپیش مختلف مسائل پر غور و خوض کیا گیا اور طے کیا گیا کہ انتظامیہ سے اس سلسلے میں بات کی جائے گی

صفائی کی ناقص صورتحال، پینے کے صاف پانی کی کمی، سڑکوں کی خستہ حالی اور بجلی کی لوڈشیڈنگ جیسے مسائل فوری حل کئے جائیں، مطالبہ

نصیرآباد (نامہ نگار) شہری ایکشن کمیٹی ڈیرہ مراد جمالی کا ایک اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس ایم کیو ایم پاکستان بلوچستان نصیرآباد کے آفس میں ہوا اجلاس کی صدارت میر امداد حسین مری نے کی اجلاس تمام پارٹیوں کے ممبروں نے شرکت کی جس میں میر امداد حسین مری صوبائی سینئر نائب صدر ایم کیو ایم پاکستان، مولانا نواب دین ڈومکی صوبائی چیرمین پاکستان سنی تحریک، حافظ محمد حسن قادری جماعت اہلسنت، مولانا رستم خان تورانی صوبائی جنرل سیکریٹری جمعیت علمائے پاکستان تورانی۔۔ تاج بلوچ صدر انجمن تاجران۔ خان جان منگوئی ضلعی صدر ن لیگ نصیر آباد، استرام داس تاڑی پنچایت۔ محمد ہاشم ڈپٹی سیکرٹری جمعیت علمائے اسلام، مٹھا خان سومرو، سعید یسن شاہ نائب ناظم اعلیٰ پی ٹی 13 لیگ پاکستان۔ محمد حفیظ رضوی ناظم اعلیٰ ڈویژن نصیرآباد لیگ پاکستان، خاوند بخش مینگل جماعت اسلامی نصیرآباد، محبوب علی کھوسہ چیرمین نیشنل پریس کلب نصیرآباد اجلاس میں ڈیرہ مراد جمالی شہر کو درپیش مختلف مسائل پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں شرکاء نے کہا کہ شہر میں صفائی کی ناقص صورتحال، پینے کے صاف پانی کی کمی، سڑکوں کی خستہ حالی اور بجلی کی غیر اعلانیہ لوڈشیڈنگ جیسے مسائل نے شہریوں کی زندگی اجیرن بنا دی ہے۔ ممبران نے اس بات پر زور دیا کہ متعلقہ محکمے فوری اقدامات اٹھائیں تاکہ عوام کو ریلیف فراہم کیا جاسکے۔ شہری ایکشن کمیٹی کے اراکین نے اس عزم کا اظہار کیا کہ عوامی مسائل کے حل کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھیں گے اور ضلعی انتظامیہ سے قریبی رابطہ قائم رکھا جائے گا تمام پارٹیوں کے ممبروں اگلے کا اجلاس 11 نومبر 2025 بروز سوموار کو تہ کیا جائے گا

اوستہ محمد، جمعیت علما اسلام ضلع اوستہ محمد کی مجلس عمومی کا اجلاس

گنداخہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام ضلع اوستہ محمد کی مجلس عمومی کا اہم اجلاس ضلعی امیر صوفی خاوند بخش چنہ کی زیر صدارت منعقد ہوا۔ اجلاس میں ضلع بھر کی موجودہ امن و امان کی صورتحال، تنظیمی امور اور جماعت کو مزید فعال و منظم بنانے کے اقدامات پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس میں ضلعی، تحصیلی اور یونٹ سطح کے عہدیداران نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔ شرکاء نے عزم کا اظہار کیا کہ جمعیت علما اسلام اپنے دینی و عوامی کردار کو برقرار رکھتے ہوئے امن، استحکام اور اسلامی اقدار کے فروغ کے لیے اپنی جدوجہد جاری رکھے گی۔ اس موقع پر ضلعی امیر صوفی خاوند بخش چنہ نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ موجودہ ملکی حالات میں اتحاد، نظم و ضبط اور عوامی خدمت وقت کی اہم ضرورت ہے۔

نصیرآباد: اساتذہ کی بھرتیوں میں شفافیت پر سوالات اٹھنے لگے

حق داروں کی بجائے جعلی ڈگری رکھنے والوں کو فوقیت دی جارہی ہے، الزام

نصیرآباد (نامہ نگار) ضلع نصیرآباد میں محکمہ تعلیم کے تحت اساتذہ کی بھرتیوں کے تیسرے مرحلے میں شفافیت پر سوالات اٹھنے لگے یونین کونسل جھڈیر شاہی سے تعلق رکھنے والے امیدوار واجد گل ولد علی گل رند نے پریس کلب پہنچ کر اپنا ویڈیو ریکارڈ کراتے ہوئے کہا کہ ان کی یونین کونسل جھڈیر شاہی میں School Elementary) EST Teacher) کی ایک پوسٹ کے لیے جاری میرٹ لسٹ میں مبینہ طور پر بے ضابطگی ہوئی ہے واجد گل کے مطابق دیدار علی ولد محمد انور نامی امیدوار پہلی پوزیشن پر شارٹ لسٹ ہوا جبکہ مجھے دوسرے نمبر پر رکھا گیا انہوں نے الزام عائد کیا کہ دیدار علی کی B.Ed پروفیشنل ڈگری جعلی ثابت کرا کے ڈی آر سی میں پیش کر چکا ہوں شاہ عبداللطیف یونیورسٹی خیرپور کی جانب سے تحریری طور پر کہی گئی ان کے پاس اس امیدوار کا کوئی ریکارڈ موجود نہیں ہے تمام دستاویزات اور تصدیقی ثبوت ضلع ریکروٹمنٹ کمیٹی (DRC) کے اجلاس میں پیش کیے گئے جس کے بعد تسلی تو دی گئی، مگر اس کے باوجود دیدار علی کو امیدواروں کی فہرست میں برقرار رکھا گیا جو کہ میرٹ کے اصولوں کے منافی ہے واجد گل نے اسے اپنے ساتھ سراسر ناانصافی قرار دیتے ہوئے کہا کہ اصل حق داروں کو نظرانداز کیا جا رہا ہے جبکہ جعلی ڈگری رکھنے والے امیدواروں کو فوقیت دی جا رہی ہے انہوں نے مزید کہا کہ نصیرآباد میں تعلیم کے شعبے میں شفاف بھرتی کے عمل کو یقینی بنانا وقت کی ضرورت ہے تاکہ محنتی اور مستحق امیدواروں کا حق محفوظ رہے

ملک کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے، ایڈووکیٹ فرید افغان

ملک دشمن قوتوں نے جارحیت کی تو منہ توڑ جواب ملے گا، رہنما پاکستان مسلم لیگ

سبی (اے این این) پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی سینئر رہنما سابق صوبائی سیکرٹری اطلاعات ایڈووکیٹ فرید افغان نے کہا ہے کہ ملک کا دفاع مضبوط ہاتھوں میں ہے کسی بھی ملک دشمن قوتوں نے جارحیت کی تو منہ توڑ جواب ملے گا معرکہ حق میں پوری دنیا نے پاک فوج کی بہادری جرات اور جذبہ حب الوطنی کا عملی نمونہ دیکھ لیا دشمن میلی آنکھ سے دیکھنے جرات نہیں کرسکتا دشمن قوتوں کو واضح پیغام ہے کہ پاکستان کی خودمختاری اور قومی وقار آزادی پر لو یہ سمجھوتہ نہیں کریں گے پوری قوم پاک فوج کے شانہ بشانہ کھڑی ہے ان خیالات کا اظہار انہوں نے پاکستان مسلم لیگ ن لیبر ونگ کے صوبائی صدر منیر احمد مسوری بگٹی کی قیادت میں ملنے والے پالیبر ونگ کے عہدیداروں کارکنان سے بات چیت کرتے ہوئے کیا اس موقع پر جنرل سیکرٹری خان موسیٰ خان ابڑو، امیر ظہور احمد مگسی بھی موجود تھے قبل ازیں لیبر ونگ کے صوبائی صدر منیر احمد مسوری بگٹی نے ملازمین کو درپیش مسئلہ مسائل مشکلات سمیت پاکستان مسلم لیگ ن لیبر ونگ کی کارکردگی کے حوالے سے تفصیلی آگاہی فراہم کی جبکہ پاک افغان صورت حال پر بھی بات چیت کی گئی پاکستان مسلم لیگ ن کے مرکزی سینئر رہنما سابق صوبائی سیکرٹری اطلاعات ایڈووکیٹ فرید افغان نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ افواج پاکستان ملک وقوم کی سلامتی دفاع استحکام ترقی عوام کی خوشحالی کے لئے پوری طرح متحرک منظم اور چوکس ہے افواج پاکستان اپنی پیشہ وارانہ صلاحیتوں مہارت اور جذبہ الوطنی کے ذریعے ملکی سرحدوں کی حفاظت میں اپنی کردار بہتر انداز سے سرانجام دے رہی ہے انہوں نے کہا کہ بلوچستان سمیت ملک بھر کی عوام تے ملک دشمن قوتوں کو واضح پیغام دے رہے ہے کہ پاکستان آزادی خودمختاری اور قومی وقار پر کسی قسم کے سمجھوتے کی ضرورت نہیں بھارت اور افغانستان سمیت ملک دشمن عناصر کی یہ غلط فہمی دور ہو جانی چاہیے کہ وہ پاکستان کے اندرونی یا سرحدی معاملات میں مداخلت کرکے اپنے عزائم میں کامیاب ہوسکتے ہے

بقیہ 1 وزیراعلیٰ

کو سنجاوی میں صوبائی وزیر خوراک حاجی نور محمد دمڑ کی دعوت پر عوامی اجتماع سے خطاب کر رہے تھے اس موقع پر انہوں نے کہا کہ سنجاوی جیسے خوبصورت مگر دور افتادہ علاقے کے عوام ہر طرح کی بنیادی سہولیات کے مستحق ہیں اور حکومت بلوچستان کی یہ اولین ترجیح ہے کہ یہاں کے لوگوں کے معیار زندگی کو بہتر بنایا جائے وزیراعلیٰ نے کہا کہ یہ بات باعث اطمینان ہے کہ صوبائی حکومت صحت، تعلیم اور بنیادی ڈھانچے کی ترقی کے لیے عملی اقدامات کر رہی ہے انہوں نے اعلان کیا کہ تحصیل ہیڈ کوارٹر اسپتال سنجاوی کو توسیع دے کر 20 بستروں پر مشتمل مکمل فعال اسپتال میں تبدیل کیا جائے گا، اور اسے نجی شعبے کے اشتراک سے مزید مضبوط اور فعال بنایا جائے گا تاکہ عوام کو معیاری طبی سہولتیں فراہم کی جا سکیں وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی نے سنجاوی کے بوائز اور گرلز کالجز کے طلباء و طالبات کے لیے دو بسوں کی فراہمی کا بھی اعلان کیا تاکہ طلباء اور عملے کو آمد و رفت میں سہولت حاصل ہو اسی طرح انہوں نے ایڈمنسٹریشن کمپلیکس کی تعمیر کا بھی اعلان کیا وزیراعلیٰ نے تعلیم کے فروغ پر بات کرتے ہوئے کہا کہ سنجاوی اور زیارت کے علاقے میں 14 غیر فعال اسکولوں کو مکمل طور پر فعال کیا جا رہا ہے اور یہ اسکول موسم سرما کی تعطیلات کے بعد مکمل طور پر فعال حالت ...

[...]

افغان طالبان وفود کے درمیان مذاکرات کا دوسرا دور ہفتے کے روز استنبول میں شروع ہوا تھا، تاہم کابل سے ہونے والے دہشت گردانہ حملوں پر اسلام آباد کے دیرینہ تحفظات مذاکرات میں بڑا تنازعہ بنے رہے، جس کے باعث بات چیت میں تعطل پیدا ہوا۔ بعدازاں ترکی اور قطر نے دوسری بار ایک ہفتے سے بھی کم عرصے میں مذاکراتی عمل کو اس وقت بچا لیا، جب پاکستان نے بدھ کے روز اعلان کیا کہ بات چیت 'ناکام' ہو گئی ہے اور اس کے مذاکرات کار وطن واپسی کی تیاری کر رہے ہیں۔

بقیہ 4 ایران کا اعلان

ساتھ دوبارہ تعمیر کرے گا، تاہم ملک ایٹمی ہتھیار بنانے کا ارادہ نہیں رکھتا۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق یہ بات ایرانی صدر نے ایران کی ایٹمی توانائی تنظیم کے دورے کے دوران کی جہاں انہوں نے ملک کی جوہری صنعت کے سینئر حکام سے ملاقات کی۔ انہوں نے سرکاری میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ عمارتوں اور فیکٹریوں کو تباہ کرنے سے ہمیں کوئی مسئلہ نہیں ہوگا، ہم انہیں دوبارہ تعمیر کریں گے اور اس بار زیادہ طاقت کے ساتھ۔ ایرانی صدر نے مزید کہا کہ ہمارا سارا جوہری پروگرام عوام کے مسائل حل کرنے کے لیے ہے یہ بیماریوں کے علاج اور عوام کی صحت کے لیے ...

[...]

اقتصادی اصلاحات نے پاکستان کو ڈیفالٹ سے بچایا، علی پرویز ملک

اگر ہم اصلاحات کو ذمہ داری سے جاری رکھیں تو معیشت ہر دن مضبوط تر ہوتی جائے گی، وزیر پیٹرولیم

دنیا میں پاکستان کا بڑھتا ہوا کردار اس کی ذمہ دار حکمرانی، پختہ خارجہ پالیسی اور بہتر معیشت کا مظہر ہے، انٹرویو

اسرائیل معاہدے کے تحت امداد غزہ جانے نہیں دے رہا، اقوام متحدہ

فلسطینیوں کیلئے روزانہ 600 امدادی ٹرکوں کے بجائے 145 ٹرکوں کو جانے کی اجازت دی ہے

غزہ میں اسرائیل کی جانب سے جنگ بندی معاہدے کی خلاف ورزیاں جاری، بیگناہ مارے جارہے ہیں

چینی کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، قاری مہر اللہ

ملک و صوبے کی ترقی کا انحصار نوجوانوں پر ہے، ولی محمد نورزئی

سنجاوی: وزیر اعلیٰ میر سرفراز بگٹی تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال کے نئے بلاک کا افتتاح کر رہے ہیں

تمپ نامعلوم افراد کی فائرنگ سے 1 شخص ہلاک

کوئٹہ (این این آئی) تمپ میں نامعلوم افراد کی فائرنگ سے ایک شخص ہلاک ہوگیا پولیس کے مطابق اتوار کو تمپ میں نامعلوم مسلح افراد نے فائرنگ کر کے ایک شخص عبدالرحمان ولد طارق نور کو ہلاک کردیا اور موقع سے فرار ہوگئے۔ پولیس نے نعش قبضے میں لیکر ہسپتال پہنچا کر ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے کردی اور نامعلوم افراد کے خلاف مقدمہ درج کر کے تلاش شروع کردی۔

جمعیت ضلع کوئٹہ مجلس عاملہ کا اعلان' مولانا عبدالرحمان رفیق جنرل سیکرٹری مقرر

حاجی عین اللہ شمس سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد سرپرست اعلیٰ و دیگر عہدیداران بھی منتخب

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمان رفیق اور سیکرٹری جنرل حاجی عین اللہ شمس نے باہمی مشاورت سے ضلع کوئٹہ کی ضلعی مجلس عاملہ اور معاونین کا اعلان کیا جس کے مطابق امیر مولانا عبدالرحمان رفیق جنرل سیکرٹری: حاجی عین اللہ شمس سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سرپرست اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مدنی، مولانا عبدالبصیر اچکزئی، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ .... بقیہ 37 صفحہ نمبر 7 پر

دینی طلبہ کو شدت پسندانہ نظریات سے دور رہیں، ڈاکٹر راغب نعیمی

لاہور (بیورو رپورٹ) دارالعلوم جامعہ نعیمیہ لاہور میں سیرت النبیؐ کے حوالے سے ایک پر مغز کوئز مقابلہ کا انعقاد کیا گیا جس میں مختلف درجات کے طلباء نے بھرپور شرکت کی۔ مقابلے کا مقصد طلبہ میں سیرتِ رسولؐ کے مطالعے کا شوق پیدا کرنا اور دینی شعور کو فروغ دینا تھا۔ شرکاء نے نبی کریمؐ کی حیاتِ مبارکہ، اخلاق، معاملات، غزوات اور دعوتی پہلوؤں سے متعلق سوالات کے جوابات دیے۔ کوئز مقابلے میں ممتاز طلبہ کو انعامات اور تعریفی اسناد سے نوازا گیا۔ تقریب سے خطاب کرتے ہوئے ناظم اعلیٰ جامعہ نعیمیہ علامہ ڈاکٹر راغب حسین نعیمی نے کہا کہ دینی طلبہ خود کو شدت پسندانہ نظریات سے دور رکھیں۔ نوجوان نسل کو سیرتِ طیبہ سے روشناس کرانا وقت کی اہم ترین ضرورت ہے۔

میر عبداللہ دس بزنجو، مولانا واسع، میر شعیب نوشیروانی، میر ظہور بلیدی، محمد خان لہڑی، عبدالمجید بادینی، بہلین بلوچ، زمرک اچکزئی، میر زابد علی ریکی، آغا عمر احمد زئی، میر خالد لانگو و دیگر رحمت بلوچ کے بھائی کی وفات پر فاتحہ خوانی کر رہے ہیں۔

حکومت حب کو منظم و جدید شہر کے طور پر ترقی دینا چاہتی ہے' میر علی حسن زہری

منصوبوں کی تکمیل سے شہریوں کو وہ سہولیات میسر آئیں گی' صوبائی وزیر زراعت

کوئٹہ (آن لائن) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما، ترجمان صدر آصف علی زرداری و صوبائی وزیر زراعت میر علی حسن زہری کی زیر صدارت حب میں ترقیاتی منصوبوں اور ماسٹر پلان پر پیش رفت کے حوالے سے زہری فارم ہاؤس میں لائن ڈیپارٹمنٹ کے افسران کے ساتھ اہم اجلاس منعقد ہوا اجلاس میں ڈپٹی کمشنر حب ثنار احمد لانگو، ایس ایس ... بقیہ 39 صفحہ نمبر 7 پر

ایس ایس پی لورالائی کی ہدایت پر منشیات کے خلاف آپریشن کا آغاز

منشیات ایک ناسور اسکی روک تھام کیلئے کارروائیاں بلاتعطل جاری رہیں گی' ملک محمد اصغر

لورالائی (خ ن) ایس ایس پی لورالائی ملک محمد اصغر کے احکامات پر منشیات کی کاشت کے خلاف آپریشن کا آغاز کردیا گیا کلی پیرگون تنی میں ایس ڈی پی او کریم مندوخیل کی سربراہی میں ایس ایچ او صادق شہید صدر لورالائی محمد اکرم حمزہ زئی اور پولیس ٹیم نے کارروائی کرتے ہوئے افیون کی کاشت کرنے والوں کے خلاف آپریشن کیا کارروائی .... بقیہ 40 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ پولیس کی کارروائی' 10 افغان مہاجرین ڈی سی آفس کے حوالے

نان رجسٹرڈ غیر نمونہ نمبر پلیٹ والی موٹر سائیکلوں کیخلاف بھی کارروائی' 3 ملزمان گرفتار

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ پولیس کی جرائم پیشہ عناصر مطلوب و مفرور، اشتہاری ملزمان کی گرفتاری نان رجسٹرڈ غیر نمونہ نمبر پلیٹ والی موٹر سائیکلوں کے خلاف کارروائی کے دوران 3 ملزمان کو گرفتار کرلیا جبکہ 10 افغان مہاجرین کو ڈی سی آفس کے حوالے کیا اور سنیپ چیکنگ کے دوران 2 درجن کے قریب ان رجسٹرڈ اور غیر نمونہ پلیٹ والی موٹر سائیکلوں .... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

کوئٹہ: پشتونخوا میپ کے رہنما سید شراف آغا تحصیل کرانی کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

سوڈان میں ہولناک خونریزی' والدین کے سامنے سینکڑوں بچے قتل' ہزاروں افراد محصور

الفاشر اور اردگرد کے علاقوں میں اجتماعی قتل عام، جنسی تشدد، لوٹ مار اور اغوا کے واقعات بدستور جاری ہیں، میڈیا

جنگجوؤں نے عمر، نسل اور جنس کی بنیاد پر شہریوں کو الگ کیا، کئی افراد کو تاوان کے بدلے حراست میں رکھا، عینی شاہدین

درجنوں مقامات پر اجتماعی قبریں اور لاشیں دیکھی گئی، خانہ جنگی اب ملک کو مشرقی اور مغربی حصوں میں تقسیم کر چکی، ادارہ

خرطوم (م ڈ) سوڈان کے شہر الفاشر سے فرار ہونے والے عینی شاہدین نے انکشاف کیا ہے کہ نیم فوجی تنظیم ریپڈ سپورٹ فورسز (RSF) کے جنگجوؤں نے شہر پر قبضے کے دوران بچوں کو والدین کے سامنے قتل کیا، خاندانوں کو الگ کردیا، اور شہریوں کو محفوظ علاقوں میں جانے سے روک دیا۔ بین الاقوامی خبر رساں اداروں کے مطابق الفاشر میں اجتماعی قتل عام، جنسی تشدد، لوٹ مار اور اغوا کے واقعات بد........ بقیہ 42 صفحہ نمبر 7 پر

صدر ٹرمپ نے تارکین وطن کو ویزا دینے کی حد مقرر کردی

واشنگٹن (بیورو رپورٹ) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے مالی سال 2026 کیلئے تارکین وطن کو ویزا دینے کی حد مقرر کردی۔ آئندہ سال امریکا آنے والے صرف 7 ہزار 500 تارکین وطن ویزا کے اہل ہوں گے، 1980 کے ریفیوجی ایکٹ کے بعد پہلی بار اتنی کم ترین حد مقرر کی گئی۔

صحبت پور نامعلوم افراد نے دھان کی فصل کو آگ لگا دی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) صحبت پور کے قریب دھان کی فصل کو نامعلوم افراد نے آگ لگا دی پانچ ایکڑ پر مشتمل لاکھوں روپے کی فصل جل کر راکھ ہوگئی پولیس کے مطابق ضلع صحبت پور پولیس تھانہ کی حدود مری چیک پوسٹ کے مقام پر مقامی زمیندار میر جمعہ خان گاجانی اور میر ظفر اللہ گاجانی کی پانچ ایکڑ پر مشتمل دھان کی تیار فصل کو نامعلوم افراد نے مبینہ طور پر آگ لگا دی۔

صحافت پر دباؤ ڈالنا یا حق گوئی کو سزا دینا ناقابل قبول ہے، عالیہ حمزہ ملک

لاہور (بیورو رپورٹ) تحریک انصاف کی چیف آرگنائزر پنجاب عالیہ حمزہ ملک نے صحافیوں کے خلاف جرائم کے خاتمے کے عالمی دن پر پیغام میں کہا ہے کہ صحافیوں کے خلاف جرائم صرف افراد کے نہیں، بلکہ سچ، انصاف اور جمہوریت کے خلاف جرائم ہیں۔ جو صحافی ظلم، کرپشن اور ناانصافی کو بے نقاب کرتا ہے، وہ قوم کا ہیرو ہے۔ تحریک انصاف ہر اس آواز کے ساتھ کھڑی ہے جو سچ لکھتی اور بولتی ہے۔ صحافت پر دباؤ ڈالنا یا حق گوئی کو سزا دینا ناقابل قبول ہے۔ ہمارا عزم ہے کہ پاکستان میں کوئی بھی صحافی خوف کے سائے میں نہیں بلکہ آزادی اور عزت کے ساتھ کام کرے۔

پیپلز پارٹی انصاف اور قانون کی بالادستی کے لیے پرعزم ہے، بلاول

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے سندھ بار کونسل کے انتخابات میں پیپلز لائرز فورم کے حمایت یافتہ امیدواروں کی بھاری اکثریت سے کامیابی پر اظہار تشکر کرتے ہوئے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی ملک میں انصاف، جمہوری استحکام اور قانون کی بالادستی کے لیے پرعزم ہے۔ اپنے بیان میں بلاول بھٹو زرداری نے وزیر داخلہ ضیاء الحسن لنجار ایڈووکیٹ سمیت سندھ بار کے نومنتخب ممبران کو مبارکباد دیتے ہوئے سندھ بار کے انتخابات میں شاندار کامیابی پر پیپلز لائرز فورم کے عہدیداروں و کارکنوں کو بھی خراج تحسین پیش کیا۔ انہوں نے کہا کہ امید ہے

کارکن عوام کے درمیان رہ کر ہراول دستے کا کردار ادا کریں' پشتونخوا نیپ

پارٹی کارکنوں کو ہر حال میں تنظیمی ڈسپلن کی پابندی کرنی ہوگی' نصر اللہ خان زیرے

کوئٹہ (آن لائن) پشتونخوا نیشنل عوامی پارٹی کے صوبائی صدر نصر اللہ خان زیرے نے پارٹی ضلع کوئٹہ کی ضلعی کمیٹی کے ماہانہ اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پارٹی میں بنیادی اہمیت تنظیمی ڈھانچے کی ہوتی ہے، اور انقلابی اور نظریاتی پارٹی و تنظیم کے کارکنوں کو اپنے عوام کے درمیان رہ کر ان کے مسائل اور مشکلات حل کرنے کیلئے ہراول دستے کا .... بقیہ 61 صفحہ نمبر 7 پر

راحب بلیدی وکلاء کی قیادت کا فریضہ سرانجام دیں گے' امان اللہ کنرانی

بلوچستان کے ساتھیوں کو پینل کی وابستگی سے بالاتر مبارکباد پیش کرتے ہیں' سابق صدر سپریم کورٹ بار

کوئٹہ (آن لائن) سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے سابق صدر امان اللہ کنرانی نے بلوچستان سمیت ملک بھر میں ہفتہ یکم نومبر کو صوبائی بار کونسلوں کے انتخابات خوشگوار، پرامن و دوستانہ ماحول میں منعقد ہونے اور جمہوری عمل کو مکمل کرنے کو خوشگوار قرار دیا ہے تاہم اس کے نتائج نے سابقہ بار کونسلوں کی کارکردگی و پالیسوں پر وکلاء کی جانب سے عد .... بقیہ 62 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت بنیادی ڈھانچے کی مضبوطی پر بھرپور توجہ دے رہی ہے' صوبائی وزیر صحت

سپنی روڈ ٹراما سینٹر کی تکمیل سے ایمرجنسی کیسز کے فوری علاج میں نمایاں بہتری آئے گی' بخت محمد کاکڑ

کوئٹہ (خ ن) صوبائی وزیر صحت بلوچستان بخت محمد کاکڑ نے سپنی روڈ کوئٹہ پر زیر تعمیر ٹراما سینٹر کا تفصیلی دورہ کیا اس موقع پر ایڈیشنل سیکرٹری صحت شہک بلوچ، سی اینڈ ڈبلیو (C&W) کے افسران اور متعلقہ محکموں کے نمائندگان بھی صوبائی وزیر کے ہمراہ موجود تھے دورے کے دوران صوبائی وزیر صحت نے تعمیراتی کاموں کا جائزہ لیا اور متعلقہ حکام کو ہدا........ بقیہ 63 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر: گورنمنٹ گرلز ڈگری کالج کی طالبات کو بلیو اکانومی کے حوالے سے آگاہی دی جارہی ہے

ٹراما سینٹر سپنی روڈ تکمیل کے آخری مراحل میں' افتتاح بلاول بھٹو زرداری کریں گے

نئے ٹراما سینٹر کو لیبارٹری، سٹی اسکین اور جدید مشینری سے آراستہ کیا جارہا ہے' ایم ڈی ڈاکٹر ارباب کامران

کوئٹہ (این این آئی) کوئٹہ کے سپنی روڈ پر تعمیر کئے جانے والا نیا ٹراما سینٹر تکمیل کے آخری مراحل میں داخل، نئے ٹراما سینٹر کا افتتاح پندرہ نومبر تک متوقع ہے ایم ڈی ٹراما سینٹر سول ہسپتال ڈاکٹر ارباب کامران نے بتایا کہ کوئٹہ کے سپنی روڈ پر تعمیر کئے جانے والا نیا ٹراما سینٹر میں ابتدائی طور پر 120 زخمیوں کی گنجائش ہے جسے بڑھا کر 200 تک .... بقیہ 43 صفحہ نمبر 7 پر

گوادر' میجر جنرل حبیب نواز کا تاریخی عمانی قلعے کا دورہ

جی او سی 44 اسپیشل سیکیورٹی ڈویژن پاکستان آرمی گوادر نے تعمیراتی منصوبوں کا جائزہ لیا

گوادر (خ ن) میجر جنرل حبیب نواز، جی او سی 44 اسپیشل سیکیورٹی ڈویژن پاکستان آرمی گوادر، نے ڈائریکٹر جنرل گوادر ڈویلپمنٹ اتھارٹی معین الرحمان خان کے ہمراہ تاریخی عمانی قلعے کا دورہ کیا۔ اس موقع پر میجر جنرل حبیب نواز نے عمانی قلعے کے مختلف حصوں، وہاں قائم میوزیم اور جی ڈی اے کی جانب سے جاری ترقیاتی، بحالی اور تحفظ کے کاموں کا تفصیلی جائزہ لیا چیف انجینئر جی ڈی اے حاجی سید محمد اور عسکری افسران بھی دورے کے دوران مو........ بقیہ 44 صفحہ نمبر 7 پر

کیو ایم سی کا فائر فائٹنگ کا شعبہ متحرک ہے' مجیب الرحمان قمبرانی

فائر فائٹرز نے نواں کلی میں شہریوں کو بڑے نقصان سے بچایا' ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کوئٹہ

کوئٹہ (آن لائن) ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ مجیب الرحمان قمبرانی نے کہا ہے کہ کیو ایم سی کا فائر فائٹنگ کا شعبہ انتہائی متحرک ہے جو کسی بھی ناخوشگوار واقعہ پر فوری اقدامات کرتا ہے فائر فائٹرز نے انتہائی جرات، پیشہ ورانہ مہارت اور فرض شناسی کا مظاہرہ کرتے ہوئے اپنی جانوں کو خطرے میں ڈال کر آگ کے کئی واقعات پر قابو پایا یہ باتیں انہوں نے نواں کلی میں ہونے والی آتشزدگی پر قابو پانے کے دوران زخمی ہونے والے فا........ بقیہ 45 صفحہ نمبر 7 پر

بدامنی عام ہوگئی ہے لوگوں کی جان و مال محفوظ نہیں' نیشنل پارٹی

نیشنل پارٹی نہ ساحل و سائل پہ سمجھوتہ کریگی نہ ہی قومی جمہوری سیاست سے دستبردار ہوگی، اسلم بلوچ

نصیر آباد میں لوگوں کو ان کے آباؤاجداد کے زمینوں سے بے دخل کرنے کے سازشیں کامیاب نہیں ہونگی

جعفر آباد (این این آئی) نیشنل پارٹی نصیر آباد ریجن کا ریجنل ورکرز کنونشن میونسپل کارپوریشن ہال ڈیرہ اللہ یار میں صوبائی صدر چیئرمین اسلم بلوچ کی صدارت میں منعقد ہوا۔ مہمان خاص مرکزی سیکریٹری جنرل کبیر احمد محمد شہی تھے۔ اجلاس کا باقاعدہ آغاز پاک کتاب کی تلاوت سے ہوا جس کی سعادت مولوی عبدالوہاب بلوچ نے حاصل کی۔ افتتاحی کلمات ضلعی صدر جعفر آباد عبدالحکیم بلوچ ادا کیے۔ اس کے بعد مرکزی رہنماء راحب بلیدی ایڈووکیٹ، یار محمد ہنگورگی، رستم خان کھوسہ، نواز بلیدی، دولت دیناری، امان اللہ خلجی، جا گن خان مغیر .... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

چیئرمین گوادر پورٹ نورالحق بلوچ میری ٹائم ویک کی تقریب میں شریک طالبات اور اساتذہ سے خطاب کر رہے ہیں

کچھی' قبائل میں مسلح تصادم کے نتیجے میں 1 شخص ہلاک

پولیس نے مقدمہ درج کرکے ملزمان کی گرفتاری کیلئے کوششیں تیز کر دی

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) ضلع کچھی بھاگناڑی تھانے کی حدود میں دو قبائل کے درمیان مسلح تصادم فائرنگ سے ایک شخص ہلاک پولیس موقع پر پہنچ کر حالات پر قابو پالیا پولیس کے مطابق ضلع کچھی پولیس تھانہ بھاگناڑی کی حدود غازی گاؤں کمب کے مقام پر دیرینہ اراضیات کے تنازعے پر دو قبائل کے درمیان مسلح تصادم فائرنگ سے ایک شخص ہلاک ہوگیا واقع کی اطلاع پر پولیس جائے وقوع پہنچ کر حالات پر قابو پا کر لاش کو اپنی تحویل میں........ بقیہ 46 صفحہ نمبر 7 پر

عوام کے جائز مسائل کے حل کیلئے ہرممکن کوشش کرینگے' علی محمد جتک

پیپلز پارٹی عوام کی خدمت پر یقین رکھتی' قیادت چاہتی ہے بلوچستان میں ترقیاتی منصوبوں کے ذریعے حقیقی تبدیلی لائی جائے' رکن اسمبلی

پارٹی کو صوبے میں مزید مضبوط بنانے کیلئے تمام رہنماء اور کارکنان متحد رہیں' رہائش گاہ پر قبائلی عمائدین سے گفتگو

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنماء و رکن بلوچستان اسمبلی حاجی علی مدد جتک سے گزشتہ روز ان کی رہائش گاہ پر قبائلی عمائدین، پارٹی رہنماؤں اور عوامی نمائندوں کی ایک بڑی تعداد نے ملاقات کی۔ اس موقع پر علاقے کے مختلف مسائل، ترقیاتی منصوبوں اور عوامی فلاح و بہبود سے متعلق تفصیلی گفتگو ہوئی۔ ملاقات کے دوران لوگوں نے حاجی علی مدد جتک کو اپنے مسائل سے آگاہ کیا جن میں پینے کے صاف پانی کی فراہمی، سڑکوں کی خستہ حالی، تعلیمی اداروں کی بحالی، صحت کی سہولیات کی فراہمی اور دیگر بنیا........ بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر



گوادر: میجر جنرل حبیب نواز عمانی قلعہ کا معائنہ کر رہے ہیں، ڈی جی جی ڈی اے معین الرحمان بھی انکے ہمراہ ہیں

دینی مدارس و علماء نے ملک کی خدمت میں نمایاں کردار ادا کیا' حافظ حمد اللہ

مدارس کی خودمختاری اور آزادی دینی اقدار کے تحفظ کی ضمانت ہے' مرکزی رہنماء جمعیت

کوئٹہ (آئی این پی) جمعیت علماء اسلام کے مرکزی رہنماء مولانا حافظ حمد اللہ نے کہا ہے کہ دینی مدارس اور علماء کرام نے ہمیشہ دین ملک اور معاشرے کی خدمت میں نمایاں کردار ادا کیا ہے مدارس کی خودمختاری اور آزادی دینی اقدار کے تحفظ کی ضمانت ہے یہ مدارس دینیہ نہ صرف قرآن و سنت کی تعلیم کے مراکز ہیں بلکہ ملک میں امن، اخوت، کردار سازی اور خدمت خلق کے مضبوط قلعے بھی ہیں ان خیالات کا اظہار انہوں نے گزشتہ روز مدرسہ .... بقیہ 48 صفحہ نمبر 7 پر

ہم ہمیشہ مظلوم عوام کیساتھ کھڑے رہے ہیں' اے این پی

شہداء کی قربانیاں پشتون قوم کی بقاء اور آزادی کی علامت' اکابرین کے مشن کی تکمیل کیلئے کسی قربانی سے دریغ نہیں کیا جائے گا' مابت کاکا

23 نومبر کچلاک میں شہداء وطن شہید خان جیلانی خان اچکزئی شہید اسد خان اچکزئی کی یاد میں جلسہ عام دور رس اثرات کا حامل رہے گا' امان اللہ خان کاکڑ

قلعہ سیف اللہ (آن لائن) عوامی نیشنل پارٹی کے رہنماؤں نے کہا ہے کہ جب بھی امریکہ بہادر اور یہاں کی بالادست اشرافیہ ایک دوسرے کے ساتھ سرگوشیاں کرنے لگتی ہیں ان کے منفی اثرات ہمیشہ پشتون قوم اور پشتونخوا وطن پر پڑتے ہیں حالیہ نئی صف بندی میں افغان عوام کو ایک بار پھر آگ کے ایندھن کے طور پر استعمال کرنے کی سازشیں کی جا رہی ہیں جو خطے کے امن و استحکام کیلئے خطرناک ہیں عوامی نیشنل پارٹی ہمیشہ مظلوم اور بے گھر عوام کے ساتھ کھڑی ہے شہدائے وطن کی انمٹ قربانیوں کو رہتی دنیا تک یاد رکھا جائے گا ان کی قربانیاں دراصل .... بقیہ 51 صفحہ نمبر 7 پر

2025 کی پہلی ششماہی، غیرملکی سرمایہ کاری میں مسلسل کمی کا رجحان برقرار

تجارتی تنازعات، زیادہ شرح سود اور عالمی سطح پر غیر یقینی سیاسی حالات بڑی وجوہات

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) سال 2025 کی پہلی ششماہی میں عالمی غیرملکی سرمایہ کاری (ایف ڈی آئی) میں 3 فیصد کمی ریکارڈ کی گئی ہے، میڈیا رپورٹ کے مطابق یہ بات اقوام متحدہ کے ادارے کانفرنس آن ٹریڈ اینڈ ڈیولپمنٹ کی نئی رپورٹ میں بتائی گئی ہے۔ رپورٹ کے مطابق سال 2025 کی پہلی ششماہی میں ایف ڈی آئی میں 3 فیصد کمی ہوئی ہے۔ یہ کمی پچھلے دو سال سے جاری گراوٹ کا حصہ ہے، رپورٹ میں بتایا گیا ہے کہ اس کی بڑی وجوہات .... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت نے ہمیشہ اتحاد، امن اور قومی یکجہتی کا پیغام دیا' مولانا عبدالواسع

بلوچستان کی موجودہ سیاسی و معاشی صورتحال نہایت نازک بدامنی، کرپشن اور بے روزگاری عروج پر عوام بے چین ہیں' صوبائی امیر جمعیت

جمعیت ایک سیاسی جماعت نہیں بلکہ نظریاتی تحریک ہے' دینی مدارس اس ملک کی نظریاتی اساس اور ملت اسلامیہ کے قلعے ہیں

تمام رہنماؤں اور کارکنان باہمی اتحاد، نظم و ضبط اور استقامت کے ساتھ جماعتی اہداف کی تکمیل کیلئے جدوجہد کریں' مجلس عاملہ کے اجلاس سے خطاب

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام بلوچستان صوبائی مجلس عاملہ کا اجلاس صوبائی امیر سینیٹر مولانا عبدالواسع کی زیر صدارت صوبائی سیکرٹریٹ شہباز ٹاؤن کوئٹہ میں منعقد ہوا اجلاس میں صوبے کی مجموعی سیاسی، سماجی اور امن و امان کی صورتحال پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا تنظیمی امور کا بغور جائزہ لیتے ہوئے متعدد اہم فیصلے بھی کئے گئے اس موقع پر مدارس دینیہ کی رجسٹریشن کے حوالے سے تمام پہلوؤں پر تفصیلی تبا........ بقیہ 66 صفحہ نمبر 7 پر

مشترکہ لائحہ عمل کے تحت بانی پی ٹی آئی کو رہا کروائیں گے، سہیل آفریدی

کارکنان کا جذبہ عمران خان سے والہانہ محبت کا عکاس ہے، وزیراعلیٰ خیبر پختونخواہ

پشاور (م ڈ) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی کا کہنا ہے کہ مشترکہ لائحہ عمل کے تحت بانی پاکستان تحریک انصاف عمران خان کو رہا کروائیں گے۔ وزیراعلیٰ سہیل آفریدی سے پی ٹی آئی سندھ کے کارکنان و دیگر نے ملاقات کی۔ وفد کی سربراہی سندھ سے سابق ایم این اے سیف الرحمان کر رہے تھے۔ وفد نے سہیل آفریدی کو وزارت اعلیٰ کا منصب .... بقیہ 52 صفحہ نمبر 7 پر

شاہ محمود سے موجودہ قیادت کی ملاقات نہ کرنا غلط بیانی ہے، وقاص اکرم

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف کے رہنما شیخ وقاص اکرم اپنی پارٹی کی موجودہ قیادت پر سابق پارٹی رہنماؤں کی جانب سے کی گئی تنقید پر برس پڑے۔ نجی ٹی وی کے مطابق شیخ وقاص نے سابق پی ٹی آئی رہنماؤں کی تنقید کو پراپیگنڈا قرار دیا اور کہا کہ پچھلے ڈیڑھ سال میں ایسی کوششوں کو پزیرائی نہیں ملی ہے

میکسیکو، دھماکے کے بعد خوفناک آتشزدگی، 22 افراد ہلاک

ہرموسلو میں سپر اسٹور میں دھماکا ٹرانسفارمر پھٹنے سے ہوا، پولیس

میکسیکو (م ڈ) میکسیکو ریاست سنورا میں سپر مارکیٹ میں دھماکے سے کم از کم 22 افراد ہلاک اور 13 زخمی ہوگئے۔ غیرملکی میڈیا کے مطابق ابتدائی طور پر سامنے آنے والی معلومات کے مطابق ریاست سنورا کے علاقے ہرموسلو میں سپر اسٹور میں دھماکا ٹرانسفارمر پھٹنے سے ہوا، دھماکے کے وقت عوام کی بڑی تعداد اسٹور میں موجود تھی۔ میڈیا رپورٹس کے مطابق دھماکے کے بعد اسٹور میں آگ بھڑک اٹھی جس سے پورے اسٹور کو اپنی لپیٹ میں لے لیا، دھماکے اور .... بقیہ 50 صفحہ نمبر 7 پر

صحافی اور پالیسی ماہر مشرف زیدی وزیراعظم کے ترجمان برائے غیرملکی میڈیا مقرر

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صحافی اور پالیسی ماہر مشرف زیدی کو وزیراعظم شہباز شریف کا غیرملکی میڈیا کے لیے ترجمان مقرر کردیا گیا۔ وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے ایکس پر مشرف زیدی کی تقرری کا نوٹیفکیشن شیئر کیا، جس میں کہا گیا ہے کہ یہ تقرری وزیراعظم کے 4 جون کے ای نمبر کے سابق احکامات اور کابینہ ڈویژن کے سرکلر نمبر 2-3/2024-Min-I مورخہ 10 جون کو منسوخ کرتے ہوئے کی گئی ہے۔ نوٹیفکیشن میں لکھا گیا کہ مشرف علی زیدی کو وزیراعظم کا غیرملکی میڈیا کے لیے ترجمان فوری طور پر اور اگلے احکامات تک کے لیے تعینات کیا جاتا ہے۔

پاکستان اور کینیڈا کا ہائبرڈ بیج کی افزائش میں تعاون بڑھانے پر غور

لائیو اسٹاک کی افزائش اور فیڈ فارمولیشن کے ذریعے ترقی کے مواقع پیدا ہونگے

اسلام آباد (شاکر رحمان سے) پاکستان اور کینیڈا نے ہائبرڈ بیج، لائیو اسٹاک کی افزائش اور فیڈ فارمولیشن میں تعاون بڑھانے پر غور شروع کر دیا۔ پاکستان اور کینیڈا کے درمیان زرعی تعاون کے فروغ پر اتفاق کیا گیا ہے جس کے لیے ایس آئی ایف سی زرعی شعبہ میں ترقی اور جدت کے لیے کوشاں ہیں۔ وفاقی وزیر برائے غذائی تحفظ رانا تنویر حسین .... بقیہ 65 صفحہ نمبر 7 پر

صدر زرداری دوسری عالمی سماجی ترقیاتی کانفرنس میں شرکت کریں گے

اجلاس اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے زیر اہتمام 4 تا 6 نومبر کو دوحہ میں منعقد ہوگا، اعلامیہ

اسلام آباد (بیورو رپورٹ) صدر مملکت آصف علی زرداری قطر میں ہونے والی دوسری عالمی سماجی ترقیاتی کانفرنس میں شرکت کریں گے۔ یہ اجلاس اقوام متحدہ کی جنرل اسمبلی کے زیر اہتمام 4 تا 6 نومبر کو دوحہ میں منعقد ہوگا۔ صدر آصف علی زرداری سماجی ترقی، روزگار کے مواقع کے فروغ، اور جامع معاشی نمو کے لیے پاکستان کے عزم کو اجاگر کریں گے۔ صدر........ بقیہ 53 صفحہ نمبر 7 پر

جمعیت کوئٹہ کی مجلس عاملہ کے تعارفی اجلاس سے سینیٹر مولانا عبدالواسع، مولانا عبدالرحمن رفیق، مولانا حسین احمد شرودی و دیگر خطاب کر رہے ہیں

پنجاب میں دفعہ 144 کے نفاذ میں مزید 7 روز کی توسیع

جلسے، جلوس، ریلیوں، دھرنوں، اجتماع جیسی تمام سرگرمیوں پر پابندی برقرار

لاہور (بیورو رپورٹ) محکمہ داخلہ پنجاب نے صوبہ بھر میں دفعہ 144 کے نفاذ میں 7 یوم کی توسیع کر دی، پنجاب میں ہر قسم کے احتجاج، جلسے، جلوس، ریلیوں، دھرنوں، اجتماع اور ایسی تمام سرگرمیوں پر پابندی برقرار ہے جبکہ دفعہ 144 کے تحت 4 یا زائد افراد کے عوامی مقامات پر جمع ہونے پر مکمل پابندی ہوگی۔ ترجمان محکمہ داخلہ پنجاب کے مطابق پنجاب بھر........ بقیہ 67 صفحہ نمبر 7 پر

پاک۔امریکہ بزنس کانفرنس اینڈ ایکسپو 2025 کا افتتاح

مضبوط معاشی و تجارتی تعلقات پائیدار پاک امریکہ تعلقات کی ضمانت ہوں گے، رضوان سعید

واشنگٹن ڈی سی (م ڈ) امریکہ میں پاکستان کے سفیر رضوان سعید شیخ نے ریاست ورجینیا میں پاک۔امریکہ جوائنٹ بزنس کانفرنس اینڈ ایکسپو 2025 کا افتتاح کیا جس میں دونوں ملکوں کے درمیان دیرپا شراکت داری استوار کرنے میں معاشی تعاون کی کلیدی اہمیت پر زور دیا گیا۔ یہ تقریب برین ڈیزائنر پاکستان، راولپنڈی چیمبر آف سمال ٹریڈرز اینڈ سمال انڈسٹریز اور یو ایس پاکستان انٹرنیشنل چیمبر آف کامرس (یو ایس پی آئی سی سی) کے تعاون سے منعقد کی گئی

نوشکی' ٹریفک حادثے میں خاتون جاں بحق' 1 شخص زخمی

مقامی انتظامیہ موقع پر پہنچ گئی' نعش اور زخمی ہسپتال منتقل' مزید کارروائی جاری ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) نوشکی کے علاقے میں حادثے کے نتیجے میں خاتون جاں بحق جبکہ ایک شخص زخمی ہوگیا تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز نوشکی کے علاقے میں حادثے کے دوران ایک خاتون جاں بحق جبکہ ڈاکٹر وسیم باری زخمی ہوگئے حادثے کی اطلاع ملتے .... بقیہ 68 صفحہ نمبر 7 پر

پی ٹی آئی کا پنجاب لوکل گورنمنٹ بل ہائیکورٹ میں چیلنج کرنے کا اعلان

غیر جماعتی نظام سیاسی جماعتوں کا کردار کمزور کرے گا، درخواست گزار اعجاز شفیع کا مؤقف

لاہور (بیورو رپورٹ) پاکستان تحریک انصاف نے پنجاب لوکل گورنمنٹ بل 2025، کو لاہور ہائیکورٹ میں چیلنج کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ اس سلسلے میں پی ٹی آئی کے رکن پنجاب اسمبلی اعجاز شفیع نے کہا ہے کہ کل بل کے خلاف درخواست دائر کی جا رہی ہے۔ .... بقیہ 54 صفحہ نمبر 7 پر

حکمرانوں نے ملکی سلامتی اور خودمختاری کو داؤ پر لگا دیا' جمعیت نظریاتی

ملک میں سفید پوش مڈل کلاس سمیت غرباء مہنگائی کے ہاتھوں اذیت ناک زندگی گزارنے پر مجبور ہیں' مولانا عبدالقادر لونی' مفتی شفیع الدین

حکومت عوام کو صرف ترقی و خوشحالی کے جھوٹے وعدوں سے ٹرخارہی ہے' مولانا عبدالرؤف' مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ' نجیم خان ایڈووکیٹ

کوئٹہ (آن لائن) جمعیت علماء اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مولانا عبدالقادر لونی مرکزی جنرل سیکرٹری مفتی شفیع الدین مرکزی نائب امیر مولانا عبدالرؤف سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدیٰ، مرکزی ڈپٹی جنرل سیکرٹری نجیم خان ایڈووکیٹ مرکزی جوائنٹ سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی مولانا سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ مرکزی ڈپٹی سیکرٹری مالیات مفتی فدا الرحمان ودیگر نے کہا کہ حکومت نے استحصالی پالیسیوں سے ملک کا بیڑا غرق کردیا ملک کی سلامتی اور خودمختاری کو داؤ پر لگا........ بقیہ 56 صفحہ نمبر 7 پر

بلیدہ کے علاقے سے 2 افراد کی نعشیں برآمد

نعشوں کی شناخت صادق اور باہڈ کے نام ہوئی' مزید تحقیقات پولیس کر رہی ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بلیدہ کے علاقے سے 2 افراد کی نعشیں برآمد پولیس کے مطابق گزشتہ روز پولیس کو اطلاع ملی تھی کہ بلوچستان کے علاقے بلیدہ جاڑین میں نعشیں پڑی ہوئی ہیں جن کی شناخت صادق اور باہڈ کے نام ہوئی پولیس کے مطابق ایک نعش .... بقیہ 55 صفحہ نمبر 7 پر

بھاگ' جھگڑے کے دوران فائرنگ سے 1 شخص ہلاک

نعش ضروری کارروائی کے بعد ورثاء کے حوالے' مزید کارروائی مقامی انتظامیہ کررہی ہے

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) بھاگ کے علاقے میں فائرنگ سے ایک شخص ہلاک ہوگیا۔ تفصیلات کے مطابق گزشتہ روز بھاگ کے علاقے میں جھگڑے کے دوران فائرنگ سے شوکت نامی نوجوان ہلاک ہوگیا نعش ہسپتال منتقل کردی گئی نعش ضروری کارروائی کے بعد ور........ بقیہ 69 صفحہ نمبر 7 پر

صوبائی وزیر بخت محمد کاکڑ زیر تعمیر ٹراما سنٹر کا معائنہ کر رہے ہیں، ایڈیشنل سیکرٹری صحت شہک بلوچ و دیگر بھی ہمراہ ہیں

سہیل آفریدی 9 مئی واقعات میں ملوث ہیں، اختیار ولی خان

وزیراعلیٰ کی مزید ویڈیوز بھی ہمارے پاس ہیں، جو ہم بعد میں دکھائیں گے، میڈیا سے گفتگو

نوشہرہ (بیورو رپورٹ) وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر برائے سیاسی امور اختیار ولی خان نے 9 مئی کے واقعات سے متعلق ایک نئی ویڈیو منظر عام پر لے آئے، جس پر انہوں نے بتایا کہ وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی نے بلوائیوں کی قیادت کی اور ریاستی اداروں پر حملے کرائے۔ نوشہرہ میں میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے وزیراعظم کے کوآرڈینیٹر اختیار ولی خان نے کہا کہ وفاقی وزیر اطلاعات عطاء اللہ تارڑ نے پہلے ہی دن واضح کردیا تھا کہ و........ بقیہ 57 صفحہ نمبر 7 پر

ایم پی اے حاجی علی مدد جتک سے انکی رہائش گاہ پر علاقہ وفود ملاقات کر رہے ہیں

27 ویں ترمیم پر کام شروع نہیں ہوا، جب آئیگی تو ڈنکے کی چوٹ پر آئیگی' بیرسٹر عقیل

27 ویں ترمیم لائیں گے، یہ ہمارا استحقاق ہے، اپوزیشن سے اتفاق رائے نہیں ہوتا تو بھی ہمارے پاس نمبرز موجود ہیں

قومی اسمبلی میں نئے قائد حزب اختلاف کا تقرر ہونے کے بعد نئے چیف الیکشن کمشنر آجائیں گے، وزیر مملکت کا بیان

اسلام آباد (زاہد احمد خان) وزیر مملکت قانون و انصاف بیرسٹر عقیل نے کہا ہے کہ ابھی 27 ویں ترمیم پر کام شروع نہیں ہوا، 27 ویں ترمیم جب بھی آئے گی تو ڈنکے کی چوٹ پر آئے گی، 27 ویں ترمیم لائیں گے اور یہ ہمارا استحقاق ہے۔ اپنے ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ پیر کے روز سینیٹ اور قومی اسمبلی کا اجلاس نہیں ہو رہا، 26 ویں ترمیم اسی پارلیمنٹ نے کی، 27 ویں بھی یہی کرے گی، اس معاملے پر سیاسی جماعتوں کو اتفاق کرنا چاہئے کیوں کہ لوکل گورنمنٹ سٹرکچر کو مضبوط کرنے کی ضرورت ہے، 140 اے میں بہتری کی ضرورت ہے۔ انکا .... بقیہ 59 صفحہ نمبر 7 پر

ٹیکس کے بغیر حکومت ترقیاتی کام نہیں کرسکتی، احسن اقبال

حکومت کی کوشش ہے کہ ملک میں بجلی، گیس اور توانائی کے بحران پر قابو پائیں

حکومت کے پاس پیسے چھاپنے کی کوئی مشین نہیں، وفاقی وزیر کا تقریب سے خطاب

نارووال (بیورو رپورٹ) وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے کہا ہے کہ جس جذبے سے ہماری افواج دہشت گردی کیخلاف جنگ میں جانوں کا نذرانہ دے رہی ہیں، ملکی معاشی بہتری کے لیے کردار ادا کیا تو یہ فورسز کی قربانیوں کے صلے میں ان سے زیادہ ہوگی۔ وفاقی وزیر منصوبہ بندی احسن اقبال نے نارووال میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کی معیشت بحالی کی جانب گامزن ہے، ہمیں بھرپور جذبے سے ملکی معیشت کی بہتری کے لیے کردار ادا کرنا ہے، حکومت کی کوشش ہے کہ ملک میں بجلی، گیس اور توانائی کے .... بقیہ 58 صفحہ نمبر 7 پر

حکومت کے ناروا اقدامات جاری' عوام مشکلات سے دوچار ہیں' پشتونخوا میپ

کوئٹہ شہر کی لاکھوں کی آبادی کیلئے مخصوص سڑکوں کی آئے روز ٹریفک کیلئے بندش قابل تشویش امر ہے' سید شراف آغا

2 دسمبر کا جلسہ ملک میں آئین کی بالادستی کی جاری تحریک کو مزید تقویت بخشے گا' کرانی علاقائی یونٹ کانفرنس سے رہنماؤں کا خطاب

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سینئر نائب صدر و ضلع کوئٹہ کے سیکرٹری سید شراف آغا نے کہا ہے کہ 2 دسمبر کا جلسہ ملک میں آئین کی بالادستی کی جاری تحریک کو مزید تقویت بخشے گا پشتونخوا میپ کے محبوب چیئرمین ملی مشر محمود خان اچکزئی کی قیادت میں تحریک تحفظ آئین پاکستان ملک کے آئین کو تحفظ دینے کے لئے جدوجہد کررہی ہے اور اس جدوجہد میں پارٹی کے تمام کارکنوں نے فعال کردار ادا کرنا ہوگا۔ برصغیر پاک و ہند اور پشتونخوا وطن کی آزادی کی عظیم رہنماء خان شہید عبدالصمد خان اچکزئی کے شہادت کی 52 ویں .... بقیہ 70 صفحہ نمبر 7 پر